

سچی کہانیاں آپ بیتیاں جگ بیتیاں

# ماہنامہ سرگزشت کراچی

مئی 2016

نگرانِ اعلیٰ
معراج رسول

احوالِ نظر: ایک شاعرِ خوشنوا کا زندگی نامہ

ملکہ رنج: گلگت کی ایک باہمت دوشیزہ کا تذکرۂ خاص

معصوم مجرمہ: اس باپ کی روداد جو اپنی ہی بیٹی کو جرم کی راہ پر لے گیا

READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM
پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

سرگزشت 15
## جاہلِ مطلق
ادارہ
ایک صفحے میں مکمل ایک نادر روزگار کا تعارفِ خاص

گفت و شنید 16
## شہرِ خیال
مدیر اعلیٰ
آپ کی باتیں، آپ کے مشورے اور آپ کے سوال

شخصیت 24
## احوالِ نظر
ڈاکٹر ساجد امجد
لوگوں نے شاعر کا جنازہ پڑھانے سے انکار کر دیا تھا

واقعات 46
## ملکۂ رنج
سلمیٰ اعوان
ایک باہمت دوشیزہ کی روداد پراثر

سیر پاکستان 63
## شمشال سے ٹورنٹو
ندیم اقبال
جنت نظیر ارضِ وطن کے حسن کا بیان

ہماری دنیا 84
## احتجاج
کشمالہ حسن
دنیا بھر میں ہونے والے مشہور احتجاج کا ذکر

طریقہ علاج 89
## علاج
رابعہ خالد
اس نے نہایت انوکھے انداز میں علاج کیا

انسانی نفسیات 96
## خواب
شیراز خان
خوابوں کی دنیا کے اسرار کی روداد

تاریخ 100
## تاریخ عالم
منظر امام
کرۂ ارض پر ہونے والی تبدیلیوں پر ایک نظر

معلومات 107
## چاند ستارے سیارے
الطاف شیخ
افلاک کے جھومر ستارے سیاروں کا تذکرہ

فلم نگری 116
## ذرہ بنا آفتاب
انور فرہاد
اپنی محنت سے زندگی کو درخشاں بنانے والوں کا تذکرہ

تحریر خاص 137
## مئی کی شخصیت
صائمہ اقبال
اس ماہ کے حوالے سے اہم شخصیات کا ذکرِ خاص

حادثہ 150
## المناک
کاشف زبیر
دنیا کے مشہور ہوائی حادثوں میں سے ایک کا تذکرہ

معاشرت 170
## سراب
بلند حوصلوں اور بے مثل ولولوں سے گندھی تہلکہ خیز داستان

پہلی سچ بیانی 204
## معصوم مجرمہ
رشید احمد
وہ اپنی معصوم بیٹی سے جرم کراتا تھا

دوسری سچ بیانی 223
## بددعا
جمیل احمد
ایک عورت کی لغزش کا فسانۂ عبرت

تیسری سچ بیانی 233
## آدھا سچ
محمد کبیر عباسی
دورِ حاضر کے میڈیا کی ایک جھلک

چوتھی سچ بیانی 237
## فیس بک والی
اکبر بخاری
عبرت و نصیحت بھری دلچسپ روداد

پانچویں سچ بیانی 242
## امانت
شائستہ
جان دے کر احسان چکانے والی کی داستان

چھٹی سچ بیانی 255
## نصیحت
حسن رزاقی
مغربی معاشرے میں کس طرح والدین رل رہے ہیں

ساتویں سچ بیانی 263
## ہمتِ مرداں
وحید ریاست بھٹی
ایک باہمت نوجوان کی قسمت بدلنے کا قصہ

آٹھویں سچ بیانی 269
## جزائے خیر
ناظم بخاری
دل کو چھو لینے والی سچ بیانی

نویں سچ بیانی 276
## انجام
شبانہ
اس نے خود ہی اپنی زندگی برباد کر لی

سوغات **
## پارچے
قارئین / ادارہ
دنیا بھر کے مختلف موضوعات پر معلومات انکشافاتی پارچے



ماہنامہ سرگزشت میں شائع ہونے والی ہر تحریر کے جملہ حقوق طبع و نقل بحق ادارہ محفوظ ہیں، کسی بھی فرد یا ادارے کے لیے اس کے کسی بھی حصے کی اشاعت یا کسی بھی طرح کے استعمال سے پہلے تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔ بصورت دیگر ادارہ قانونی چارہ جوئی کا حق رکھتا ہے۔
✿ تمام اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں۔ ادارہ اس معاملے میں کسی بھی طرح ذمے دار نہ ہوگا۔

قرآن حکیم کی مقدس آیات و احادیث نبوی آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لیے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے لہٰذا جن صفحات پر آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

اچانک اموات سے براہِ راست متاثر ہوئے۔ یہ صحیح ہے کہ تقدیر کے لکھے کو ٹالا نہیں جاسکتا لیکن شکوہ زبان پر ضرور آجاتا ہے کہ ابھی موت ٹل جاتی تو کیا جاتا تھا۔ اب کی بار اپریل کی شخصیات میں سب ہی محترم اور قابلِ فخر ہیں اور یہ سلسلہ اپنی مقبولیت کے ساتھ قارئین کی مکمل توجہ اور مطالعہ میں ہے۔ اس بار کی ''سراب'' لکھنے والے مصنف بڑی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ روانی میں کوئی فرق نہیں آیا۔ انشاء اللہ یہ شاہکار کہانی کامیابی سے اپنے اختتام تک پہنچے گی۔ سفیر پارٹی کی وادی میں آمد سے کئی موڑ آسکتے تھے لیکن شاید موجودہ حالات میں کہانی کو سمیٹنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ دیکھیں اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ ''سراب'' کے بعد میرا پسندیدہ سلسلہ سچ بیانیاں ہیں۔ ''تعلیم و تربیت'' اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے۔ سونیا جیسی لڑکی افسانوں یا خوش قسمت گھرانوں میں ہی مل سکتی ہے جس کو ایسی شریکِ حیات مل جائے تو کیا کہنے۔ جیسی تربیت اس نے اولاد کی کی، دیگر گھریلو ذمے داریاں بااحسن طریقے سے نبھائیں کافی مشکل اور صبر آزما کام تھا۔ ہر لمحہ بچوں کو نظر میں رکھنا، ادب و آداب، بات چیت، رہنے اور دوسروں سے برتنے کا ڈھنگ سکھانا گویا خود کو مار کر اور جذبوں کو پس پشت ڈال کر اپنا چین و آرام غارت کرنے والی بات تھی لیکن وہ ہر محاذ پر فتح یاب ٹھہری اور دعاؤں کے ساتھ داد بھی سمیٹی۔ ہوشیار، دوسری شادی، ری کوری، ہیں کواکب کچھ، بھی پسند آئی۔

☆ فہمی فردوس احمد نے گوجرانوالہ سے لکھا ہے۔ ''عرصہ دراز کی غیر حاضری کے بعد آج پھر سے حاضر ہوں۔ اس سے یہ مطلب ہرگز نہ لیجیے گا کہ میں نے اس دوران سرگزشت پڑھنا چھوڑ دیا تھا۔ نہیں جناب۔ یہ وہ ماہنامہ ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ لاکھوں کروڑوں تشنگانِ علم کی پیاس بجھاتا ہے۔ میرا المیہ یہ ہے کہ میں پورا مہینا شدت سے سرگزشت کا انتظار کرتی ہوں اور جب رسالہ ہاتھ آتا ہے تو دو دن میں چٹ کر جاتی ہوں اور پھر اٹھائیس دن انتظار میں گزر جاتے ہیں۔ یہ والہانہ پن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کم ہونے کی بجائے بڑھتا جارہا ہے۔ مجھے اس کا ہر سلسلہ بہت پسند ہے۔ اس کی ہر تحریر دلچسپی اور معلومات سے بھرپور ہوتی ہے۔ میرے دو ناول ''دل دریا'' اور ''چاند جلتا رہا'' مارکیٹ میں ہے، تیسرا ناول بھی اب آرہا ہے۔''

☆ سعید احمد چاند کا تجزیہ کراچی سے۔ ''چور شاعر سے تعارف ہوا۔ نام تو بچپن سے ذہن میں تھا۔ علم تھا کہ وہ بنگال کے ایک بہت بڑے شاعر ہیں اور شرمیلا ٹیگور کے دادا ہیں۔ آگے بڑھے پتا چلا کاشف زبیر دنیا سے کوچ کر گئے ہیں۔ اللہ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے (آمین) سچ بیانیوں میں پہلے سونیا ایان کی ''تعلیم و تربیت'' پڑھی۔ کہانی میں کہیں جھول نہیں ہے۔ اس کے بعد تمثیل حیدر کی ''ہوشیار'' پڑھی۔ اختر شہاب کی ''مکافات'' شازیہ لاہور کی ''دوسری شادی'' نوہیب علی کی ''ری کوری''، ''ہیں کواکب'' طارق عثمانی کی جاندار تحریر تھی۔ دانیہ صدیقی کی ''انتقام'' تفسیر عباس بابر کی ''بدخصلت'' اظہر علی کی ''عزت دینے والا'' کہانیاں قریباً سبھی اچھی ہیں۔ جن لوگوں نے مجھے یاد رکھا ان کا مشکور ہوں۔''

☆ اویس شیخ نے ٹوبہ ٹیک سنگھ سے لکھا ہے۔ ''اداریہ میں آپ اس بار گھسا پٹا سا موضوع لے کر آئے۔ میرا خیال ہے جمہوری نمائندے عوام کے ساتھ کیا کیا نہیں کررہے، اس پر گفتگو بیکار ہے۔ سانحہ لاہور پر میرا دل چھلنی چھلنی ہے۔ ''چور شاعر'' کی کتھا بہت مزے دار تھی۔ رانا صاحب کی آمد نے محفل کی رونق بڑھادی۔ طاہرہ گلزار کی مردوں کے متعلق خیالات سے بالکل متفق نہیں ہوں۔ کراچی سے سدرہ اپنے مخصوص مکتوب کے ساتھ حاضر تھیں۔ شاہد صاحب! خدا آپ کو صحت و تندرستی والی زندگی دے۔ شہرِ خیال سے کم قارئین میں منشی مے عزیز، عامر شہزاد اور شگفتہ مشتاق پلیز ایک بار محفل میں حاضری تو لگائیں۔ سفرنامے اور تاریخی واقعات پسندیدہ موضوعات میں شامل ہیں۔ ''شمشال سے ٹورنٹو'' کا سفر خدا کرے جاری و ساری رہے۔ الفاظ کی ایسی جادوگری کہ زبان خود بخود تعریفی جملے ادا کرے۔ ''اپریل کی شخصیات'' میں فلمی نام چھائے ہوئے تھے۔ ''ذرہ بنا آفتاب'' موضوع جاندار تھا۔ ''تاریخِ عالم'' اگر اسی طرح جاری رہی تو اسے کتابی شکل ضرور دیجیے گا۔''

☆ محمد عباس، اوتھل ضلع لسبیلہ سے لکھتے ہیں۔ ''ماہنامہ سرگزشت سے شناسائی کی ایک ہی وجہ تھی سلسلہ وار کہانی ''سراب'' جس نے اپنے سحر میں جکڑ لیا لیکن قسمت نے وہ دن دکھایا کہ ہم سکتے میں رہ گئے یقین جانیے اس بار ''سراب'' ہم سے پڑھی ہی نہیں جارہی تھی۔ بہرحال جیسے تیسے کہانی کا مطالعہ کیا۔ اندازِ تحریر بے شک محترم کاشف زبیر کا نہ تھا لیکن پھر بھی پسند آیا ایسا لگا جیسے اس بار ''سراب'' ملک کے عظیم اور معروف قلم کار سے اعانت لی گئی ہے (صحیح نام جلد دیکھ لیں گے)۔ سرگزشت میں معلومات کا ایک جہاں ہوتا ہے۔ اپریل کی شخصیات، دیوانی کرکٹ اور مکافات کا ہی ابھی تک مطالعہ کرسکا ہوں جو کہ اپنی مثال آپ تھیں۔

تاخیر سے موصول خطوط: اکبر علی رند، جہانیاں۔ صفدر برلاس، کراچی۔ زاہد حسین کھمن، لاہور۔ نیاز احسن، زاہد شیخ، سیالکوٹ۔ باری خان، کوئٹہ۔ ظفر ساحل، جہلم۔ زرینہ کھوسو، حب۔ انیس حیات خان، گجرات۔ ظفر معراج، شادی پور۔ عباس علی، مظفر گڑھ۔ ایاز فرخی، بہاولپور۔ کائنات علی، کوٹ ادو۔ امتیاز جوکھیو، سکھر۔ عباس انصاری، حیدر آباد۔ فلک شیر ملک، شاہ گڑھ۔ انور عباس شاہ، دریا خان۔ فاروق احمد، مظفر گڑھ۔ شائستہ نعیم، میرپور خاص۔ تسنیم زہرہ کاظمی، کراچی۔ حنیف ادیب، لاہور۔ شاہد اقبال شاہد، کراچی



ممتا جیسی حدت لیے مئی 2016 کا دلنشیں پاکیزہ



ماہنامہ پاکیزہ کراچی

نگہت سیما، در ثمن بلال اور انجم انصار کے سلسلے وار ناولوں کی نئی اقساط......

مدیحہ شاھد نے متعارف کرایا پتھر کا دیس......

نایاب جیلانی نے بکھیری خیالات کی کہکشاں...... دیار صبح کے اجالوں میں

ماں کا پیار...... ہماری مصنفات کا اظہار

رفاقت جاوید نے بڑی خوب صورتی سے کھوجا ایک معما

Available at Paksociety.com

عقیلہ حق کی خوب صورت

اور عاقلانہ گفتگو سے سجی ہماری بزم

ڈاکٹر ذکیہ بلگرامی اور اختر شجاعت کے پرنور قلم سے دل پذیر مضامین

اس کے علاوہ

شیریں حیدر، ثریا انجم، سمیرا یونس ہارون، شمیم فضل خالق، فرحین اظفر، ھاجرہ ریحان، شبینہ گل و دیگر ماہر مصنفات کی پرکشش تحریریں

اس کے ساتھ ساتھ خوب صورت موضوعات و حکایات لیے مستقل سلسلے آپ جیسے باذوق قارئین کے لیے

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com



# احوالِ نظر

ڈاکٹر ساجد امجد

اس کے لیے ہر موسم عذاب موسم تھا کیونکہ وہ جدھر چلی ہے ہوا ادھر نہیں جانا کے اصول پر کاربند تھا۔ وہ رقصِ سردارِ الم کا قائل تھا۔ ہر محاذ پر وہ اپنی ہی گھات میں رہتا جب کہ اس کے چاروں اطراف وہ لوگ تھے جو بولی لگ کر بکنے کو تیار بیٹھے تھے مگر وہ ہمیشہ عنوان ہستی بنا رہا کیونکہ اسے ستم گوارا نہ تھا اسی لیے بحرِ ہستی میں غم کا طوفان لیے درد کی ناؤ پر گزارا کررہا تھا۔

**اس شاعر کا تذکرہ، جس کی نماز جنازہ پڑھنے سے روکا گیا**

موت کے سناٹے ابھی رخصت نہیں ہوئے تھے کہ دور دراز کے رشتے داروں کو ملک حبیب احمد مرحوم کی یاد آگئی جنھیں بیماری کی خبر نہیں پہنچی تھی انہیں انتقال، کی خبر پہنچ گئی۔ تسلی کے دو بول، بول کر رشتے داری کا حق ادا کرنے آنے لگے۔

''ہمیں تو صرف یہ معلوم تھا کہ وہ راولپنڈی میں تعینات ہیں۔'' ایک نے کہا۔

''یہ تو آپ بہت پہلے کی بات کررہے ہیں۔ راولپنڈی سے ساہیوال آگئے تھے۔ پولیس لائنز میں کوارٹر مل گیا تھا وہیں رہائش پذیر تھے۔'' ایک دوسرے صاحب نے ان کی تصحیح کی۔

''ساہیوال میں آمد کا ہمیں علم نہیں۔''

''علم کیسے ہوتا۔ انہوں نے کسی سے ملنا جلنا ہی نہیں رکھا تھا۔''

''ہاں بچوں میں گھر گئے تھے بے چارے۔ ایک مرتبہ میں کسی کام سے ساہیوال آیا تھا تو ان سے ملاقات ہوئی تھی۔ کچھ بیمار سے لگ رہے تھے۔''

''اسی بیماری نے تو انہیں قبل از وقت ریٹائر ہونے پر مجبور کردیا تھا۔''

''اوہو، یہ تو ہمیں معلوم ہی نہ ہوسکا ورنہ عیادت کو ضرور حاضر ہوتے۔''

''انہوں نے اس کا موقع ہی کہاں دیا۔ ان کے چچا زاد بھائی شیخ جان محمد ان کی عیادت کو گئے تو گھر کی حالت دیکھ کر بڑے متفکر ہوئے اور انہیں ساہیوال شہر چھوڑ کر اپنے گاؤں آنے پر مجبور کردیا۔ شیخ جان محمد کے پاس ایک قطعہ اراضی موجود تھی۔ انہوں نے ترغیب دی کہ وہ اس زمین پر اپنا مکان تعمیر کرلیں۔ ملک صاحب نے اس تجویز پر عمل کیا اور یہاں چلے آئے۔ یہ وہی مکان تو ہے جس میں آپ لوگ بیٹھے ہیں۔''

''بڑی بات ہے جناب بھائی ہو تو ایسا۔''

''اس گھر میں انہیں زیادہ رہنا نصیب نہیں ہوا۔ دو سال ہوئے تھے کہ انتقال ہوگیا۔''

ملک حبیب احمد کی بیوہ ایسی باتیں روزانہ سنتی تھیں۔ یہ صرف باتیں ہی باتیں تھیں۔ کوئی یہ سوچنے کو تیار نہیں تھا کہ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی گُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

⇦ ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

⇦ ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

www.Paksociety.com

کررہے ہیں یہی بہت ہے۔''

''وہ معذور ہے اسی لیے قابلِ رحم ہے۔ وہ ان لوگوں کے مظالم کیسے برداشت کرے گی۔''

''اس کی شادی کہیں اور ہو بھی تو نہیں سکتی۔''

''آپ درمیان سے ہٹ جائیں۔ اس کے لیے رشتہ میں تلاش کروں گا۔''

''پھر میں کیا کہہ دوں ان لوگوں سے۔''

''آپ انکار کردیں۔ منظور کی شادی کی تیاری کریں۔ رشتہ میں تلاش کروں گا بلکہ سمجھیں رشتہ تلاش کرلیا۔''

ماں کو ایسی خوشی کبھی نہیں ہوئی تھی جو اس وقت ہورہی تھی۔ ظہور ایسی ذمے داری کا مظاہرہ کرے گا انہوں نے سوچا بھی نہیں تھا۔ انہیں پہلی مرتبہ محسوس ہوا کہ ان کا بیٹا جوان ہوگیا ہے۔

ظہور احمد نے واقعی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور بہن کے رشتے کے لیے سرگرم ہوگیا۔ جلد ہی ایک متوقع رشتہ اس کے ہاتھ آگیا۔ اسے کہیں سے معلوم ہوا کہ مرزا ٹرنک ہاؤس کے مالک مرزا محمد احمد کے تعلقات اپنی بیوی کے ساتھ اچھے نہیں ہیں اور وہ بہت جلد انہیں طلاق دینے والے ہیں۔ ان کے قریب ہونے کے لیے وہ ان کی دکان پر پہنچ گیا۔

''مرزا صاحب! میرا پڑھائی میں دل نہیں ہے اور چاہتا ہوں کہ آپ سے ٹرنک سازی کا کام سیکھ لوں۔ آپ کا ہاتھ بھی بٹاؤں گا اور کام سیکھنے کے بعد میری آمدنی کا کچھ ذریعہ بھی بن جائے گا۔''

مرزا صاحب نے اسے کام سکھانے کی ہامی بھرلی۔ ظہور احمد ایک خاص مقصد کی تکمیل کے لیے یہاں آیا تھا اس لیے سردھڑ کی بازی لگا کر کام سیکھنے لگا۔ ہر وقت مرزا صاحب کی دلجوئی میں بھی لگا رہتا تھا۔ اس کی خدمت گزاری کو دیکھتے ہوئے وہ بھی اس کے ساتھ نہایت شفقت سے پیش آنے لگے۔ اس نے اتنا اعتبار پیدا کرلیا کہ مرزا صاحب اپنے دل کی باتیں بھی اس سے کرنے لگے۔ دکان پر رہ کر اسے معلوم ہوگیا تھا کہ مرزا صاحب نیم اندھے ہیں۔ تیز روشنی میں انہیں کچھ نظر نہیں آتا۔ پھر اسے یہ معلوم ہوا کہ اپنے اسی نقص کی وجہ سے وہ بیوی کو طلاق دیتے ہوئے ڈر رہے ہیں کہ دوسری شادی مشکل ہوجائے گی۔

ایک روز ظہور کو بات کرنے کا موقع مل گیا بلکہ یہ موقع خود مرزا صاحب نے فراہم کردیا۔ وہ غصے میں بھرے ہوئے گھر سے آئے اور آتے ہی بیوی کی برائیاں شروع کردیں۔ جب وہ دل کا غبار خوب نکال چکے تو ظہور احمد نے دخل دیا۔

''مرزا صاحب معاف کیجیے گا۔ مجھے آپ کے ذاتی معاملات میں دخل تو نہیں دینا چاہیے لیکن آپ کی شرافت اور سادگی کو دیکھ کر رہا بھی نہیں جاتا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ ایسی بیوی کو برداشت کیسے کررہے ہیں۔ طلاق دے کر دوسری شادی کیوں نہیں کرلیتے۔ آپ پیسے والے آدمی ہیں کوئی بھی اپنی بیٹی دے دے گا۔''

''صرف پیسے سے کیا ہوتا ہے۔'' انہوں نے ٹھنڈی سانس بھری۔ ''تمہیں میرے نقص کا تو علم ہے مجھ نیم اندھے کو اپنی بیٹی کون دے گا۔''

ظہور احمد اسی وقت کے انتظار میں تھا۔ اس نے لوہا گرم دیکھ کر چوٹ ماری اور اپنی بہن کا ذکر چھیڑا۔ اس کی معذوری کے بارے میں بتایا مرزا صاحب اپنے نقص کو دیکھتے ہوئے فوراً تیار ہوگئے۔

''اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہم کل تمہارے گھر آرہے ہیں اپنی والدہ کو بتا دینا۔''

مرزا صاحب اپنے چند عزیزوں کے ساتھ اس کے گھر آئے اور بہ خیروخوبی یہ رشتہ طے پاگیا۔

یہ رشتہ طے ہوجانے کے بعد ظہور احمد کو اُمید ہوچلی تھی کہ وہ مرزا صاحب کے ساتھ رہ کر خوب ترقی کرے گا۔ ایک ایسا ہنر ہاتھ میں آجائے گا جو اس کی آئندہ ترقی کا ضامن ہوگا لیکن افسوس کہ یہ صورتِ حال زیادہ دیر قائم نہ رہ سکی۔ اس کی بہن کا رشتہ اس کے بہنوئی کے خاندان میں طے ہونا تھا جو کہ نہیں ہوسکا تھا۔ اس شادی کے بعد ان لوگوں نے دشمنی نکالی اور مرزا صاحب کے کان بھرنا شروع کردیے۔ اس کے ماضی کے حوالے سے ایک ایک بات انہیں بتائی۔ مرزا صاحب کا بھی مطلب نکل چکا تھا لہٰذا وہ ان باتوں میں آگئے اور ظہور کی طرف سے آنکھیں پھیر لیں۔ بات بات پر اس کی آوارگی کے طعنے دینے لگے۔ اس کی بدچلنی کے قصے یاد دلا دلا کر خوب ڈانٹتے تھے۔ ظہور کا مزاج بھی یہ تھا کہ کسی کی بات سننے کا روادار نہیں تھا۔ وہ گھر بیٹھ گیا۔ اس مرتبہ دل پر ایسی چوٹ لگی تھی کہ قادیان چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔

وہ قادیان سے نکلا اور لاہور آگیا۔ یہاں اس کی بڑی بہن گلزار بیگم بیاہی گئی تھیں۔ وہ ان کے گھر پہنچ گیا۔ گلزار بیگم نے بھائی کو بہت دن بعد دیکھا تھا۔ وہ قادیان



میں اس کی گزاری ہوئی زندگی سے بھی واقف نہیں تھیں۔ لہٰذا دل کھول کر ملیں۔

''ظہور اب تمہیں قادیان جانے کی ضرورت نہیں۔ یہیں میرے پاس رہو۔''

ظہور احمد کے بیشتر رشتے دار ''احمدی'' تھے لیکن یہ بہن سنی العقیدہ تھیں۔ ظہور احمد کو اپنے پاس روکنے کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ کہیں وہ بھی احمدی نہ ہوجائے۔

والدہ کے خطوط برابر آرہے تھے کہ وہ قادیان واپس چلا آئے اور وہ برابر انکار کررہا تھا۔ ایک دن دیکھا تو وہ اسے لینے خود لاہور چلی آئیں۔

وہ برابر ضد کررہی تھیں کہ وہ ان کے ساتھ قادیان چلے لیکن وہ کسی صورت تیار نہیں ہورہا تھا۔ ماں نے بھی ہتھیار ڈال دیے لیکن سوال یہ تھا کہ یہاں رہ کر کرے گا کیا۔

''تمہارے ہاتھ میں تو کوئی ہنر تک نہیں۔ تعلیم بھی آٹھویں تک ہے یہاں رہ کر کروگے کیا۔ سوائے اس کے کہ بہنوئی پر بوجھ بنے رہو۔ اچھا لگے گا کہ بہنوئی کے ٹکڑوں پر پڑے ہوئے ہو۔''

یہ ایسا طعنہ تھا کہ وہ لرز کر رہ گیا اور قادیان واپس جانے کو تیار ہوگیا لیکن اسی دوران ایک ایسا واقعہ پیش آگیا کہ اسے اپنا ارادہ بدلنا پڑا۔

اس کے بہنوئی کے دو رشتے دار لڑکے کراچی سے لاہور آئے۔ انہیں کچھ دن قیام کرنے کے بعد ''اسکول فار الیکٹریشنز'' میں داخلے کے لیے لدھیانہ روانہ ہونا تھا۔

اس کی بہن کو روشنی کی لکیر نظر آئی۔ اس نے شوہر سے مشورہ کیا کہ ظہور کو بھی اس اسکول میں داخلے کے لیے بھیج دیا جائے۔ اس مشورے کو سب نے پسند کیا۔ ظہور احمد بھی تیار ہوگیا۔ یہ 1940ء کا زمانہ تھا کہ وہ لدھیانہ پہنچا اور اس عزم کے ساتھ اسکول میں داخل ہوگیا کہ اب وہ پوری توجہ سے یہ کورس مکمل کرے گا اور اپنے گھر والوں کو مایوس نہیں کرے گا۔

لدھیانہ پہنچ کر قیام کا مسئلہ تھا۔ اس نے ایک سستی سرائے کا انتخاب کیا۔ قریب ہی اقبال ہوٹل تھا جہاں وہ بہت کم پیسوں سے کھانا کھا سکتا تھا۔

یہ انسٹی ٹیوٹ خاصا مشہور تھا لیکن یہاں داخل ہونے کے بعد اس پر یہ عقدہ کھلا کہ یہاں بیشتر نوجوان وہ ہیں جو بظاہر پڑھنے آئے ہیں لیکن ان کی دلچسپیاں کچھ اور ہیں۔ یہ

## خراج

شاعری میں صداقت کا علم بردار اور استقامت کی مثال ظہور نظر اردو شاعری کی ایک ایسی شخصیت ہے جسے شعر و فن کی دنیا میں ہمیشہ ایک ممتاز اور منفرد مقام حاصل رہے گا۔ وہ نظم اور غزل دونوں اصناف پر حاوی تھا اور دونوں میں اس کا اسلوب بے حد حسین اور مؤثر تھا۔ نظم آزاد کو پابند نظم کے قارئین کے لیے بھی دل نشیں بنانے میں جن باکمال شعرا نے یادگار خدمات انجام دی ہیں ان میں راشد کے ساتھ ہی ظہور نظر کا تذکرہ ناگزیر ہوجاتا ہے۔ (احمد ندیم قاسمی)

قیامِ پاکستان کے بعد ترقی پسندانہ نظریات اور شاعری کے حوالے سے فیض اور احمد ندیم قاسمی کے بعد اگر کوئی بڑا اور اہم شاعر ہے تو وہ یقینی طور پر ظہور نظر ہے مگر عجیب بات یہ ہے کہ ان کی شاعری اور بالخصوص غزل کے بارے میں جو تنقیدی اور تحقیقی کام ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہوا۔
(ڈاکٹر انور صابر)

اگر ترقی پسندی سے مطلب نعرے لگانا ہے تو پھر شاید ظہور نظر ترقی پسندوں کی صنف میں نہیں آتا۔ اس کی آواز نعرہ نہیں بنتی بلکہ نرم نرم اور لطیف لطیف اور دھیمے دھیمے انداز میں دل میں اتر جاتی ہے بالکل اسی طرح جیسے فیض صاحب کی آواز ہے۔ آواز تو میراجی کی بھی بہت لطیف ہے مگر ان کے موضوعات ان کی شاعری میں ایک اور ہی قسم کی جمالیات اور آہنگ پیدا کرتے ہیں۔ فیض کی آواز لطیف ضرور ہے مگر پھر بھی اس میں دل کے قریب اتر کر چونکانے والی کیفیت اتنی تیز نہیں ہے کہ اپنائیت کا احساس اتنا شدید ہو جائے جیسے یہ سب ہمیں کہہ رہے ہیں تاہم ظہور نظر کی شاعری میں غزل ہو یا نظم ایک پُراسرار سا رس ضرور ہے جس سے انسان لطف بھی حاصل کرتا ہے اور آگہی بھی۔ (شہرت بخاری)



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

وہ نوجوان تھے جو کسی شعبہ تعلیم میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے اور گھر والوں نے اپنا پیچھا چھڑانے کے لیے انہیں یہاں بھیج دیا تھا۔ وہ ذرا ان کے قریب ہوا تو اسے لگا اس کا ماضی اس کے سامنے آ کھڑا ہوا ہے۔ ان لڑکوں نے جب دیکھا کہ بڑی بڑی آنکھوں اور دلکش خطوط کا مالک ان کے قریب آنے کا خواہاں ہے تو انہوں نے دوستی کے لیے ہاتھ بڑھا دیئے۔ اس کی زندگی ایک بار پھر اسی راستے پر چل نکلی جس سے بھاگ کر وہ یہاں تک پہنچا تھا۔ آوارہ مزاج دوستوں کی محفلیں اور شراب نوشی اس کے معمولات بن گئے۔

اس کے ان معمولات کی خبریں لاہور پہنچیں تو ماں تڑپ اٹھی۔ اس کی آوارگی کا یہی ایک سبب سمجھ میں آیا کہ اکیلے رہنے کی وجہ سے وہ بگڑنے لگا ہے۔ اگر بروقت اسے سہارا نہیں دیا گیا تو وہ مزید بگڑ جائے گا۔ اس کی والدہ بچوں کے ساتھ لدھیانہ پہنچ گئیں اور کرائے پر گھر لے کر رہنے لگیں ظہور احمد بھی ان کے ساتھ رہنے لگا۔

ماں کی آمد واقعی خوش آیند ثابت ہوئی۔ دوستوں کا ساتھ تو نہیں چھوٹا لیکن اس نے کورس مکمل کرلیا۔

☆......☆

دوسری جنگِ عظیم زوروں پر تھی۔ برطانوی حکومت کو جنگ کا ایندھن بنانے کے لیے افرادی قوت کی ضرورت تھی۔ شہر در شہر فوجی بھرتی کی ٹیمیں نوجوانوں کو ترغیب دیتی پھر رہی تھیں۔ ایک ٹیم لدھیانہ بھی پہنچی۔ اس ٹیم نے رعایت دی کہ الیکٹریشنز اسکول سے سند یافتہ جو لوگ فوج میں بھرتی ہو جائیں گے ان کے لیے چھ ماہ کی تربیت ضروری نہیں ہو گی۔

ظہور احمد کی آوارگی اور آزاد خیالی کو ایک اور راستہ نظر آ گیا۔ وہ گھر والوں کو بتائے بغیر فوج میں بھرتی ہو کر انبالہ پہنچ گیا۔

اس جیسے خود پسند اور آزاد خیال کو فوجی زندگی کی پابندیاں کیا برداشت ہوتیں۔ جلد ہی پریشان ہو گیا اور دو تین ہفتوں میں وہاں سے بھاگ کر دلی جا پہنچا۔

وہ گھر والوں کو بتائے بغیر ہی چلا گیا تھا لہٰذا رونا پیٹنا مچ گیا ماں کا صدمے سے برا حال تھا۔ اِدھر اُدھر تلاش کیا گیا۔ لاہور بھی خبر بھیجی گئی کہ شاید وہاں چلا گیا ہو لیکن کوئی سراغ نہیں ملا بالآخر اس کا خط ملا۔ ماں کی ممتا کو تسلی ہوئی کہ چلو کہیں بھی ہے، زندہ تو ہے۔

اس کی ماں اس سے محض رسمی محبت نہیں کرتی تھی بلکہ کوئی ماں بھی رسمی محبت نہیں کرتی ہاں یہ ضرور ہے کہ اس کی ماں اس سے عبادت کی طرح محبت کرتی تھی۔ اس نے محض دل کی تسلی کے لیے کہہ تو دیا تھا کہ وہ کہیں بھی ہے زندہ تو ہے لیکن اس کی ممتا کو یقین نہ آتا تھا۔ رات رات بھر سجدے میں پڑی رہتی تھی کہ میرا ظہور میرے پاس آجائے۔ بالآخر اس کی دعا قبول ہوئی اور وہ کچھ عرصہ بعد لدھیانہ واپس آ گیا۔

اس کی تلون مزاجی عجیب عجیب رنگ دکھا رہی تھی۔ کبھی تو وہ ایسا بے نیاز ہو جاتا تھا جیسے کسی کی پروا ہی نہ ہو اور کبھی ایسی ذمّے داری کا مظاہرہ کرتا تھا کہ جیسے اس سے بڑا کوئی ذمّہ دار ہی نہ ہو۔ اس مرتبہ وہ دلی سے لدھیانہ آیا اور گھر کی حالت دیکھی تو اسے سخت صدمہ ہوا۔ جس بہن کی سلائی کڑھائی سے گھر کے اخراجات پورے ہو رہے تھے اس کی شادی ہو چکی تھی باپ کی تھوڑی بہت پینشن تھی۔ اس سے کیا پورا پڑتا۔ ماں نے غیرت دلائی تو وہ تڑپ اٹھا۔ اس نے عہد کیا کہ وہ کہیں نوکری کرے گا۔ تھوڑی سی بھاگ دوڑ کے بعد اسے کپڑوں کے ایک کارخانے میں نوکری مل گئی۔ اس کی ماں ایک مرتبہ پھر خوش ہو گئی کہ اس کے بیٹے کو اپنی ذمّہ داری کا احساس ہو گیا لیکن یہ خوشی چند روزہ تھی۔ ظہور کی تلون مزاجی نے رنگ دکھایا اور وہ نوکری چھوڑ کے گھر بیٹھ گیا۔

ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے قدرت اس سے کوئی خاص کام لینا چاہتی ہے۔ اس کام کی داغ بیل اس وقت پڑی جب ملازمت کی تلاش اسے اقبال ہوٹل تک لے گئی۔ یہ وہی ہوٹل تھا جہاں وہ لدھیانہ آنے کے بعد کھانا کھانے جایا کرتا تھا اور ایک سرائے میں رہتا تھا۔ اب بھی کبھی کبھی اس ہوٹل کی طرف نکل آتا تھا۔ اس ہوٹل کے مالک سے اس کی اچھی دعا سلام ہو گئی تھی۔ ہوٹل کے مالک کو اپنے کاروبار کے لیے ایک مددگار کی ضرورت ہوئی تو اس کی نظر ظہور احمد پر پڑی۔ ظہور بھی چار پیسوں کی آمدنی کے لیے کوشاں تھا اس نے یہ پیشکش فوراً قبول کرلی۔

یہ ہوٹل لدھیانہ کے ادیبوں، شاعروں اور فنونِ لطیفہ سے تعلق رکھنے والوں کا گڑھ تھا۔ اہلِ دانش کا مرکز تھا۔ کمیونسٹ ترقی پسند، لبرل سب ہی یہاں بیٹھتے تھے اور زور دار بحثیں ہوا کرتی تھیں۔ ان محفلوں کو رونق بخشنے والوں میں ساحر لدھیانوی، حمید اختر، احمد ریاض، حافظ لدھیانوی، گوپال متل، ابن انشا وغیرہ شامل تھے۔

جنگِ عظیم دوم اپنے عروج پر تھی۔ اس جنگ کے



واضح اثرات ہندوستان کی سماجی، سیاسی اور معاشی زندگی پر پڑ رہے تھے۔ اہلِ دانش کے حلقوں میں نوآبادیاتی نظام کے خلاف نفرت تو پہلے سے موجود تھی۔ جنگ نے اس جذبے کو مزید ہوا دی۔ ترقی پسند تحریک بھی اپنے اثرات دکھا رہی تھی۔ اس تحریک کے زیرِ اثر شاعری کرنے والوں کے نغموں میں انقلاب کی گھن گرج سنائی دے رہی تھی۔ یہاں جمع ہونے والے شاعروں اور ادیبوں کے سامنے یہی موضوعات تھے۔ یہاں ہونے والی گفتگو میں نئے نظام کی تشکیل اور پرانے استحصالی نظام کے خاتمے اور انقلاب کے موضوعات زیرِ بحث آتے۔ ظہور احمد کے لیے یہ باتیں نہایت مسحور کن تھیں۔ وہ ہوٹل کے کاموں سے نمٹنے کے بعد ان لوگوں کے قریب بیٹھ جاتا۔ اسے یوں محسوس ہوتا جیسے یہ لوگ اس کے جذبات کی ترجمانی کر رہے ہیں۔ اس کے اندر نفرت اور غصے کے جو جذبات پوشیدہ ہیں یہ لوگ ان جذبات کو زبان دے رہے ہیں۔

ان شاعروں اور ادیبوں کو بھی یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ سرکش اور منہ پھٹ نوجوان ایک دن ظہور احمد سے ظہور نظر بن کر شاعری کی دنیا میں تہلکہ مچا دے گا۔

وہ ان لوگوں کے قریب ہوا تو فاصلے گھٹنے لگے اور ذہنی ہم آہنگی آہستہ آہستہ دوستی کے رشتے میں ڈھلنے لگی۔

ظہور نظر کو ان کے کھلنڈرے پن، خوش طبعی، ادبی ذوق اور ذہانت کی بنا پر اس گروہ نے جلد ہی قبول کرلیا جس کے سرخیل ساحر لدھیانوی تھے۔

ظہور نظر اب اس گروہ کا ایک ایسا رکن بن گیا جو ان کے مقاصد کو سمجھتے ہوئے ان کی جدوجہد میں بھی شریک ہونے لگا۔

ظہور نظر نے اس وقت تک کوئی شعر نہیں کہا تھا۔ اقبال ہوٹل کی سازگار فضا میسر آئی تو اسے بھی شعر گوئی کا شوق ہوا۔ اسے یہ معلوم ہی نہیں تھا کہ شعر کہتے کسے ہیں۔ دوسروں کو شعر سناتے دیکھ کر شعر کہنے کی سوچتا تو تلملا کر رہ جاتا۔

ایک روز حافظ لدھیانوی نے اس سے کہا۔ ”تم ہمارے ساتھ مشاعروں میں جاتے ہو، رات رات بھر جاگتے بھی ہو۔ تم خود شاعری کیوں نہیں کرتے۔ تم بھی شعر کہا کرو۔“

”مجھے تو شعر کہنا نہیں آتا۔“ اس نے بے بسی سے کہا۔

”کوشش تو کرو، میرا تجربہ کہتا ہے کہ تم میں اچھا شاعر ہونے کے تمام اوصاف موجود ہیں، تم باتوں میں جو ذہانت ضائع کرتے ہو اگر وہ شاعری میں ڈھل گئی تو مجھے یقین ہے ایک دن معروف شاعر بن جاؤ گے۔“

حافظ لدھیانوی نے اسے ایک مصرعہ دیا کہ اس پر غزل لکھو۔

دوسرے روز علی الصباح حافظ صاحب کو لدھیانہ جانا تھا۔ ظہور نظر کے پاس ان کا سوٹ کیس تھا۔ وہ رات کو سوٹ کیس لینے اس کے پاس گئے تو دیکھا وہ لالٹین سامنے رکھے شعر کہنے کی کوشش کر رہا ہے۔

”کوئی شعر ہوا یا نہیں؟“

”تین شعر تو ہو گئے۔ اب باقی شعر کہنے کی ہمت نہیں۔“

حافظ لدھیانوی نے چار شعر کہہ کر غزل مکمل کر دی۔

”بزمِ اقبال کے جلسے میں تنقید کے لیے پیش کر دینا۔“

اقبال ہوٹل میں بیٹھنے والوں نے ”بزمِ اقبال“ کے نام سے ایک بزم بنائی تھی۔ اس کے تحت ادبی اجلاس ہوتے تھے۔ تنقیدی نشستیں برپا ہوتی تھیں۔

ظہور نظر نے اپنی غزل تنقید کے لیے پیش کی، کسی کو معلوم بھی نہیں تھا کہ وہ شعر کہنے لگا ہے۔ وہ تو ادبی ذوق رکھنے والا ایک نوجوان سمجھا جاتا تھا جو شعرا کے درمیان بیٹھ کر ان کی باتیں سنا کرتا تھا۔ ادبی اجلاسوں میں شامل ضرور ہوتا تھا لیکن سامع کی حیثیت سے۔ سیاست پر اچھی گفتگو کر لیتا تھا لیکن ادبی گفتگو سے قاصر تھا اور اب اچانک غزل

## انداز تنقید

شاعری کے علم برداروں کا کہنا ہے کہ آج کا شاعر چونکہ تخلیق کا کام باطنی احساس اور تحت الشعور سے لیتا ہے اس لیے ابہام کا ہونا لازمی ہے۔ مجھے اس سے اختلاف ہے ایسا ہوتا تو ان شعراء کی غزلوں کو بھی نظموں کی طرح بھول بھلیاں ہونا چاہیے تھا لیکن ایسا نہیں...... جانب داری پر محمول نہ کیا جائے تو اپنے اس یقین کا اظہار کردوں کہ نظم کو گورکھ دھندا بنانے میں جدید شعراء کے تحت الشعور سے زیادہ شعور کو دخل ہے۔



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY RSPK.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY RSPK.PAKSOCIETY.COM

www.Paksociety.com

اکثر رات بھر میں پورا ڈراما لکھ لیتا۔

اس کے خواب چکنا چور ہو رہے تھے۔ اس نے جن حکمرانوں سے اُمیدیں باندھی تھیں ان کا ہر عمل اس کی خواہشات کے برعکس تھا۔ اس کی تلافی کے لیے ایک ہی راستہ تھا کہ وہ ان حکمرانوں سے نفرت کا اظہار کرے اور عوام کے دلوں میں جدوجہد کا الاؤ روشن کرے۔ اس کی نظمیں یہی کام کر رہی تھیں۔ اس کے صلے میں وہ بیورو کریسی کے عتاب کا نشانہ بنا ہوا تھا لیکن وہ اپنی راہ سے ہٹنے کو تیار نہ تھا۔

قصیدہ کیسے لکھوں شب کے شاہزادوں کا
مجھے تو عشق بہت حرمت قلم سے ہے

☆

بن کر کیسے بگڑی بات بتائے کون
کون کٹائے بازو، ہاتھ اٹھائے کون
آپ مچانوں پہ جو گھات لگائے بیٹھے ہیں
جنگل والو ان پر گھات لگائے کون
وہ پتھر دل جن کی آگ بھی پتھر ہو
ان کو تصویرِ حالات دکھائے کون
اک پل میں جو سو سو روپ بدلتا ہے
سارا جیون اس کے ساتھ نبھائے کون

☆

شہرت شمشیر قاتل سے ڈرے بیٹھے ہیں لوگ
موت کے آنے سے پہلے ہی مرے بیٹھے ہیں لوگ
شہر میں ہنسنا ہنسانا جرم ہے تقصیر ہے
اور درباروں میں بن کر مسخرے بیٹھے ہیں لوگ
شور ہے وہ پیڑ بھی گرنے والے ہیں نظر
عرصہ دہشت میں جن کے آسرے بیٹھے ہیں لوگ
گھرا تھا ابر تو گرمی شدید کتنی تھی
پڑا نہ ایک بھی چھینٹا اُمید کتنی تھی
گلی گلی میں پھرے زلزلے کی صورت لوگ
گرا نہ ایک بھی ایواں شنید کتنی تھی

وہ مایوسی کی دلدل میں اتر کر خود میں سمٹا۔ اس جیسا قہقہہ باز اب مشکل سے ہنستا تھا۔ مایوسی کی یہ لہر اس کی نظموں میں صاف دکھائی دے رہی تھی۔

زہر کے شہر کے
راستوں پر مرے
لفظ زخمی ہوئے
درد گوڑھے ہوئے
زخم چھلنی ہوئے
خواب بوڑھے ہوئے
شعر کہنا بھی اب چار دن اور ہے
اور رہنا بھی اب چار دن اور ہے
الوداع جانِ من
الوداع جانِ من

یہ مایوسی اس کے اندر اترتی چلی گئی۔ اس کے قہقہے دم توڑتے رہے، یہ مایوسی پہلے باطن میں اتری اب ظاہر میں بھی دیکھی جاسکتی تھی۔ وہ اپنی جانب سے بے پروا ہو گیا۔ یہ بے نیازی اس کے لباس کے معاملے میں دیکھی جاسکتی تھی۔ وہ اپنے لباس کی طرف سے بالکل ہی غافل ہو گیا تھا۔ اس سے پہلے یہ عالم تھا کہ بغیر سوٹ کے باہر نہیں نکلتا تھا اب یہ ہوا کہ جن کپڑوں میں بیٹھا ہوتا باہر نکل جاتا۔

ملکی حالات مزید آگے بڑھے۔ مارشل لاء پھر نافذ ہوا۔ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی ہو گئی۔ یہ ظہور نظر کے آدرش کی پھانسی تھی۔ اب اسے حالات کے سنورنے کی کوئی اُمید نہیں تھی۔

یہ جنگل کون کاٹے گا
یہ جنگل
جس کو خون کے رنگ سے سینچا تھا ہم نے اس تمنا پر
کہ جب شہر شفق میں قحط رنگوں کا پڑے گا
اور افق سے تا افق ادبار کے کہرے
کی چادر پھیل جائے گی
تو ہم آدرش کے فولاد کی مضبوط آری سے
یہ جنگل کاٹ لائیں گے

..............................

ہمارے ہاتھ میں آدرش کی آری تو ہے
لیکن
یہ دندانوں سے عاری ہے
یہ جنگل کون کاٹے گا

☆

اس کی نظمیں ہی نہیں غزلیں بھی انہی جذبات کی عکاسی کر رہی تھیں

کس نے دار پہ کھینچا ہے رہ گزاروں کو
یہ کس نے شہر کے دل میں چھری اتاری ہے

☆



وہی نہیں کہ جو آنسو چھلک کے بہہ نکلے
کیے جو ضبط انہیں ناگوار وہ بھی تھے

☆

اُمید اب نہیں صبحوں کی واگزاری کی
کہ مصنفوں نے بھی راتوں کی پاسداری کی

☆

کئی دنوں سے مجھے ایسے لگ رہا ہے کہ میں
شکستہ ناؤ ہوں اور تند موجِ آب میں ہوں

وہ سخت بیمار تھا کہ اگست 81ء میں یوم آزادی کے موقع پر ایک ادبی انجمن نے اسلام آباد میں آل پاکستان مشاعرے کا انعقاد کیا۔ دعوت نامہ ظہور نظر کے نام بھی آیا۔ اس نے اپنی بیماری کو نظر انداز کرتے ہوئے دعوت نامہ قبول کر لیا۔ شاید اس لیے کہ دوستوں سے ملاقات بھی متوقع تھی اور مشاعرے میں شرکت سے ہونے والی آمدنی بھی اس کی ضرورتوں کے لیے بہت تھی۔

وہ بہاولپور سے لاہور آیا۔ اسلام آباد جانے کے لیے ایئرپورٹ پہنچا تو پرواز میں تاخیر ہو گئی۔ اس کی بیماری کے لیے دو تین گھنٹے ایئرپورٹ پر پریشانی کے عالم میں بیٹھنا نہایت تکلیف دہ تھا۔ نہ صرف یہ بلکہ اسلام آباد ایئرپورٹ اسے لینے کے لیے کوئی نہیں آیا بلکہ یوں کہیے لینے آئے لیکن اسے کوئی لے جا نہ سکا۔ ہوا یوں کہ حفیظ جالندھری بھی طیارے میں اس کے ساتھ تھے۔ دونوں ایک ساتھ اترے۔ ابھی وہ میزبانوں کو دیکھ ہی رہے تھے کہ ایک کار جھنڈا لہراتی آئی۔ وہ مضمحل طبیعت کے ساتھ قدرے پیچھے تھا حفیظ جالندھری آگے تھے۔ وہ یہ بھول ہی گئے کہ ظہور نظر بھی ان کے ساتھ تھا۔ لپک کر گاڑی میں بیٹھے اور روانہ ہو گئے جو ڈرائیور گاڑی لے کر آیا تھا وہ بھی غالباً یہی سمجھا کہ صرف حفیظ صاحب لاہور سے تشریف لائے ہیں۔

یہ بظاہر غلط فہمی تھی لیکن ظہور نظر نے اسے اپنی ذلت سمجھا۔ اپنی اس ناقدری پر اسے سخت دکھ ہوا۔ وہ کسی نہ کسی طرح ہوٹل تو پہنچ گیا لیکن اس نے مشاعرے میں شرکت سے انکار کر دیا۔ وہ منتظمین پر سخت برہم ہوا۔

''جناب حفیظ صاحب مجھ سے بڑے شاعر ہیں اگر صرف انہی کو بلانا تھا تو مجھے کیوں بلایا گیا اور اگر بلایا تھا تو ہوٹل تک لے کر بھی آتے۔ میں اس ذلت کے ساتھ مشاعرے میں جانے کو تیار نہیں۔ آپ حفیظ صاحب کو

## ایک نکتہ

ایک نکتہ کی کم مائیگی پر نہ جائیں۔ یہ بظاہر بے ضرر نظر آنے والا نکتہ بڑے بڑے کارنامے انجام دے سکتا ہے۔ یہ ایک نکتہ۔

☆ ''زحمت'' کو اللہ کی ''رحمت'' بنا سکتا ہے۔
☆ ''خرام'' کو ''حرام'' قرار دے سکتا ہے۔
☆ ''حلوے'' کے ''جلوے'' دکھا سکتا ہے۔
☆ ''رقوم'' کو ''زقوم'' کی طرح خاردار بنا سکتا ہے۔
☆ ''رنگ'' کی خوش حالی کو ''زنگ'' لگا سکتا ہے۔
☆ ''رفیق'' کو ''رقیق'' القلب بنا سکتا ہے۔
☆ ''رمز'' کے ''رمز'' آشکارا کر سکتا ہے۔
☆ ''سفر'' کرنے والے کو ''سقر'' پہنچا سکتا ہے۔
☆ ''طاہر'' کو ''ظاہر'' کر سکتا ہے۔
☆ ''غدر'' کے لیے ''عذر'' تراش سکتا ہے۔
☆ ''غرض'' کو ''عرض'' کر سکتا ہے۔
☆ ''خلق'' کی ''حلق'' میں اٹک سکتا ہے۔
☆ ''فرح'' کو ''فرخ'' کی زوج بنا سکتا ہے۔
☆ انسان کو ''فریب'' کے ''قریب'' لا سکتا ہے۔
☆ ''فصد'' کا ''قصد'' دلا سکتا ہے۔
☆ ''فضا'' کی ''قضا'' پیدا کر سکتا ہے۔
☆ ''فرق'' کا ''فرق'' سمجھا سکتا ہے۔
☆ ''کنیز'' کو ''کبیر'' (زہریلا) بنا سکتا ہے۔
☆ ''فند'' (دھوکا) کو ''قند'' میں تبدیل کر سکتا ہے۔
☆ ''فرار'' ہو کر ''قرار'' پا سکتا ہے۔
☆ ''غلت'' (بھول) کو ''علت'' سے بچا سکتا ہے۔
☆ ''عسل'' میں ''غسل'' دے سکتا ہے۔
☆ ''عم'' کے ''غم'' میں نڈھال کر سکتا ہے۔
☆ ''غزال'' کو ''عزال'' میں پھینک سکتا ہے۔
☆ ''خلال'' کو ''حلال'' قرار دے سکتا ہے۔
☆ ''خر'' کو ''حر'' کی آزادی دلا سکتا ہے۔
☆ ''خلجان'' کی میزبان کو ''خلجان'' میں ڈال سکتا ہے۔

اس ایک نکتہ کو حقیر مت گردانیے۔ یہ بہت کچھ کر سکتا ہے۔

مرسلہ: حسن رزاقی۔ کراچی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

ایئرپورٹ سے لے کر آئے ہیں مشاعرے میں بھی انہی کو لے جایئے۔"

"ہم آپ سے معافی کے خواستگار ہیں لیکن یہ سب غلط فہمی میں ہوا۔ وہ گاڑی تو سب کے لیے تھی ہم یہ سمجھے کہ صرف حفیظ صاحب تشریف لائے ہیں۔"

منتظمین کے سمجھانے بجھانے پر وہ تیار ہوگیا اور مشاعرے میں چلا گیا۔ مشاعرے میں پہنچتے ہی اس کی ازلی شوخی لوٹ آئی۔ اپنی تھکن اور پریشانی بھول کر دوستوں سے چھیڑ چھاڑ کررہا تھا۔ یہ محسوس ہی نہ ہوتا تھا کہ کچھ دیر بعد اس کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔

مشاعرہ ختم ہوا ہی تھا کہ اس پر دل کا شدید دورہ پڑا۔ اسے ایک منتظم اپنے گھر لے گیا۔ ڈاکٹروں نے معائنہ کیا۔ رپورٹیں حوصلہ افزا نہیں تھیں۔ وہ پھر بھی واپسی پر مصر تھا لیکن منتظمین نے اصرار کرکے اسے کچھ دنوں کے لیے ٹھہرا لیا۔ جب طبیعت کچھ سنبھلی تو وہ لاہور آگیا۔ یہاں کچھ دن ٹھہر کر بہاولپور چلا گیا۔

طبیعت بظاہر ٹھیک ہوگئی تھی کہ 29 اگست 81ء کی دوپہر کو پھر دل کا دورہ پڑا۔ اسے اسپتال لے جایا گیا جہاں پھر طبی معائنہ ہوا اور اسے داخل کرلیا گیا۔ حالت کچھ ٹھیک نہیں تھی لہٰذا اس کے ان عزیز واقارب کو اطلاع کردی گئی جو بہاولپور سے باہر تھے۔

وہ کوئی معمولی آدمی نہیں تھے۔ بہاولپور میں کون تھا جو اسے نہ جانتا ہو۔ کئی ڈاکٹروں سے اس کا ذاتی تعلق تھا۔ اس کا علاج بڑی توجہ سے ہورہا تھا۔ ڈاکٹر اپنے وسائل کے مطابق اس کی جان بچانے کی پوری کوشش کررہے تھے لیکن اس کی حالت سنبھلنے نہیں پارہی تھی۔ اس کے پھیپھڑوں میں پانی بھر گیا تھا۔ وہ اگر زندہ تھا تو یہ دواؤں کا معجزہ تھا۔

6 ستمبر تک اس کی حالت اتنی بگڑ گئی تھی کہ دواؤں نے بھی کام کرنا چھوڑ دیا۔ اس دن شام کو اسے خون کی قے ہوئی۔ اس کی بیوی اور بڑی بیٹی اس وقت اسپتال ہی میں تھے۔ اس نے اشارے سے انہیں اپنے پاس بلایا۔

"تم لوگ کیوں بے آرام ہوتے ہو۔ گھر جاؤ آرام کرو۔"

"آپ کی یہ حالت ہے میں کیسے گھر چلی جاؤں۔" بیوی نے کہا۔

"میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ تمہارے صبح آنے تک میں زندہ رہوں گا۔"

اس نے اپنے دوستوں سے بھی کہا کہ وہ اس کی بیوی کو گھر جانے پر آمادہ کریں بلکہ اسے گھر چھوڑ کر آجائیں۔ ان میں سے کسی دوست نے اس کی بیوی اور بیٹی کو سمجھا بجھا کر گھر چھوڑ دیا۔

رات آہستہ آہستہ گزر رہی تھی۔ ظہور نظر بستر پر بے سدھ پڑا تھا۔ ڈاکٹر بار بار آکر اس کا معائنہ کرجاتا تھا۔ دوست بھی ایک ایک کرکے رخصت ہورہے تھے کہ صبح آکر دیکھ جائیں گے۔

صبح کے پانچ بجے تھے یعنی 7 ستمبر کا سورج طلوع ہونے کو تھا۔ اس نے اپنا وعدہ پورا کردیا تھا۔ اس نے رات گزار لی تھی اور اب صبح ہونے کو تھی۔ اس نے آخری بار اسپتال کے کمرے کو دیکھا اور آنکھیں بند کرلیں۔ صبح کے چھ بجے تھے کہ ڈاکٹروں نے اس کی موت کا باضابطہ اعلان کردیا۔

ٹیلی فون دوڑنے لگے۔ کچھ احباب اس کے گھر پر جمع ہوئے کچھ اسپتال پہنچ گئے۔ اس کی میت اسپتال سے گھر لائی گئی۔ غسل دیا جاچکا تھا۔ میت گھر کے صحن میں رکھی تھی کہ مسجدوں سے اعلانات ہونے لگے۔

"ظہور نظر کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی جائے گی کیونکہ وہ احمدی بھی تھے اور دہریے بھی۔"

یہ اعلانات سب کے لیے لائق تشویش تھے کیونکہ نہ تو وہ احمدی تھا نہ دہریہ۔ ہاں یہ ضرور تھا کہ اس کے خاندان میں کئی افراد احمدی تھے۔ اس کی دو بہنیں احمدیوں میں بیاہی گئی تھیں۔ وہ خود بھی کچھ دنوں تعلیم کے سلسلے میں قادیان میں رہ چکا تھا لیکن اس سے یہ کہاں ثابت ہوتا تھا کہ وہ خود بھی قادیانی ہوچکا ہے۔ اس کے برعکس یہ واقعہ تو اس کے دوستوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا جب ایک مشاعرے میں لوگوں نے اسے دیکھ کر مرزائیوں کے خلاف نعرے لگائے اور خود ظہور نظر کو مرزائی اور قادیانی کہہ کر برا بھلا کہا۔ ظہور نظر بپھر کر اٹھا اور مائیک سنبھال لیا۔

"میں مرزا غلام احمد پر لعنت بھیجتا ہوں اور جو مجھے مرزائی کہے اس پر بھی لعنت بھیجتا ہوں۔" لوگوں نے ریڈیو کے نعتیہ مشاعروں میں اس کی نعتیں بھی سنی تھیں اور اب یہ کہا جارہا تھا کہ وہ قادیانی ہے۔

اس داغ کو کیسے دھویا جائے۔ کیسے ثابت کیا جائے



کہ وہ قادیانی نہیں تھا۔ دوستوں نے اس پریشانی کا حل یہ نکالا کہ جمعیت علمائے اسلام کے ناظم مولانا اشعر سے فتویٰ حاصل کیا جائے۔ چند دوست مولانا کے پاس گئے اور ظہور نظر کی زندگی کے واقعات سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ وہ مرزائی نہیں تھے۔ کچھ لوگوں نے یہ گواہی بھی دی کہ انہیں کم از کم عید کی نماز پڑھتے ہوئے تو انہوں نے بھی دیکھا ہے اس لیے دہریہ بھی نہیں کہا جاسکتا۔ وہ گناہ گار ضرور تھے لیکن دہریہ نہیں تھے۔ کتنے ہی بے نمازی ہیں جن کی نمازیں پڑھی جاتی ہیں پھر ظہور نظر کے ساتھ یہ سلوک کیوں؟ وہ مسلمان تھے اور مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔

مولانا اشعر پر یہ دلیلیں اثر کرگئیں۔

"مجھے یقین ہے وہ مرزائی نہیں تھے تاہم آپ لوگ احمدیوں کے ریکارڈ کیپر سے سرٹیفکیٹ حاصل کرلیں کہ ان کے رجسٹر میں ظہور نظر کا نام بطور احمدی درج ہے یا نہیں۔"

یہ لوگ ریکارڈ کیپر کے پاس گئے۔ اس نے ریکارڈ دیکھ کر سرٹیفکیٹ دے دیا کہ ہمارے پاس ظہور نظر کا نام بطور احمدی درج نہیں۔

اسی دوران ظہور نظر کا داماد ناصر، ظہور نظر کی نعتیں لے کر آگیا جو مولانا اشعر کے سامنے رکھ دی گئیں۔

ایسا سنا کبھی نہ تھا
ایسا ہوا کبھی نہ تھا
خلق سے اس قدر قریں
پہلے فدا کبھی نہ تھا
ارض وسما کا فاصلہ
عرصہ وسعت تعقل
راہِ سفر کا سلسلہ
وقت کا بے کراں جبل
اتنا غریب و مختصر
آپؐ کے واسطے ہوا
گنبد آسماں میں در
آپؐ کے واسطے ہوا
آپؐ کے واسطے ہوئیں
پیدا تمام رفعتیں
آپؐ کے واسطے بنیں
دونوں جہاں کی نعمتیں
آپؐ کے واسطے سے ہی
جوش میں آئیں رحمتیں
خالق کائنات کی
جتنی ہیں سب محبتیں
جتنی ہیں سب عنایتیں
آپؐ کے واسطے سے ہیں
جتنی ہیں سب فضیلتیں
آپؐ کے واسطے سے ہیں
صلی علیٰ رسولنا صلی علیٰ محمد
صلی علیٰ حبیبنا صلی علیٰ محمد

مولانا نے صفحہ پلٹا تو دوسری نعت ان کے سامنے تھی۔

کہیں پہ کچھ بھی نہ تھا ان کی ذات سے پہلے
عدم وجود میں بدلا گیا انہی کے لیے
ازل کا لفظ انہی کے لیے ہوا ایجاد
ابد کا دائرہ کھینچا گیا انہی کے لیے
انہی کے صدقے میں مجھ کو یہ ارضِ پاک ملی
انہی سے عرض ہے میری کہ اے رسولؐ خدا
یہ ارضِ پاک جسے آپؐ کے غلاموں نے
بہت مصائب و آلام سہہ کے پایا ہے
اس ارض پاک کو اپنی امان میں رکھیے

ان نعتوں کو دیکھ کر مولانا اشعر نے بلا تامل ظہور نظر کے مسلمان ہونے کا فتویٰ جاری کردیا۔

اس کے اکثر اقارب بیماری کے دوران ہی بہاولپور پہنچ گئے تھے۔ کچھ انتقال کی خبر ملتے ہی بہاولپور پہنچ گئے۔ دوست، مداح، شاعر ادیب صبح ہی سے اسے سفر آخرت پر روانہ کرنے کے لیے جمع تھے۔ مولانا اشعر کا فتویٰ ملتے ہی سب نے سکون کا سانس لیا۔

اس کی قیام گاہ فرید گیٹ محلہ غوث پورہ سے کچھ فاصلے پر ہائی اسکول کے گراؤنڈ میں اس کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ شام ہوگئی تھی یہی وہ وقت تھا جب وہ دوستوں کی محفلیں آباد کیا کرتا تھا۔ اس شام بھی تمام دوست جمع تھے۔ مداحوں نے اسے نم آنکھوں کے ساتھ ون یونٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا۔

کس طرح تراشو گے تہمت ہوس ہم پر
زندگی ہماری تو ساری بے طلب گزری

**ماخذ**
ظہور نظر فن اور شخصیت
محترم ڈاکٹر خالق تنویر



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

www.Paksociety.com

# ملکۂ رنج

سلمیٰ اعوان

احساسات کو خوب صورت الفاظ کا پیرہن ملے تو ماحول کی فسوں گری عروج پر نظر آتی ہے۔ انسانی نفسیات کی بھول بھلیوں میں بھٹکتی ابھرتی، نازک احساسات کو زبان دیتی، کومل جذبوں کی عکاس تحریر جسے ایک دور افتادہ مقام کے رسم و رواج کے زیورات سے مزین کر کے پیش کیا گیا ہے۔ اسے آپ بھی بار بار پڑھ کر لطف لینے پر مجبور ہو جائیں گے۔

## شمالی علاقہ جات کے پس منظر میں الفاظ کی جادوگری

ضلع پنیال کی وادی سنگل کی ملکہ جو اُن دنوں کراچی سے آئی ہوئی تھیں۔ میرے میزبان نے مجھے اُن کے بارے بتایا اور میں اُن سے ملنے سنگل گئی۔

سنگل خاصی بڑی وادی ہے۔ چار قدم آگے سنگل تھانہ اور آغا خان میڈیکل سینٹر ہے۔ دائیں بائیں دکانیں، سرکاری دفاتر، اسسٹنٹ کمشنر، تحصیل دار وغیرہ کی رہائش گاہیں ہیں۔ ان سبھوں پر ایک نظر ڈالتے ہوئے میں آگے بڑھ رہی تھی۔

گلیاں کہیں تنگ، کہیں کشادہ، اخروٹ کے درختوں کی بہتات تھی۔ گھروں کی دیواروں پر انگوروں کی بیلوں نے عام سے گھروں کے حسن کو بھی بڑھا دیا تھا۔ گلیوں میں کھیلتے سرخ و سفید بچے منہ اٹھا اٹھا کر جب دیکھتے تو مجھے اپنے بچے یاد آجاتے۔

لفظ پونیال ''پوپال'' سے نکلا ہے۔ جو سنسکرت میں پھلوں سے بھری تھالی کو کہتے ہیں۔ یہ وادی اپنے نام سے مطابقت رکھتی ہے۔ اس وادی کے حسن کو نظروں سے کشید کرتی ہوئی میں اس حویلی نما مکان پر پہنچی۔

پھر ایک بڑے سے دروازے سے اندر داخل ہوئی۔ آنگن اتنا صاف ستھرا اور پھل پھلواری سے لدا پھندا تھا کہ سفر کی تھکاوٹ اور کلفت یوں اڑنچھو ہو گئی جیسے منڈیر پر بیٹھی چڑیا ذرا سی آہٹ پر اڑ جاتی ہے۔ گھر میں صرف ایک خوبصورت سی جوان لڑکی تھی۔ جس نے مجھے حیرت سے دیکھا تھا۔ بقیہ لوگ قریبی کھیتوں میں گندم کی کٹائی کے لیے گئے ہوئے تھے۔

زیادہ دیر نہیں گزری تھی جب دو عورتیں اور دو مرد اندر آئے۔ درمیانی عمر کی جس عورت نے آگے بڑھ کر مجھے اپنے سینے سے لگایا اور میرا ماتھا چوما تھا اس کے خدوخال بلاشبہ ''لیونارڈو'' کی ''پہاڑی دوشیزہ'' جیسے تھے۔ نہایت شستہ اردو بول رہی تھیں۔ گلگت میں مجھے جس خاتون کے بارے میں بتایا گیا تھا وہ یہی تھیں۔ ''ملکہ تاجور''۔

چائے نمکین تھی۔ لیکن سادی چائے کا تھرموس بھی موجود تھا۔ چینی الگ سے رکھی گئی تھی۔ اس صاف ستھرے گھر کے برآمدے میں پھلوں، پہاڑوں کی برفانی چوٹیوں، نیلے آسمان اور اپنے اردگرد خوبصورت چہروں سے آنکھوں کی سکائی کرتے ہوئے مجھے نمکین چائے کی چسکیوں نے بہت لطف دیا تھا۔ میں نے ملکہ تاجور کے بار بار کہنے پر بھی چینی والی چائے پینی پسند نہ کی تھی۔

عصر کی نماز پڑھی۔ ظہر کے قضا سجدے بھی کیے۔ پتا نہیں مجھے اجنبی جگہوں پر سجدے کرنا کیوں اتنا پسند ہے؟ شاید میں ہر نئی مٹی پر ماتھا ٹیک کر اپنا کھاتہ وزنی کرنا چاہتی ہوں۔ تاکہ بوقت ضرورت کسی بڑی خواہش کی تکمیل کے لیے اس کا حوالہ دے سکوں۔ اس ضدی بچے کی طرح جو ماں سے اپنی کسی فرمائش کو پورا کرنے کے لیے اگلے پچھلے کئی چھوٹے موٹے کاموں کا احسان اس کے سر پر دھرتے ہوئے مچلتا ہے۔

یہ خاصا کشادہ گھر تھا۔ بڑے کمرے کی دیواریں پتھروں اور کچی اینٹوں سے بنائی گئی تھیں۔ چھت بڑے بڑے تختوں سے بنی ہوئی تھی۔ اس کا درمیانی حصہ تکون نما گنبد کی شکل کا تھا۔ چھت کو اخروٹ کی لکڑی کے چار موٹے موٹے ستونوں نے سہارا دے رکھا تھا۔ ان ستونوں پر نقش و نگاری کا کام ایسا عمدہ تھا کہ میں کتنی دیر تک ان پر ہاتھ پھیرتے ہوئے سوچتی رہی۔

اللہ آرٹ کے یہ نادر شاہکار اگر شہر والوں کی نظروں میں آجائیں تو وہ ان سیدھے سادے دیہاتیوں کو کیا نام دیں گے کیونکہ سب نام تو انہوں نے اپنے لیے مخصوص کر رکھے ہیں۔''

سردیوں میں گنبد کے نیچے آگ جلتی ہے۔ اس کے اردگرد گھر کے لوگ بیٹھتے ہیں۔ درمیانی جگہ کے آمنے سامنے گھر کے ضعیف افراد کے لیے لکڑی کے بڑے بڑے پلنگ نما تختے بچھے ہیں۔ دونوں طرف لکڑی کی خوبصورت الماریاں جس میں گھریلو برتن اور کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

کبھی کبھی نام شخصیت کی کس قدر بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔ ملکہ تاجور کی چال ڈھال، اٹھنے بیٹھنے کا انداز، گفتگو کرنے کے طور طریقے سبھوں میں انداز دلربائی بھی تھی اور وقار بھی۔ ذہانت آنکھوں سے ٹپکتی تھی۔ تجربہ، مشاہدہ اور علم کا خزانہ زبان کے راستے باہر آتا تھا۔

وادی سنگل کی سیر کرتے ہوئے مجھے احساس ہوا تھا کہ وادی کے جلوؤں کا حال پنجاب کی اس الڑ مٹیار کی ناک میں لشکارے مارتے لونگ جیسا ہے جو چہرے کے ذرا سے رخ بدلنے پر یوں چمکتی ہے کہ آنکھیں چندھیا جاتی ہیں۔ وہ ہوائیں جو دوپہر تک حرارت کے باعث خوشگوار اور سبک خرام تھیں۔ اب وہ بوجھل ہو کر جسم میں کپکپی کی کیفیت پیدا کر رہی تھیں۔

سنگل کے چھوٹے بڑے گھر، اُن گھروں میں کام کرتی خوبصورت عورتیں اور لڑکیاں، برآمدوں اور کمروں میں لٹکتی پرنس کریم آغا خان کی تصویریں۔ آنگنوں میں شراب بنانے والی ہوزریاں، خوبانی اور اخروٹ کے پیڑوں پر لٹکتے دل لبھاتے پھل، فضا میں بکھرتا دھواں اور پہاڑوں کی برفانی چوٹیاں سب کسی حسین خواب کی طرح دل موہ لینے والی تھیں۔ ہوائیں گندم کے پکے خوشوں کی خوشبو چرائے پھرتی تھیں۔

مغرب کے وقت واپسی ہوئی۔ نماز سے فارغ ہو کر میں اس چھوٹے سے کمرے میں آگئی جہاں لکڑی کے فرش پر گدے بچھے تھے۔ رضائیاں دھری تھیں۔ بجلی کا قمقمہ جلتا تھا پر جلنے سے زیادہ شرارتیں کرتا تھا۔ ملکہ تاجور نے ایک البم میرے گھٹنوں پر دھری رضائی پر رکھتے ہوئے کہا تھا۔ ''انہیں دیکھو میں ذرا کھانے کا جائزہ لے آؤں۔''

میں نے جلد کو پلٹا۔ پہلے صفحہ پر پوسٹ کارڈ سائز میں



READING Section



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

اس میں ٹھہرے۔ دن چڑھتا اور ہماری کشتی نیلگوں سطح پر تیرنے لگتی۔ اس کا پانی میٹھا نکھرا ہوا اور آئینے جیسا شفاف ہے۔ تہہ میں کون کون سے جانور ہیں؟ سب دکھائی دیتے ہیں۔ یہاں ٹراؤٹ مچھلیاں دل بھر کر کھائیں۔ تاجور نے مارخور کا شکار کیا اس کے گوشت کو ریسٹ ہاؤس کے عملے نے ضیافت کے طور پر اڑایا۔

''کاش اس جھیل سے نہریں نکالی جائیں۔ یہ چترال اور گلگت کے علاقوں کی خوشحالی کی ضامن بن سکتی ہیں''۔ تاجور نے کہا تھا۔

ہم پورے بیس دن بعد لوٹے تھے۔ سنگل میں اپنے گھر جہاں بابو یامین اور ماں تھے۔ چھوٹے بہن بھائی تھے۔ جنہوں نے مسرتوں کے ساتھ ہمارا استقبال کیا تھا۔ ہمیں خوش دیکھ کر نہال ہوئے تھے۔ پندرہ دن ان کے پاس رہنے کے بعد میں کراچی آ گئی تھی۔ جہاں تاجور نوکری کرتا تھا۔ پڑھتا تھا۔ محنت مزدوری کرتا تھا۔ جہاں اس کے شب و روز کولہو کے بیل کی طرح تھے۔

☆......☆

میں نے رضائی پرے پھینکی اور اٹھ کر بیٹھ گئی۔ ملکہ کی گفتگو کا سحر ایسا تھا جس نے مجھے جکڑ لیا تھا۔ آپ بیتی میں اتنی دلکشی اور حسن تھا کہ ذہن اسی زمان و مکان میں قید ہو گیا تھا۔ اندازِ بیان کسی کامیاب داستان گو جیسا تھا کہ میں کہیں پیچھے چھپ گئی تھی۔

سچی بات یہ بھی تھی کہ اس کہانی میں مجھے اپنے وجود کا احساس دلاتا کچھ ایسا لگا تھا جیسے لذیذ کباب کھاتے کھاتے اچانک ہڈی آ جائے یا کسی سنجیدہ سی محفل میں کسی فرد کی خوامخواہ ہی مداخلت پر کہا جائے۔ ''پرے ہٹ تو کی بچ پیا تلدا ایں''۔ (یعنی تم کیا بیچ میں فضول حرکتیں کرتے ہو)

لیکن کراچی پہنچ کر ملکہ کو جو فل اسٹاپ لگا اس نے مجھے تشویش میں مبتلا کر دیا تھا۔ میں نے رضائی پرے پھینکی اور اٹھ بیٹھی۔ باہر ٹھنڈی ہوائیں دف بجاتی پھرتی تھیں۔

''آگے چلیں نا۔ تب سے اب تک کی زندگی میں تو بہت سے نشیب و فراز آئے ہوں گے کچھ ہمیں کچھ بتائیں۔''

''فراز کہاں؟ نشیب ہی نشیب تھے۔ تاجور بہت بڑا فراڈ ثابت ہوا۔ ڈیڑھ سال بعد ہی گود میں پانچ ماہ کا بچہ دے کر فرار ہو گیا۔''

مجھے یوں محسوس ہوا جیسے دف بجاتی یخ ہوائیں دروازہ توڑ کر اندر آ گئی ہیں اور سارے میں انسانی حسیات کو سُن کر دینے والے عمل جاری ہو گیا ہے۔ میرے اوپر دورے کی سی کیفیت طاری تھی۔

''کیا ہوا تھا؟'' میرا ہاتھ میرے سینے پر تھا۔

''روڈ ایکسیڈنٹ میں اس نے موقع پر ہی دم توڑ دیا تھا۔ کچھ کہنے سننے کی مہلت ہی نہ دی۔ چھ فٹی کبرو جوان کو منوں مٹی تلے دبا کر مجھے سمجھ نہیں آتی تھی کہ میں کیسے زندہ ہوں؟''

وادی سنگل کی خاموشی میں ڈوبی ہوئی وہ رات میرے لیے بڑی ہنگامہ خیز تھی۔ میرے ذہن میں اتھل پتھل تھی۔ ایک تک میں کھڑکی کے راستے باہر تاریکیوں کو دیکھتے ہوئے سوچ رہی تھی۔ اس اتنی خوبصورت کہانی کا انجام اتنا المناک کیوں ہے؟ پیدا کرنے والا بھی کبھی کبھی اذیتوں کی عنایت میں لذت محسوس کرنے لگتا ہے۔

پھر میں نے اس خوبصورت چہرے کو بار بار دیکھا یہ جاننے کے لیے کہ سفر کیسے کٹا؟ پہاڑوں کی بیٹی تھی۔ پہاڑوں جتنا حوصلہ کر لیا۔ اس کے ساتھ گزرے ہوئے پانچ سو اڑتالیس دن رواں دواں ماہ و سال پر پھیلا دیے۔ جس دن کو چاہتی منہ میں رکھی چیونگم کی طرح کھینچ کر لمبا کیے جاتی۔

''یامین میرے پاس تھا۔ دو کمروں کا چھوٹا سا گھر۔ ہر روز کمرا اسی انداز میں سجاتی جو اُسے پسند تھا۔ شام کو اپنا کھانا اٹھا کر اپنے کمرے میں لے آتی۔ خود کلامی کی عادت میرے اندر یہیں سے پروان چڑھی۔ میں بالکل ایسے ہی باتیں کرتی جیسے وہ میرے سامنے بیٹھا ہو۔ دن بھر کی کارگزاری کی ایک ایک تفصیل بیٹے کی شرارتوں کا ذکر، اڑوس پڑوس کی باتیں۔ سب کچھ کہہ دینے کے بعد آنکھیں موند کر سو جاتی۔ بس یونہی اتنی عمر گزر گئی اور باقی بھی گزر جائے گی۔'' ہاں مالی تنگی کا کبھی احساس نہیں ہوا۔ پہلے یامین نے سنبھالا دیا۔ بیٹا بڑا ہوا تو میں نے سلائی کڑھائی کا کام سیکھا اور اسکول چلایا۔ بہت پیسا کمایا۔ بیٹا ہارٹ سرجری میں اسپیشلائزیشن کے لیے باہر گیا تو میں یہاں آئی ہوں۔ دیکھو مستقل ڈیرے ڈالتی ہوں یا واپس چلی جاتی ہوں۔''

''اور یامین'' میں نے پوچھا۔

''رحیم یار خان کا ڈپٹی کمشنر ہے آج کل۔''

میں نے رضائی میں منہ دے کر آنکھیں موند لی تھیں۔ مگر میں جانتی تھی مجھے نیند نہیں آئے گی۔ میرا ہر مُو سراپا احتجاج بنا ہوا تھا۔



# شمشال سے ٹورنٹو

ندیم اقبال

شاعر نے غلط نہیں کہا ہے کہ چاند میری زمیں پھول میرا وطن۔ بلکہ سچ یہ ہے کہ میرا وطن چاند سے بھی زیادہ خوب صورت ہے۔ اس کی وادی، اس کے دریا، شہر وکوہسار سب کے سب بے نظیر و بے مثال ہیں۔ جنہوں نے اس خوب صورتی کو رزقِ بصارت نہیں بنایا ان کے لیے یہ تحریر ایک تحفے سے کم نہیں، اپنے وطن کے کوہ و دمن سے آپ پیار کرتے ہیں تو انہیں لفظی تحریر کے آئینے میں دیکھیں، لطف اٹھائیں۔

**وطن دوست کے لیے ایک وطن پرست کی روداد کا دوسرا حصہ**

ہم دوئی کر کی جانب بڑھتے جا رہے تھے۔ راستہ خطرناک تھا اور پیاس سے زبان اکڑ رہی تھی۔ پانی کا نام و نشان نہ تھا کہ میری نظر ایک بوتل پر پڑی جسے کسی ٹریکر نے ادھر پھینک دی تھی، میں نے وہ اٹھا لی۔ راستے میں ایک چینل (نہر) آئی اور اس میں کچھ پانی کھڑا تھا۔ میں نے بوتل میں پانی بھرا اور غٹا غٹ پیتا چلا گیا۔ میرے بعد ان دونوں نے بھی میری تقلید کی اور اس طرح کم از کم خشک ہوتی زبانیں تر ہو گئیں۔ حلق میں پڑ رہے کانٹے نرم پڑ گئے۔ میٹھا پانی زندگی





READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

### ہم خاص کیوں ہیں :-

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

www.Paksociety.com

# احتجاج

کشمالہ حسن

احتجاج کرنا ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ دنیا بھر میں اسے جمہوریت کی معراج سمجھا جاتا ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ احتجاج سے ہی رکے ہوئے مطالبات پورے ہوتے ہیں۔

## مطالبات منوانے کے لیے کیے گئے مشہور احتجاج

احتجاج کرنا ہمارا بنیادی حق ہے۔

بچے کو بھوک لگتی ہے تو وہ رو کر احتجاج کرتا ہے۔ ہم جب چھوٹے ہوتے ہیں تو اپنی بات منوانے کے لیے ضد کرتے ہیں اور جب ضد پوری نہ ہو تو احتجاج کرتے ہیں۔

ناراض ہو جاتے ہیں۔ منہ پھلا کر ایک طرف بیٹھ جاتے ہیں۔ کھانا چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ اپنی آواز پہنچانے کا ایک طریقہ ہوا کرتا ہے۔

پھر جیسے جیسے ہم بڑے ہوتے ہیں ہمارا سیاسی اور سماجی






رابطہ مضبوط ہونے لگتا ہے۔ اپنی آواز پہنچانے اور احتجاج کے طریقے بھی مختلف اور شدید ہوتے چلے جاتے ہیں۔

جب کوئی بڑا مسئلہ ہو تو پھر ہمارا احتجاج انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی ہوا کرتا ہے۔ ہم ایک گروپ کی صورت میں اپنا احتجاج ریکارڈ کرواتے ہیں۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ احتجاج کے کون کون سے طریقے اس وقت پوری دنیا میں واضح ہیں اور اپنے مطالبات پیش کرنے کے لیے انسان کیا کیا کرتا ہے۔

Die in یعنی احتجاجی موت۔ احتجاج کی یہ منظم تحریک اور انداز ہے۔ ایسے Lie in بھی کہا جاتا ہے۔

اس قسم کے احتجاج کے کئی مقاصد ہو سکتے ہیں۔ جیسے عالمی امن کے لیے، ناانصافی کے لیے، ماحولیات کے تحفظ کے لیے، ایڈز کے خلاف، اسقاطِ حمل کے خلاف وغیرہ وغیرہ۔

اس کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ احتجاج کرنے والے پلے کارڈز لیے کسی سڑک، چوراہے یا کسی اہم سرکاری عمارت کے سامنے زمین پر اس طرح لیٹ جاتے ہیں جیسے مر گئے ہوں اور ہر طرف ان کی لاشیں بکھری ہوئی ہوں۔

اس احتجاج کا مقصد لوگوں کو اپنے مطالبات کی طرف توجہ دلانا ہوتا ہے۔ کبھی کبھی یہ لوگ تاثر کو شدید کرنے کے لیے سرخ رنگ کی پٹیاں بھی باندھ لیتے ہیں جیسے بہت زخمی ہوں۔

اس قسم کا احتجاج پوری دنیا میں ہوا کرتا ہے۔ یہ پُرامن احتجاج ہوتا ہے۔ سب سے بڑا مظاہرہ 15 ستمبر 2007ء میں امریکا کے دارالخلافہ واشنگٹن میں ریکارڈ ہوا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی تھی۔ یہ مظاہرہ عراق جنگ اور امریکا کی پالیسیوں کے خلاف کیا گیا تھا۔

زنجیری احتجاج، یا Lock-On پروٹسٹ۔

اس میں احتجاج کرنے والے اپنے آپ کو زنجیروں میں باندھ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ کبھی کبھی ہاتھوں کی انسانی زنجیر بھی بنالی جاتی ہے۔

اس قسم کے احتجاج کرنے والے کبھی کبھی اپنے ساتھ پلاسٹک کے پائپس بھی رکھتے ہیں۔ پاکستان میں بھی انسانی زنجیر کے ذریعے احتجاج کیا جاتا ہے۔

یہ احتجاج بھی پُرامن ہوا کرتا ہے۔ جب انہیں یقین ہو جاتا ہے کہ انہوں نے اپنا احتجاج ریکارڈ کروا دیا ہے تو پھر پُرامن طور پر منتشر ہو جاتے ہیں۔

قبضہ احتجاج

اس قسم کے احتجاج سے لڑائی جھگڑوں کے اندیشے ہوا کرتے ہیں۔

اس قسم کا احتجاج کرنے والے کسی عمارت یا فیکٹری میں داخل ہو کر وقتی طور پر اس پر قبضہ کر کے اپنے مطالبات پیش کرتے ہیں۔

عام طور پر فیکٹریز پر قبضے کے واقعات زیادہ ہوا کرتے ہیں۔ یہ احتجاج مزدوروں کی یونین کی جانب سے ہوا کرتا ہے۔

1930ء میں انڈسٹریل ورکرز آن دی ورلڈ نے پہلی بار امریکا میں احتجاج کا یہ طریقہ ریکارڈ کروایا۔

اس کے بعد دوسرا قبضہ ارجنٹینا میں ہوا۔ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی تاریخ بھی بہت طویل ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں اس قسم کا احتجاج ہوا ہے۔

Occupy movements

یہ احتجاج کی بین الاقوامی تحریک ہے جو معاشی اور سماجی ناانصافیوں کے خلاف پوری دنیا میں اپنی آواز پہنچایا کرتی ہے۔

اس تحریک کا سلوگن ہے ہم ننانوے فی صد ہیں۔ اس لیے دنیا کے صرف ایک فی صد افراد کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ ہمارے حقوق سلب کرے۔ ہمیں غربت کے اندھیروں میں دھکیل دے۔

یہ تحریک گلوبل فنانشل سسٹم (سامراجیت) کے خلاف ہوتی ہے۔ اس قسم کا پہلا احتجاج جس نے پوری دنیا کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی۔ وہ نیویارک کے زکوٹی پارک میں 17 دسمبر 2011ء کو ہوا تھا۔

پھر دیکھتے ہی دیکھتے یہ تحریک دنیا کے 82 ممالک اور ہزاروں شہروں میں پھیل گئی۔ ایران، چین، جاپان ہر جگہ اس قسم کے مظاہرے ہوئے۔ اس میں لاکھوں افراد شریک ہوتے ہیں۔ اس تحریک کے کئی مراحل ہوا کرتے ہیں، جیسے

1۔ قبضہ۔

2۔ پُرامن طور پر اپنا احتجاج ریکارڈ کروانا۔

3۔ سول نافرمانی (یعنی حکومت کے معاشی مفادات کے خلاف)

4۔ مظاہرہ۔

5۔ اندرونی سرگرمیاں (پمفلٹ، کتابچے، تقاریر وغیرہ)

6۔ عام ہڑتال اور اگر پھر بھی بات نہ مانی جائے یا مقصد نہ پورا ہو تو براہِ راست ایکشن۔ عام طور پر اس قسم کے



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

www.Paksociety.com

مظاہرین پُرامن طور پر منتشر ہو جاتے ہیں۔

برصغیر میں اپنی آواز اور اپنا احتجاج ریکارڈ کروانے کے دو طریقے تھے۔ راستہ روکو اور ریل روکو۔

اس میں راستوں پر رکاوٹیں کھڑی کر دی جاتی تھیں یا مسافروں کو آگے بڑھنے سے روک دیا جاتا تھا۔ اس قسم کا احتجاج بھی کبھی کامیاب یا کبھی ناکام ہو جایا کرتا۔

راستہ روکو کی طرح ریل روک تحریک بھی تھی۔ نام ہی سے ظاہر ہے کہ اس میں کیا ہوتا ہوگا۔ اس میں احتجاج کرنے والے ریلوے ٹریک پر لیٹ جایا کرتے اور ریلوں کی آمدورفت بند ہو جاتی۔ حالیہ دنوں میں پاکستان میں بھی کئی بار اس قسم کا احتجاج دیکھا گیا ہے۔

بھوک ہڑتال

یہ بھی غیر تشدد مزاحمت یا دباؤ کا طریقہ ہے۔ جس میں شریک افراد فاقے کرتے ہیں تاکہ لوگوں کی توجہ اپنے مسئلے کی طرف مرکوز کرا سکیں۔

مسائل سیاسی، سماجی اور معاشرتی ناانصافیوں کے حوالے سے ہو سکتے ہیں۔

پچھلے دنوں ہندوستان میں انا ہزارے کی بھوک ہڑتال نے عالمی شہرت حاصل کی تھی۔ اکثر بھوک ہڑتال میں ٹھوس کھانے سے پرہیز کیا جاتا ہے لیکن مائع سے نہیں۔

دھرنا Sit in

دھرنے میں شامل افراد اپنے مطالبات منوانے کے لیے کسی ایک مقام پر بیٹھ جاتے ہیں اور ان کا یہ دھرنا اس وقت تک چلتا رہتا ہے جب تک یا تو وہ گرفتار نہ ہو جائیں' انہیں منتشر نہ کر دیا جائے یا ان کے مطالبات تسلیم نہ ہوں۔

ان دنوں ہماری سیاسی اور سماجی زندگی میں ایک ہی لفظ کی بازگشت ہے اور وہ ہے دھرنا۔ یہ وہ لفظ ہے جو بچے بچے کی زبان پر ہے۔ جینا ہوگا مرنا ہوگا دھرنا ہوگا دھرنا ہوگا۔

آپ اخبارات دیکھ لیں یا ٹی وی کے چینلز دیکھ لیں یا سماجی ویب سائٹ پر جائیں ہر جگہ دھرنا ہی دھرنا ہے۔

آئیں آپ کو دھرنے کے بارے میں کچھ معلومات فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

انگریزی میں اسے Sit in کہا جاتا ہے۔ دھرنے میں شامل افراد اپنے مطالبات منوانے کے لیے کسی جگہ بیٹھ جاتے ہیں۔

انتظامیہ جب دیکھتی ہے کہ دھرنے کی وجہ سے روز مرہ زندگی کے معمولات میں خلل پیدا ہو رہا ہے تو وہ انہیں منتشر کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کرتی ہے۔

جیسے پانی کا چھڑکاؤ (واٹر کینن)، آنسو گیس کی شیلنگ، ربڑ کی گولیاں اور جب زیادہ سختی کرنی ہو تو خالص گولیاں۔

اس کی تاریخ بہت پرانی ہے۔

ہم آپ کو دنیا کے چند مشہور دھرنوں کے بارے میں بتاتے ہیں۔

اگست 1940ء میں افریقی امریکی اٹارنی سیموئل وجوٹ نے ایک دھرنے کا اہتمام کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب نسلی تعصب انتہا پر تھا۔

اس کے بعد یہ دھرنے تواتر سے ہونے لگے۔ عام طور پر یہ دھرنے کسی ہوٹل یا ریستوران کے مالکان کے خلاف ہوا کرتے تھے کیونکہ ان کی پالیسی نسلی امتیاز کی پالیسی ہوا کرتی تھی۔

پہلی دفعہ یہ دھرنے منظم طور پر فادر ڈیوائن نے انٹرنیشنل پیس مشن موومنٹس کے زیرِ انتظام کیے یہ دھرنے نسلی تعصب کے خلاف تھے۔

بعد میں کیفے ٹیریا ورکرز یونین بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئی ابتدا میں صرف 302 مقامی افراد نے ان دھرنوں میں شمولیت کی تھی۔

نیویارک ٹائمز کی اشاعت کے مطابق 23 ستمبر 1939ء کو 75 سے 100 آدمیوں کے ایک گروپ نے اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دیا۔ یہ دھرنا نیویارک کی اکتالیسویں اسٹریٹ پر دیا گیا تھا اور دھرنا دینے والوں کو بہت حیرت سے دیکھا جا رہا تھا۔ کیونکہ اس زمانے میں یہ نئی چیز تھی۔

1942ء میں ایک دھرنا شکاگو کے 147 اسٹریٹ پر ہوا تھا۔ اس دھرنے میں کل 27 افراد تھے۔ انتظامیہ نے فوری طور پر پولیس کی مدد حاصل کر لی تھی لیکن کوئی گرفتاری اس لیے عمل میں نہیں آئی کہ یہ دھرنا بغیر کسی تشدد کے خود ہی ختم ہو گیا تھا۔ یعنی کسی قسم کی توڑ پھوڑ نہیں ہوئی تھی۔

1955ء بالٹی مور میری لینڈ میں ایک دھرنا دیا گیا۔ یہ دھرنا مورگن اسٹیٹ کالج کے طالب علموں نے اپنے مطالبات کے لیے دیا تھا۔ یہ دھرنا ایک ایسے اسٹور کے خلاف تھا جو طالب علموں سے امتیازی سلوک رکھتا تھا۔ یہ ایک مختصر دھرنا تھا جو صرف ڈیڑھ گھنٹے جاری رہا۔ اس کے بعد طالب علم خود چلے گئے تھے۔

ایک دل چسپ دھرنا 1957ء میں ڈریم نارتھ



کیرولینا میں ایک آئس کریم پارلر کے خلاف دیا گیا تھا۔ اس دھرنے کو رائل آئس کریم دھرنے کا نام دیا گیا تھا۔

یہ دھرنا 23 جون 1957ء میں دیا گیا تھا اور اس دھرنے میں کل سات افراد تھے جن میں سے چار مرد اور تین خواتین تھیں یہ دھرنا آئس کریم پارلر کے سامنے دیا گیا تھا۔

1958ء میں اوکلاہاما میں ایک دھرنا دیا گیا تھا۔ یہ دھرنا بھی ایک بڑے اسٹور کی پالیسیوں کے خلاف دیا گیا تھا۔ اس دھرنے کا آغاز یوتھ کونسل کی ایک لیڈر کلارا نے کیا تھا جو ایک ہائی اسکول کی ٹیچر تھی۔ یہ دھرنا بھی بغیر کسی تشدد کے ختم ہوا تھا۔

1969ء میں ویت نام کی جنگ کے خلاف دھرنا دینے والوں میں یوکو یونو اور اس کا شوہر لے نن بھی تھے۔

یوکو یونو ایک جاپانی آرٹسٹ اور سنگر تھا۔ اس نے ٹوکیو میں پرورش پائی۔ وہیں سے عملی زندگی کا آغاز کیا پھر یہ خاندان امریکا شفٹ ہو گیا تھا۔

لندن میں ہونے والی ایک میوزک کانفرنس میں اس کی ملاقات مشہور زمانہ بیٹلز گروپ کے لے نن سے ہوئی۔ دونوں نے 1963ء میں شادی کر لی۔

انہوں نے ویت نام کی جنگ کے خلاف دھرنا دیا تھا۔ اس دھرنے کی وجہ شہرت شاید یہی دونوں تھے۔ یکم فروری 1960ء میں امریکا میں سیاہ فام طالب علموں کی ایک جماعت نے دھرنے کی تحریک کا آغاز کیا اور دیکھتے ہی دیکھتے یہ تحریک جنگل کی آگ کی طرح پچپن شہروں تک پھیل گئی۔

اب ایک نظر اکیسویں صدی میں ہونے والے چند بڑے دھرنوں پر۔

چین

ماؤزے تنگ کی موت کے بعد چین میں مختلف موضوعات پر بے شمار دھرنے ہوئے۔ یہ دھرنے اظہار کی آزادی، زیادہ معاوضے، مزدوروں کی فلاح، ماحولیات، کرپشن، جبر اور خاص طور پر کمیونسٹ پارٹیز کی پالیسیوں کے خلاف ہوا کرتے۔

ان دھرنوں میں رائے عامہ کو جاننے کے لیے دستخطی مہم بھی چلائی جاتی۔

1989ء میں Tinanmen اسکوائر میں ہونے والا دھرنا آخرکار سخت قسم کا متشدد ہو گیا۔ ان لوگوں نے جمہوریت کے حق میں مظاہرہ کیا تھا۔ حکومت نے پولیس اور فوج کی مدد حاصل کی اور بے شمار افراد مارے گئے۔

نت نئے کرداروں کو الفاظ کے حسین
قالب میں ڈھالتی پُراثر اور
حساس تحریروں کی خالق
ماہنامہ پاکیزہ کی دیرینہ ساتھی
مایہ ناز مصنفہ محترمہ
رفعت سراج
کے مشاق قلم کا ایک اور شاہکار ناول
عظیم شاعر مرزا اسد اللہ غالب
کی لازوال شاعری کے ایک
قطعے سے مستعار لیا عنوان
پہ..... کہاں بچیں کہ دل ہے
انشاءاللہ بہت جلد پاکیزہ کے
صفحات کی زینت بننے جا رہا ہے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

1978ء میں ژانگ ژی ینگ نام کے ایک ماہر اقتصادیات نے اپنا چار نکاتی فارمولہ پیش کیا۔ جس کی پارٹی کی طرف سے مخالفت ہوئی۔

اس نے بیجنگ شہر کی ایک دیوار پر اپنا فارمولا چسپاں کردیا۔ دیکھتے دیکھتے سینکڑوں افراد نے اس دیوار پر کاغذ چپکائے اور اپنے دستخطوں کے ذریعے اس فارمولے کی تائید کی۔ اتنا ہی نہیں بلکہ دیوار کے سامنے دھرنا دے کر بیٹھ گئے اس طرح وہ دیوار دیوارِ اظہار کہلانے لگی۔

تبت

تبت میں 1959ء سے 2008ء تک حکومتی پالیسیوں کے خلاف دھرنے ہوتے رہے ہیں۔

مصر

حالیہ تاریخ میں مصر کے تحریر اسکوائر نے پوری دنیا میں شہرت حاصل کرلی۔ مصر کے صدر محمد مرسی کے خلاف 30 جون 2013ء میں بہت بڑے دھرنے کا آغاز ہوا۔ مطالبہ یہ تھا کہ مرسی استعفیٰ دیں۔

مرسی نے یہ مطالبہ ماننے سے انکار کردیا جس کے نتیجے میں ہزاروں افراد تحریر اسکوائر پر جمع ہوتے چلے گئے۔ حکومت نے پولیس اور فوج کی مدد سے اس مظاہرے اور دھرنے کے خلاف 14 اگست کو شدید کارروائی کی جس میں 638 افراد ہلاک ہوئے اور ہزاروں زخمی ہوئے۔ ہیومن رائٹس کے مطابق بارہ سو افراد ہلاک ہوئے تھے۔ دھرنے کے شریک افراد فتح کا نشان کے طور پر ایک دوسرے کو رابطہ کا نشان دکھاتے تھے۔ یعنی چار انگلیاں کھڑی کرکے اور انگوٹھے کو ہتھیلی سے لگا کر۔

اس کے بعد اتنی سختی ہوئی کہ جو بھی شخص ایسا نشان بناتا ہوا دکھائی دیتا اسے گرفتار کرلیا جاتا تھا۔

پاکستان

ہمارے ملک پاکستان میں بھی دھرنوں کی تاریخ پرانی ہے۔

چھوٹے موٹے دھرنے تو ہوتے ہی رہے ہیں لیکن ہم بڑے دھرنوں کا ذکر کررہے ہیں۔

حالیہ گزشتہ برسوں میں پرویز مشرف کے دور میں، چیف جسٹس کی بحالی کے لیے وکیلوں نے کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دیا تھا۔ اس کی قیادت ریٹائرڈ جسٹس رشید اے رضوی اور سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے محمود الحسن، منیر اے ملک اور کچھ دوسرے کررہے تھے۔ وکیلوں کا ساتھ دینے کے لیے سیاسی پارٹیز بھی میدان میں آگئی تھیں۔ جیسے لیبر پارٹی پاکستان، تحریک انصاف، پاکستان ملی عوامی پارٹی اور سنی تحریک وغیرہ۔

کوئٹہ میں ہزارہ قبیلے کی آبادی میں بم بلاسٹ ہوا جس میں سو سے زائد افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اس دھماکے پر احتجاج ریکارڈ کرانے کے لیے پورے پاکستان میں ہر چھوٹے بڑے شہر میں یا بڑے شہروں میں بیک وقت کئی کئی مقامات پر دھرنا دیا گیا جو تین شب و روز جاری رہا۔

اب آجائیں پاکستان بلکہ شاید دنیا کی تاریخ کے ان دھرنوں کی طرف جو اپنے حجم اور اپنی مدت کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہیں۔

بڑے دھرنوں کی ابتدا طاہر القادری نے کی، یہ دھرنا 2013ء میں اسلام آباد میں دیا گیا تھا اور راجا پرویز اشرف نے خود جا کر شرکاء کے مطالبات سنے تھے۔

یہ دھرنے ہیں آزادی مارچ اور انقلاب مرچ کے۔

دراصل کوئی بھی دھرنا یا تحریک ایک دم نہیں شروع ہوتی۔ بلکہ مہینوں، برسوں سے لاوا پکتا رہتا ہے پاکستان میں ایسا لاوا الیکشن کے بعد ہی پکنا شروع ہوگیا تھا جب عمران خان نے نواز شریف پر دھاندلی کے الزامات لگائے۔ اس کے بعد پاکستان عوامی تحریک بھی اپنے مطالبات لے کر شامل ہوگئی۔ کیونکہ لاہور کے ماڈل ٹاؤن میں منہاج القرآن کے چودہ افراد شہید ہوئے تھے۔

اب کئی مطالبات تھے الیکشن کی دھاندلی، حکومت کی برطرفی، چودہ افراد کے قتل کی ایف آئی آر وغیرہ۔ ان سب نے مل کر ایک بڑی تحریک کی شکل اختیار کرلی اور یہ طے پایا کہ لاہور سے جلوس روانہ ہوکر اسلام آباد پہنچ کر پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے دھرنا دے گا۔

14 اگست 2014ء کو لاہور کے زمان پارک سے جلوس روانہ ہوا دوسرے شہروں کے لوگ آکر ملتے رہے اور کارواں بنتا چلا گیا۔

آزادی مارچ کی قیادت عمران خان کررہے تھے اور انقلاب مارچ کی ڈاکٹر طاہر القادری واضح طور پر دو دھڑے بن گئے۔

ایک طرف نواز شریف، شہباز شریف، چوہدری نثار علی خان، دیگر وزراء، پاکستان پیپلز پارٹی اور محمود خان اچکزئی تھے۔ حکومت کی طاقت تھی تو دوسری طرف عمران خان کے ساتھ شاہ محمود قریشی، جاوید ہاشمی، شیخ رشید، اسد عمر، اعجاز چوہدری اور جمشید دستی تھے۔

جب کہ طاہر القادری کے ساتھ چوہدری شجاعت، پرویز الٰہی، غلام مصطفیٰ کھر، آصف احمد علی وغیرہ تھے۔



# علاج

رابعہ اے خالد

مسیحائی کھیل نہیں۔ انسان کا ذہن الجھی ڈور ہے اور مرض کا منبع دماغ۔ جس معالج نے الجھی ڈور کا سرا پکڑ لیا اس کے لیے علاج کرنا بازیچۂ اطفال ہے۔ اس نے بھی اسی کلیہ کو آزمایا اور ایک نفسیاتی طور پر شکست خوردہ ذہن میں زندگی کی جوت جگانے میں کامیاب ٹھہرا۔

**انوکھے انداز سے مسیحائی کا دلچسپ قصہ**



بدھ کی شام چھ بجے جان مجھ سے ملنے میرے کلینک پہنچا۔ میں اس وقت اپنے مریضوں کے ساتھ خاصا مصروف تھا۔ اس لیے اسے دو گھنٹے میرا انتظار کرنا پڑا۔ فارغ ہونے کے بعد میں نے اسے اندر بلایا۔ وہ جب میرے کمرے میں داخل ہوا تو مجھے احساس ہوا کہ وہ خاصا پریشان تھا۔ جان میرے بچپن کا دوست تھا۔ اگرچہ وہ عمر میں مجھ سے چھ سال سال بڑا تھا لیکن اس امر میں کوئی شک نہیں تھا کہ زندگی کے ہر موڑ پر ہماری دوستی قائم ہے۔ وہ ایک مہربان اور نفیس



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

# خواب

شیراز خان

خواب دیکھنا ہر ایک شخص کو اچھا لگتا ہے لیکن وہ خود بھی من پسند خواب نہیں دیکھ سکتا اور خواب دیکھنے سے خود کو محفوظ بھی نہیں رکھ سکتا۔ آخر یہ خواب ہمیں نظر کیوں آتے ہیں۔

**ایک مختصر سا دلچسپ جائزہ بطور خاص خوش ذوق قارئین کے لیے**

خواب ہمارے زندگی کا ایک لازمی حصہ ہیں۔

ذہنی گھٹن کو دور کرنے کے لیے خواب دیکھنا بہت ضروری ہے۔ فرائڈ نے کہا تھا کہ نا آسودہ خواہشات کی تکمیل خوابوں کے ذریعے ہوتی ہے۔

خوابوں کا موضوع بہت وسیع ہے۔ خوابوں کے بے شمار پہلو اور بے شمار کیفیات ہیں لیکن اس مضمون میں ہم نے ان خوابوں کے حوالے سے بات کی ہے جو دنیا کے مشہور لوگوں نے دیکھے اور ان کے خواب سچ ثابت ہوئے۔

ان کے خوابوں کا ذکر مذہبی کتابوں میں موجود ہے۔

تو آئیں سب سے پہلے حضرت یوسفؑ اور ان کے حوالے سے فرعون کا خواب دیکھتے ہیں۔

جس وقت زلیخا کے الزام لگانے پر حضرت یوسفؑ کو قید ہوئی تو ان کے ساتھ دو اور کو بھی قید کیا گیا۔ ایک فرعون کا ساقی تھا اور دوسرا ایک داروغہ۔ ایک رات دونوں نے خواب دیکھا اور حضرت یوسفؑ سے آکر بیان کیا۔ ساقی نے کہا کہ میں نے انگور کا ایک درخت دیکھا۔ اس کی تین شاخیں نکلیں اور اس کے پھل پھول آئے پھر انگور کے گچھے پک گئے۔ میرے ہاتھ میں فرعون کا پیالہ تھا۔ میں نے شراب کشید کی اور فرعون کو پلا دی۔

دوسرے نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں کہ میرے سر پر تین ٹوکرے روٹیوں کے ہیں، اوپر کے ٹوکرے سے پرندے روٹیاں کھا رہے ہیں۔

حضرت یوسفؑ نے ساقی کو خواب کی تعبیر بتائی۔ ''انگور کی 3 شاخوں سے مراد تین روز ہیں۔ سو تین روز کے بعد تو فرعون کو شراب پلانے کے عہدے پر بحال ہو جائے گا اور دوسرے سے کہا کہ 3 ٹوکروں سے مراد 3 دن ہیں۔ 3 روز کے بعد تجھے سولی دی جائے گی اور پرندے تیرا مغز کھائیں گے۔''

اور یہی ہوا۔ ساقی اپنے عہدے پر بحال ہو گیا اور دوسرے کو پھانسی دے دی گئی۔

اور اب فرعون کا خواب دیکھیں۔

اس نے دیکھا کہ وہ چپ چاپ دریا پر کھڑا ہے کہ دریا سے سات موٹی اور خوب صورت گائیں نکلیں اور گھاس چرنے لگیں۔

ان کے بعد سات اور بدشکل اور دبلی گائیں دریا سے نکلیں اور ان موٹی اور خوب صورت گائیوں کو کھا گئیں۔

فرعون ان خوابوں سے بہت ڈر گیا۔ اس نے دربار میں اپنا خواب بیان کیا۔ اتفاق سے ساقی کو یاد آ گیا کہ جس وقت وہ قید میں تھا اس نے اور داروغہ نے خواب دیکھے تھے اور قید خانے میں موجود ایک قیدی یوسف نے خوابوں کی تعبیر بتا دی تھی۔

فرعون نے حکم دیا کہ جاؤ میرے خوابوں کی تعبیر معلوم کرو۔

حضرت یوسفؑ نے تعبیر بیان فرمائی کہ وہ سات اچھی اور خوب صورت گائیں اچھی فصلوں اور غلے کی فراوانی ہیں۔ یعنی سات برسوں تک خوب اچھی فصل ہوتی رہے گی۔ اس کے بعد سات گائیں یعنی سات سال ایسے آئیں گے جو قحط کے





ہوں گے اور سب کچھ برباد ہو جائے گا۔

اس لیے ہوشیاری اسی میں ہے کہ اچھے دنوں کی فصلوں کو تھوڑا سا بچا کر رکھا جائے تا کہ کام آسکیں۔

آپ خود حضرت یوسفؑ کا ایک خواب ملاحظہ فرمائیں۔

یہ خواب آپ نے اپنے آخری دنوں میں دیکھا تھا جب حضرت یعقوبؑ کا انتقال ہو چکا تھا اور حضرت یوسفؑ مصر میں بہت اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔

آپ دیکھتے ہیں۔ ایک نہایت پُرفضا جگہ ہے۔ وہاں پر چند کرسیاں رکھی ہیں۔ ایک پر حضرت ابراہیمؑ ایک پر حضرت اسحاقؑ اور ایک پر حضرت یعقوبؑ تشریف فرما ہیں۔ جب کہ ایک کرسی خالی ہے اور ایک طرف یوسفؑ کی والدہ ماجدہ تشریف رکھتی ہیں۔

حضرت یوسفؑ وہاں پہنچتے ہیں اور سب ان سے لپٹ کر رونے لگتے ہیں۔ حضرت یعقوبؑ فرماتے ہیں۔ ''اے فرزند تو کب تک اپنے راہ دکھائے گا آ ہم تیرے انتظار میں ہیں۔''

آنکھ کھلی تو آپ کی روح پر اپنے بزرگوں سے ملنے کی سخت بے قراری تھی۔ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا فرمائی۔ ''اے اللہ مجھے صالحین سے ملوا دے۔''

بس کچھ دنوں کے بعد آپ کا انتقال ہو گیا۔

ان خوابوں کا ذکر قرآن کے علاوہ ہماری مذہبی کتابوں میں بھی ہے۔

ایک اور مشہور خواب جولیس سیزر کی بیوی کیلی فورنیا کے حوالے سے ہے۔ اس نے خواب میں دیکھا تھا کہ اس کا شوہر جب سینیٹ کے اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچا تو چاروں طرف سے لوگ تلواریں لے کر اس پر ٹوٹ پڑے۔ ان میں سیزر کا دوست بروٹس بھی شامل تھا۔

### فرانس بیکن

مشہور ادیب اور سائنس دان۔ پیرس میں مقیم تھا۔ جب کہ اس کا باپ لندن برطانیہ میں بیمار پڑا ہوا تھا۔ ایک شب جب برطانیہ میں اس کا باپ قریب المرگ تھا بیکن نے خواب میں اپنا آبائی گھر دیکھا۔ جس کی دیواروں پر کالا پلاستر چڑھا ہوا تھا۔

اس سے اسے یقین ہوا کہ خونی رشتوں کے درمیان ٹیلی پیتھی کا رشتہ بہت ممکن ہے۔

آبائی مکان اس کے باپ کا تھا اور دیواروں پر آئی ہوئی سیاہی باپ کی موت تھی۔

### آلیورکرامویل

اس شخص نے ایک رات دیکھا کہ وہ اپنے کمرے میں ہے کوئی کتاب پڑھ رہا ہے اچانک کمرے کا پردہ ایک طرف ہٹتا ہے اور ایک خوب صورت اور باوقار عورت کرامویل کے سامنے آکر کہتی ہے۔ ''تم ایک دن انگلینڈ کے عظیم ترین انسان بنو



READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

# تاریخ عالم

منظر امام

یہ عالم رنگ و بُو لفظ کُن سے خلق ہوا، سائنسدانوں نے کہا یہ تو بِگ بینگ سے وجود میں آیا۔ اس کرۂ ارض کے وجود میں آتے ہی زندگی نے انگڑائی لی۔ آدمی کا وجود سامنے آیا۔ آدمی نے ہی اس کرۂ ارض کی رنگینی میں اضافہ کیا۔ اس میں ترقی کا اسپ تیز رفتار دوڑایا۔ یہ دنیا ترقی یافتہ دنیا، رنگینیوں، آسائشوں سے بھری دنیا کوئی ایک دن کی کہانی نہیں۔ ہزاروں سال پر محیط کہانی ہے جسے نہایت مختصر مگر جامع انداز میں احاطہ تحریر میں لایا گیا۔

**خوش ذوق قارئین کے لیے ایک دلچسپ تحریر کا دسواں حصہ**



تاریخ کا یہ سفر اپنے آخری مراحل میں ہے۔

ہم 1300 عیسوی تک آچکے ہیں۔ اس معلوم تاریخ کے دوران وقت نے بہت کچھ دکھا دیا ہے۔ حکمرانی کے لیے جوڑ توڑ، ایک دوسرے کا خون بہانا، ظلم، بربریت۔

ایسا لگتا ہے جیسے پوری انسانی تاریخ ایک ایسا جنگل ہے جس میں ہر طرف خونی درندے ایک دوسرے کو پھاڑ کھانے کے لیے گھومتے پھرتے ہیں۔

اس قسم کے جنگل میں کبھی کبھی کوئی چراغ بھی دکھائی



دے جاتا ہے۔ یہ چراغ پیغمبر ہیں، اولیاء ہیں، مفکر ہیں، دانش ور ہیں، سائنس داں ہیں، اہلِ علم ہیں۔

یہ وہ لوگ ہیں جو اس تاریک اور اس خونخوار جنگل میں سکون کا درس دیتے نظر آتے ہیں اور ہر دور میں ایسے لوگ بہت کم رہے ہیں۔

بہرحال اب آجائیں 1200 عیسوی سے 1392 عیسوی تک۔ اس دور میں بھی بہت کچھ ہوتا رہا۔ دنیا بھر میں علمی وادبی تحریکیں پیدا ہوتی رہیں۔

1200 سے 1299 تک میں ہم نے روم، یونان، فرانس اور جرمنی وغیرہ کا ذکر کیا تھا جب کہ کئی اہم ممالک کا ذکر ابھی باقی ہے۔ جیسے برطانیہ، روس، سسلی وغیرہ۔

1300 سے لے کر 1399 تک میں جانے سے پہلے ایک نظر اگر ان اہم ممالک پر بھی ڈال لی جائے تو تاریخ عالم کو سمجھنے میں بہت آسانی رہے گی۔ اس کے بعد ہم 1300 میں داخل ہوجائیں گے۔ آئیں سب سے پہلے برطانیہ کو دیکھتے ہیں۔

برطانیہ

عہد قدیم میں برطانیہ وحشی قبائل کا مسکن تھا۔ ساتویں صدی قبل مسیح میں یورپ سے چند نئے قبائل جو سلیٹس کے نام سے مشہور تھے ان جزائر میں داخل ہوئے اور اصل باشندوں کو پہاڑوں میں دھکیل دیا۔

55 قبل مسیح میں جولیس سیزر نے جو اس وقت فرانس کا گورنر تھا، برطانیہ کو فتح کرلیا لیکن مال غنیمت اور کئی ہزار غلام لے کر واپس چلا گیا۔

43 قبل مسیح میں کلاڈی کیس (41 سے 54) نے برطانیہ کو فتح کرلیا اور یہ جزائر اندازاً چار سو برس تک روم کے زیرِ نگیں رہے۔

روم کے بعد جرمن کے تین قبائل اینگلز، سیکنز اور جوٹس برطانیہ پر چھا گئے۔ یہ لوگ نہایت جاہل، اجڈ اور جنگ پسند تھے۔ گارے کے گھروں میں رہتے۔ کھالیں پہنتے اور آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ ان کے سردار الگ الگ تھے۔ دو ڈھائی صدیوں کے بعد ان میں الفریڈ نام کا ایک سردار اٹھا جس نے مختلف قبائل کو مطیع کرکے ایک باقاعدہ حکومت کی بنیاد ڈالی۔ یہ صاحب علم بھی تھا۔ اس نے لاطینی کی چند کتابوں کو انگریزی میں منتقل کیا۔

برطانوی سلاطین کا سلسلہ اس سے شروع ہوتا ہے۔

1۔ الفریڈ اوّل۔ 871 سے 901 عیسوی۔

2۔ ایڈورڈ اوّل۔ 901 عیسوی سے 925 عیسوی۔

اس کے بعد یہ سلسلہ ہیرلڈ دوم تک آتا ہے۔ زمانہ ہے 1066 عیسوی۔ فرانس کے ولیم نے برطانیہ پر قبضہ کرلیا۔ موجودہ شاہی خاندان اسی ولیم کی اولاد ہے۔

ولیم اوّل (فاتح کے لقب سے مشہور۔ اس کا زمانہ 1066 سے 1087 تک کا ہے)۔

اس کے بعد پھر یہ سلسلہ ہنری سوم تک چلا جس کا زمانہ 1216 سے 1272 تک کا ہے۔

اس کے بعد جدول کے لحاظ سے 1300 عیسوی کے حکمرانوں کے نام آتے ہیں جن کا ذکر بعد میں آئے گا لیکن اس سے پہلے ایک اور بڑی طاقت روس کو دیکھ لیں۔

روس

روس صدیوں سے اسلامی ممالک کا ہمسایہ چلا آتا ہے۔ اس کے جنوب میں افغانستان، بخارا، ایران وعراق واقع ہے اور جنوب مغرب میں ترکی۔

افغانستان کے سوا باقی تمام ممالک بارہ سو سال تک علم و ثقافت کا مرکز رہے ہیں۔ یہ ناممکن ہے کہ روس ان ممالک کی تہذیب سے غیر متاثر رہا ہو۔

دریائے والگا کے دونوں طرف لاکھوں مسلمانوں کا وجود ہی اس بات کی شہادت ہے کہ اسلامی اثرات غربی روس کے اندرونی خطوں تک پہنچ گئے تھے۔

روس کی مختصر تاریخ کچھ یوں ہے۔

نویں صدی عیسوی سے پہلے روس میں کیا ہو رہا تھا اس کے بارے میں بہت کچھ نامعلوم ہے صرف اتنا معلوم ہے کہ یہاں بھی وحشی قبائل آباد تھے جن کے سردار جدا جدا تھے۔

سرداروں کا یہ سلسلہ تیرہویں صدی تک جاری رہا۔ چنگیز خان نے 1227 عیسوی میں روس پر حملہ کیا تھا اور وہاں اپنی سلطنت قائم کرلی تھی۔ اس کی موت کے بعد اس کے وارثین اڑھائی سو برس تک حکومت کرتے رہے۔

اس کے بعد روس میں کیا ہوا اس کا ذکر 1300 عیسوی سے 1399 عیسوی تک میں آئے گا۔

اب ایک اور اہم ملک سسلی کو لے لیں۔ یہ ایک بڑا جزیرہ ہے۔ یہاں مسلمان بہت دنوں تک حکومت کرتے رہے ہیں۔

یہ جزیرہ اٹلی کے جنوب میں واقع ہے۔ اس کا رقبہ 9860 مربع میل ہے۔ آٹھویں صدی قبل مسیح میں اس پر یونانی چھا گئے۔ جن کے چھوٹے چھوٹے سردار صدیوں تک آپس میں لڑتے رہے۔ پھر یہ جزیرہ مغربی روم کا حصہ بن گیا۔ اس کے زوال کے بعد مشرقی روم میں شامل ہوگیا۔ جب اس



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مغل بادشاہوں میں اکبر کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ اسے مغل اعظم بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی زندگی مہمات، جنگ اور فتوحات میں گزری ہے۔

پھر وہ زمانہ آیا جب وہ پورے ہندوستان کا سب سے طاقت ور بادشاہ بن گیا کہ اس کے زمانے کو کشمیر کو صوبے کابل میں مدغم کردیا گیا تھا۔

اس کا نظام حکومت بہت زبردست تھا۔ اس کی شخصیت اور دورِ حکمرانی کے بارے میں بے شمار روایات ہیں۔

چونکہ وہ ایک مطلق العنان بادشاہ تھا۔ اس لیے اس کے دماغ میں ایک نئے مذہب کا سودا سما گیا۔

اس مذہب کو دین الٰہی کا نام دیا گیا تھا۔ کیونکہ جب اکبر نے ہوش سنبھالا تو ہندوستان کی فضا میں ہندو مسلم اتحاد کے نعرے گونج رہے تھے۔ ان حالات میں اس نے کبیر اور بابا گورونانک کی طرح ایک درمیانی راستہ تلاش کیا جس کو دین الٰہی کا نام دیا۔

1602 عیسوی۔ صوفی تاریخ دان ابوالفضل علامی کی وفات ہوئی۔ یہ ایک مؤرخ اور مغل بادشاہ اکبر کا سوانح نگار تھا۔

1625 عیسوی۔ احمد سرہندیؒ کی وفات۔

1627 عیسوی سے 1658 عیسوی۔ شاہجہاں مغل سلطنت پر حکومت کرتا ہے جو اس کے عہد میں اپنی نفاست و لطافت کے عروج پر پہنچ جاتی ہے۔ وہ تاج محل تعمیر کرواتا ہے۔

1658 عیسوی سے 1707 عیسوی۔ آخری بڑا مغل بادشاہ اورنگ زیب۔ پورے ملک کو اسلامیانے کی کوشش میں ہندو اور سکھوں کی مخالفت مول لے لیتا ہے۔

اکتوبر 1605 عیسوی میں نورالدین محمد جہانگیر تخت پر بیٹھا۔ تخت نشینی کا جشن منانے کے بعد جہانگیر کو شہزادہ خسرو کی بغاوت کا سامنا کرنا پڑ گیا جو اس کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔ خسرو کا ساتھ سکھوں کے گرو ارجن سنگھ نے دیا تھا لیکن یہ بغاوت ناکام ہوئی اور خسرو گرفتار ہوگیا۔ جہانگیر نے گرو ارجن سنگھ کو بھی ہلاک کروا دیا۔ یہاں سے سکھوں اور مسلمانوں کے درمیان کشیدگی شروع ہوگئی۔ 1611 عیسوی میں جہانگیر نے نور جہاں سے شادی کی اور اسے نور محل کا خطاب دیا۔ وہ اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر جہانگیر پر مکمل حاوی ہوگئی۔

نورالدین محمد جہانگیر 22 برس تک برصغیر پر حکومت کرنے کے بعد 58 سال کی عمر میں 28 اکتوبر 1627 عیسوی کو وفات پا گیا۔

اس کی وصیت کے مطابق اس کی تدفین لاہور میں شاہدرہ کے مقام پر ہوئی۔

1627 عیسوی۔ شہاب الدین محمد شاہ جہاں اکتوبر 1627 عیسوی میں تخت پر بیٹھا۔ پہلے ہی سال میں بندیلا راجپوتوں نے بغاوت کردی۔ 1634 عیسوی میں شاہ جہاں نے اس بغاوت پر قابو پالیا۔ 1628 عیسوی میں ایک افغان سردار خان جہان لودھی کی بغاوت۔ خان جہاں نے شاہی فوج کے خلاف زبردست بہادری دکھائی لیکن یہ بغاوت بھی کچل دی گئی۔ جون 1631ء میں شاہ جہاں کی چہیتی ملکہ ممتاز محل کا انتقال ہوگیا۔ شاہ جہاں کو اس سے بہت محبت تھی۔ عظیم عمارت تاج محل اسی ملکہ کی یادگار ہے۔ 1657 عیسوی کو شاہ جہاں اچانک بیمار پڑ گیا تو اس کے چاروں بیٹوں کے درمیان حصولِ اقتدار کی کشمکش شروع ہوگئی۔

اس کے چار بیٹے تھے۔ داراشکوہ، شجاع، اورنگزیب اور مراد بخش۔ داراشکوہ پنجاب کا گورنر تھا۔ شجاع بنگال کا، اورنگزیب دکن کا جب کہ مراد بخش گجرات کا۔ ان میں سے ہر کوئی بادشاہ بننے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ ان چاروں بھائیوں میں جنگ ہوئی۔ اورنگزیب اور مراد بخش نے اتحاد کرلیا۔ داراشکوہ سے جنگ ہوئی۔ داراشکوہ کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے بعد اورنگزیب اور مراد بخش نے آگرے کا رخ کیا اور شاہ جہاں کو قید کرلیا۔ شاہ جہاں کا انتقال قید خانے ہی میں ہوا تھا۔ سن تھا 1666 عیسوی۔

اورنگزیب عالم گیر

1658 عیسوی کو اورنگ زیب نے اپنی تاج پوشی کی رسم ادا کی تھی۔ شاہ جہاں کے بیٹوں کے درمیان اقتدار کی کشمکش تھی۔ اورنگزیب نے سب پر قابو پالیا۔ 1658 عیسوی ہی کو اپنے بھائی شہزادہ مراد کو گرفتار کیا بعد میں اسے قتل کروا دیا۔ 1659 عیسوی کو دوسرے بھائی شجاع سے جنگ ہوئی۔ شجاع پسپا ہوکر اپنی بیوی بچوں کو لے کر فرار ہوگیا۔ اس کے بعد سے اس کا پتا نہیں چلا۔

1659 عیسوی ہی میں داراشکوہ کو گرفتار کرلیا گیا اور اورنگزیب نے اس کے خلاف علماء سے بدعتی اور ملحد ہونے کا فتویٰ لے کر قتل کروا دیا۔ اورنگزیب کی وفات 20 فروری 1707 عیسوی میں ہوئی تھی۔ اورنگزیب کا کردار بہت دوطرفہ ہے۔ ایک جانب تو وہ بے رحم شخص تھا اور دوسری جانب شریعت کا پابند۔

(جاری ہے)






# چاند ستارے سیارے

الطاف شیخ/ ابراہیم جمالی

افلاک کے جھومر، یہ چاند ستارے اور سیارے کن کن خوبیوں کے مظہر ہیں۔ ہم ان سے کس کس طرح استفادہ کرتے ہیں اور ان کی حقیقت کیا ہے۔ ایک انتہائی خشک موضوع کو رواں انداز اور آسان پیرائے میں رقم کیا گیا ہے۔

## اپنے محور کے گرد چکر، ان کی حرکات

کائنات میں موجود کئی ستاروں کے گرد کئی سیارے گردش کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً عطارد، زہرہ، ہماری زمین، مریخ، مشتری، سرطان وغیرہ۔ بعض سیارے ایسے بھی ہیں جن کے گرد دیگر چھوٹے سیارے گردش کرتے ہیں۔ وہ رات کے وقت چاند کا کام دیتے ہیں۔ ہماری دھرتی کے گرد بھی ایک چاند محوِ گردش رہتا ہے جو رات میں ہمارے چراغ کے کام آتا ہے بلکہ کیلنڈر کے طور پر بھی کارآمد ہے۔ یہ سب اپنی مخصوص رفتار سے اپنے دائرے میں سیاروں، سورج اور دیگر ستاروں کے گرد



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.Paksociety.com



فلم نگری

# ذرہ بنا آفتاب

انور فرہاد

اس نے نامساعد حالات میں زندگی کی ابتداء کی تھی۔ غربت کی گود میں پل کر جوان ہوا لیکن ماحول کی محبوبیت نے اس کے اندر ایک ایسا فنکار تراش دیا تھا جس نے اسے بیکل بنا دیا۔ روح میں ایسی بے چینی بھر دی کہ دل بے چین رہنے لگا۔ دل کے تار گنگنا اٹھنے کی چاہ میں اسے اکسانے لگے۔ تب اس نے روح کی اذیت کوشی سے آزادی کے لیے ایک نئی دنیا میں پناہ لے لی اور ایسی ایسی حرکتوں کو جنم دیا جو اسے امر بنانے کے لیے کافی ہیں۔

اس سے پہلے کہ ہوٹل کی اس ملازمت کے بارے میں مزید باتیں بتاؤں۔ میں ایک بار پھر اس کی عظمت اور بڑائی کے گن گاؤں گا جس نے عزت اور شہرت کی بلندیوں کو چھونے کے بعد بھی برے دنوں کو فراموش نہیں کیا اور جب بھی اسے موقع ملا اس کا برملا اظہار کیا جب کہ عام طور پر جب لوگ بڑے ہو جاتے ہیں۔ عزت اور شہرت حاصل کر لیتے ہیں تو اپنے ماضی کے ان دنوں کو جو غربت اور عسرت میں گزرے۔ ان کا ذکر نہیں کرتے مگر اس نے اپنے عروج کے دور میں بھی ان کے بارے



میں بتایا کہ کیسے اس نے اس منزل تک رسائی حاصل کی؟ اس نے اپنے ابتدائی دور کی یہ باتیں خود بتائیں۔ جبھی آج ہم انہیں بیان کر رہے ہیں۔ ہوسکتا ہے آج اس کے عزیزوں، دوستوں اور اولادوں کو یہ باتیں بری لگیں کہ اتنے بڑے فنکار کے بارے میں ایسی باتیں نہیں لکھنی چاہئیں مگر میں یہ باتیں اس لیے لکھ رہا ہوں کہ یہ باتیں اس نے خود بتائیں جب ہی ہم تک پہنچیں۔ ہمارے خیال میں یہ اس کی عظمت اور بڑائی کی معراج ہے کہ اس نے اپنے ماضی کے کسی گوشے کو عوام سے پوشیدہ نہیں رکھا۔ اس کی زندگی ایسے لوگوں کے لیے ایک سبق ہے جو زیرو سے ہیرو بننے کا عزم و ارادہ رکھتے ہیں۔ اس نے رزق حلال کے لیے کسی محنت مزدوری سے انکار نہیں کیا اور اپنے مخصوص اسٹائل میں اپنی زندگی کی گاڑی رواں دواں رکھی۔ اس کی کامیابی اور کامرانی کا یہی راز ہے۔

ہوٹل کی ملازمت تو اس نے کر لی مگر جلد ہی اسے اس بات کا احساس ہوگیا کہ یہ کام اتنا آسان نہیں جتنا اس نے سوچا تھا۔ جب کام کرنا شروع کیا تو آہستہ آہستہ یہ بات اس کی سمجھ میں آنے لگی کہ گاہکوں کی ناز برداری کے ساتھ ساتھ پرانے بیرے بھی اس پر حکم چلاتے ہیں۔ دس بارہ گھنٹوں کی ڈیوٹی کے دوران گاہکوں کو سرو کرنے کے علاوہ میزوں کی جھاڑ پونچھ اور جھوٹے برتنوں کی صفائی اور دھلائی بھی اس کے ذمّہ کردی جاتی تھی۔ اسے یہ سخت ڈیوٹی اتنی زیادہ نہیں کھلتی تھی جتنی یہ بات بری لگتی تھی کہ پرانے بیروں سے زیادہ وہ کام کرتا ہے لیکن ان کی طرح اسے تنخواہ نہیں دی جاتی اگرچہ اسے پیسوں کی اتنی ضرورت نہیں تھی۔ اس کا اصل مسئلہ پیٹ بھر کر کھانا تھا جو اسے مل جاتا تھا۔ اس کے باوجود ہوٹل والوں کا یہ طریق کار اسے اچھا نہیں لگا۔ لہٰذا ایک مہینے کی ٹریننگ ختم ہونے میں ابھی کچھ دن باقی ہی تھے کہ اس نے یہ کام چھوڑ دیا۔

"ایسی کی تیسی اس نوکری کی۔" اس نے جھنجلا کر اپنے آپ سے کہا۔ "مجھے نہیں کرنی ایسی نوکری جس میں بندہ گھن چکر بن کر رہ جائے اور شام کو گھر جاتے وقت ہاتھ میں ایک پیسا بھی نہ ہو۔"

وہ گھر سے یعنی مسجد سے نکلا تو ہوٹل جانے کے لیے ہی تھا مگر اس حتمی فیصلے کے بعد ہوٹل نہیں گیا۔ بے مقصد شہر کی سڑکوں میں اِدھر اُدھر گھومتا پھرا۔ تھوڑی دیر بعد جب اس کی گرم کھوپڑی ٹھنڈی ہوئی تو وہ سوچنے لگا۔

"میں نے ہوٹل کی نوکری تو چھوڑ دی مگر اب کروں گا کیا؟ کچھ کیے بغیر پیٹ کیسے بھرے گا؟" وہ بڑی سنجیدگی سے سوچنے لگا۔ "یہ پیٹ بھی عجیب مصیبت ہے۔ خالی ہو جائے تو تگنی کا ناچ نچانے لگتا ہے۔ اسے تو بھوک کی آگ بجھانے کے لیے روٹی چاہیے مگر روٹی حاصل کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ روٹی کے لیے کچھ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اب میں کیا کروں؟ جو کر رہا تھا اسے تو جذباتی فیصلے کی لات رسید کردی۔"

اب اسے ایک دم اپنے آپ پر غصہ آنے لگا۔ بے اختیار اس کا دل چاہا کہ اپنے تھوبڑے پر ایسا مکا رسید کرے کہ...... اچانک اس کے غصے پر جیسے بریک لگ گیا اور اسے کاکے خان یاد آگیا اور اس کی یاد کے ساتھ ہی اس کا مشورہ بھی یاد آگیا۔ جو مشورہ کم تھا، حکم زیادہ تھا۔ اس نے میکلوڈ روڈ پر رتن سنیما کے قریب واقع پینٹنگ کی دکان پر جانے کو کہا تھا مگر اس نے وہاں جانے کی بجائے کالے پہلوان کے ہوٹل میں بیرا گیری شروع کردی تھی۔ اس کے چہرے پر ایک خوشگوار سی مسکراہٹ پھیل گئی۔

"کاکے خان! اس وقت تو میں نے تیرے کہنے پر عمل نہیں کیا تھا مگر اب تیرے بتائے ہوئے پتے پر ضرور جاؤں گا اور تیرے جاننے والے سے تیرا نام لے کر نوکری کی درخواست ضرور کروں گا۔ سمجھو مجھے نوکری مل گئی۔" اس نے اپنے آپ سے کاکے خان کے انداز میں کہا اور مسکراتے اور گنگناتے ہوئے میکلوڈ روڈ کی طرف چل پڑا مگر رتن سنیما کے قریب پینٹنگ کی دکان کے پاس جا کر اس کی کھوپڑی ایک بار پھر الٹ گئی۔ "میں ان کے پاس جا کر کہوں گا مجھے کاکے خان نے بھیجا ہے۔"

وہ مجھ سے کہیں گے۔ "کون کاکے خان؟ وہ تو نہیں جو بدمعاش ہے غنڈہ ہے۔"

"جی ہاں۔ وہی۔"

وہ مجھے انتہائی نفرت انگیز نگاہوں سے دیکھیں گے اور کہیں گے۔ "اچھا تو تم بھی کوئی بدمعاش ہو، غنڈے ہو؟"

اگر وہ ایسی بات نہیں بھی کہیں گے پھر بھی یہی سمجھیں گے کیونکہ چور کا بھائی گرہ کٹ ہی ہوسکتا ہے۔ غنڈے کا ساتھی بدمعاش ہی ہوسکتا ہے مگر میں غنڈہ تو نہیں...... بدمعاش بھی نہیں۔ پھر میں اپنے بارے میں اس طرح کسی کو غلط سوچنے کا موقع کیوں دوں؟ مانا کہ میں اپنے امام مسجد باپ کی طرح بہت نیک اور بہت اچھا بندہ بھی نہیں ہوں۔ پھر بھی کاکے خان کی طرح برا آدمی بھی تو نہیں ہوں۔ لہٰذا میں کسی برے آدمی کے حوالے سے اپنا تعارف کیوں کرواؤں؟ اپنے بارے میں غلط تاثر کیوں قائم ہونے دوں؟"



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com




سرمایہ بھی درکار ہوتا ہے۔ تجربے کی وسعت اور مزاج کی پختگی بھی ضروری ہوتی ہے چونکہ اب تک اس نے فلم انڈسٹری کو بہت قریب سے دیکھا تھا اور فلم سازی کے معاملات پر گہری نظر رکھتا تھا۔ اس لیے اس کے تمام نشیب و فراز سے اچھی طرح واقف تھا۔ اس کے باوجود اس نے یہ مشکل اور بھاری ذمہ داری نبھانے کا مکمل ارادہ کرلیا۔ ''چاہے کچھ بھی ہوجائے مجھے یہ کام کرنا ہے۔ مجھے ہر حال میں اپنی فلم بنانی ہوگی۔'' اس نے بھرپور اعتماد کے ساتھ اپنے آپ سے کہا۔ ''اس پار یا اس پار۔ زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ فلم ناکام ہوجائے گی۔ میری جمع پونجی ڈوب جائے گی اگر ایسا ہوا تو اسے بھی میں گھاٹے کا سودا نہیں سمجھوں گا۔ اس ناکامی سے بھی مجھے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملے گا۔

اور پھر ایک دن اخباروں میں خبر چھپ گئی۔ ''نیا کامیڈین رنگیلا بھی فلم سازی کے میدان میں کود پڑا۔''

اس خبر کا شائع ہونا تھا کہ حسبِ روایت کچھ فلم والوں کا ہاضمہ خراب ہوگیا اور ان سے پریشانی اور حیرانی کا مظاہرہ ہونے لگا اور تو وہ کچھ کرنہیں سکتے تھے کہ یہ رنگیلا کا اپنا ذاتی فیصلہ تھا۔ ہاں وہ جو کرسکتے تھے انہوں نے خوب جی بھر کر کیا۔ ''لو بھئی! اب فلم انڈسٹری کا اللہ ہی حافظ ہے۔ اب رنگیلا جیسے بھی فلم بنائیں گے تو......''

''چیونٹی کے جب برے دن آتے ہیں تو اس کے پر نکل آتے ہیں۔ اونچی اڑان اڑنے کی بے وقوفی میں یہ الو کی دم بھی اپنا خانہ خراب کرلے گا۔''

ایسے لوگ نگار خانے میں جہاں دو چار اکٹھے ہوتے، ایسی باتیں کرکے رنگیلا کا خوب جی بھر کر مذاق اڑاتے۔ ایسی باتیں اس لیے کی جاتی تھیں کہ اس کی بازگشت رنگیلا کے کانوں تک پہنچ جائے اور اسے دکھ پہنچے وہ گھبرا جائے پریشان ہوجائے اور یہ ارادہ بدل دے۔ شاید لاشعوری طور پر انہیں اس بات کا ڈر تھا کہ جس طرح اپنی اوٹ پٹانگ کامیڈی کے باوجود عوامی مقبولیت حاصل کرتا جارہا ہے کہیں اپنی فلم بنا کر بھی اپنی کوشش میں وہ کامیاب نہ ہوجائے۔

حاسدوں اور بدخواہوں کی یہ باتیں ڈھکی چھپی رہنے والی نہیں تھیں۔ نہ ہی انہوں نے اس مقصد سے کہی تھیں۔ رنگیلا تک یہ باتیں پہنچیں تو اسے واقعی دکھ ہوا مگر حسبِ عادت وہ مسکرا دیا اور اپنے آپ سے کہا۔ ''رنگیلا تو بھی کتنا بھولا ہے۔ ارے پگلے جس برتن میں جو ہوتا ہے وہی اس سے برآمد ہوتا ہے نا۔ اگر تو نے یہ سوچا تھا سمجھا تھا کہ کچھ لوگ تیری مدد کے لیے دوڑ پڑیں گے تیری رہنمائی کے لیے اپنی خدمات پیش کریں گے تجھ سے آکر کہیں گے کہ رنگیلے گھبرانے کی پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہم ہیں ناں جب بھی تجھے ہماری ضرورت ہو ہمیں آواز دینا۔ اگر تو نے ایسا سوچا تھا ایسا خیال کیا تھا تو یہ تیری بھول تھی۔ سراسر غلطی تھی۔ تیرے نامہربان ساتھیوں نے وہی کیا جو انہیں کرنا چاہیے تھا۔ پھر دکھ کس بات کا؟ یہ لوگ تیرا مذاق شاید اس لیے اڑا رہے ہیں کہ تو اپنا ارادہ بدل دے۔ فلم بنانے کا خیال دل سے نکال دے۔''

''اچھا......اگر ایسی بات ہے۔'' اس نے اپنی بات کا جواب اپنے آپ کو دیتے ہوئے کہا۔ ''پھر تو میں فلم ضرور بناؤں گا۔ ہر حال میں اور ہر صورت میں بناؤں گا بلکہ جلنے والوں کو مزید جلانے کے لیے اس کی ہدایت کاری بھی خود ہی کروں گا۔''

اور پھر اخباروں میں یہ خبر بھی نمایاں طور پر شائع ہوگئی۔ ''رنگیلا اپنی ذاتی فلم خود ڈائریکٹ کرے گا۔''

جلنے والے اور جل بھن کر کباب ہوگئے۔ ان کی افواہوں میں اور تیزی آگئی۔ ان کے قہقہے اور بلند ہوگئے اور وہ شدومد کے ساتھ رنگیلا کا مذاق اڑانے لگے۔

''بھئی اس فلم کا جنازہ وی وی آئی پی انداز میں بڑی دھوم دھام سے نکلے گا۔''

اخبار والوں کے مزے آگئے۔ انہیں تو ایسی چٹ پٹی اور مرچ مصالحہ لگی خبروں کی تلاش رہتی ہے۔ مختلف حوالوں سے رنگیلا کے بارے میں آئے دن دلچسپ خبریں چھپنے لگیں۔ اس ضمن میں جس نے بھی جو بات جس انداز میں کی اخبار والوں نے مزے لے لے کر اسے اسی رنگ میں شائع کرنا شروع کردیا۔ رنگیلا کا جو مذاق نگار خانوں میں اڑایا جاتا اس کی بازگشت اسٹوڈیوز کی چار دیواری سے باہر بھی سنائی دینے لگی۔ ایسی باتوں سے رنگیلا کو دکھ تو پہنچنا ہی چاہیے تھا اگرچہ وہ اسے ہنس کر نظر انداز کرنے کا عادی تھا اور بدخواہوں کو ان کے حال پر چھوڑ کر اپنا کام کرنا چاہتا تھا لیکن جب اس نے اپنا کام یعنی اپنی مجوزہ فلم کی تیاری کا کام کرنا شروع کیا تو پریشان ہوگیا۔ اسے قدم قدم پر دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ فلم کے سلسلے میں سب سے پہلا مرحلہ کہانی اور اسکرپٹ کی تیاری کا تھا۔ اس ضمن میں اس نے جس فلمی مصنف سے رابطہ کیا جس کو اپنی فلم کی کہانی لکھنے اور اسکرپٹ تیار کرنے کو کہا اس نے اس طرح انکار کردیا جیسے اس نے اگر یہ کام کیا تو اس کا دین دھرم نشٹ ہوجائے گا۔ پہلے تو اسے حیرانی ہوئی کہ رائٹر اس طرح کیوں انکار کررہے ہیں اس نے ایک دو سے کہا بھی۔ ''سرجی! میں آپ کو کوئی



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety



twitter.com/paksociety1

www.Paksociety.com



# المناک

کاشف زبیر

ہوائی حادثے ہر روز ہوتے ہیں۔ سینکڑوں جانیں تلف ہوتی ہیں لیکن اس حادثے نے تاریخ کا ایک نیا باب رقم کیا۔ اذیت کوشی اور ہلاکت خیزی کی ایک ایسی داستان جس کا تذکرہ عرصے تک اخبارات کے صفحے پر جاری رہے۔

میگی بیتھ اور میں یعنی الیگزینڈر کارمک ریکسن میں آرنٹ کے گھر پہنچنے والے تھے۔ میں نے گاکونا سے روانہ ہونے سے پہلے اسے کال کردی تھی۔ یہ اکتوبر کا مہینا تھا اور 1977ء کا سال تھا۔ یہ سال ریکارڈ گرمی والا تھا۔ الاسکا میں اس سے پہلے اتنی گرمی سو سال پہلے پڑی تھی۔ عام طور سے اکتوبر تک الاسکا میں سب پیک ہوجاتا ہے۔ سیاح واپس جاچکے ہوتے ہیں اور ان سے متعلق تمام کاروبار اگلے سال مئی تک کے لیے بند یا محدود کیے جاچکے ہوتے ہیں۔ مگر اس سال یہاں سرما کا آغاز نہیں ہوا۔ شمال سے چلنے والی ہوائیں معمول کی خنکی لیے ہوئے تھیں اور ابھی ان میں کاٹ نہیں آئی تھی۔ موقع سے فائدہ اٹھا کر شکاری اور سیاح ابھی تک الاسکا کے جنگلوں میں براجمان تھے۔ تین دن پہلے مجھے آرنٹ کی کال آئی اور اس نے پوچھا۔ ”شمال کی طرف ایک پرواز کے بارے میں کیا خیال ہے؟“

آرنٹ ولیم شوقیہ ہوا باز تھا اور میں اس کے چھوٹے سیسنا طیارے میں متعدد بار اس کے ساتھ پرواز کرچکا تھا۔ اس کی بیوی ایمی بھی اچھی ہوا باز تھی۔ آرنٹ آرم ڈیلر تھا اور وہ یہاں آنے والے شکاریوں کو ہتھیار اور گولیاں فروخت کرتا تھا اس کا بزنس بہت اچھا چل رہا تھا۔ میں گیم آفیسر تھا کلاؤنے نیشنل پارک اور گیم ریزور میں میری ڈیوٹی تھی۔ ہفتے میں پانچ دن میں وہاں رہتا تھا اور پھر دو دن کے لیے گاکونا آجاتا تھا جہاں میرا گھر تھا۔ ہمارے دو بیٹے تھے جو اسکول میں پڑھ رہے تھے۔ بڑا شیرڈ نائن گریڈ میں تھا اور ایک مہینے پہلے اس کی چودھویں سالگرہ منائی گئی تھی اس سے دو سال چھوٹا ڈیوڈ ساتویں گریڈ میں تھا۔ میگی نرس تھی اور مقامی اسپتال میں کام کرتی تھی۔ میں نے آرنٹ کی پیشکش اس کے سامنے رکھی۔ میگی کافی تیار کررہی تھی اس نے کچھ دیر بعد جواب دیا۔

”مسئلہ تو کوئی نہیں ہے لیکن کیا یہ کچھ لیٹ نہیں ہوگا۔ میرا مطلب ہے کہ شمال میں موسم خراب ہوسکتا ہے۔“

”آرنٹ نے کہا ہے کہ اس نے موسم کی رپورٹ لی ہے آنے والے ایک ہفتے میں موسم صاف رہے گا۔“

”بچے اسکول جارہے ہیں۔“ میگی نے دوسرا بہانہ کیا۔

”کم آن وہ اب بڑے ہوگئے ہیں اور اپنی دیکھ بھال کرسکتے ہیں اور صرف دو دن کی تو بات ہے تیسرے دن ہم واپس آجائیں گے۔“

میگی کسی قدر رضامند ہوگئی۔ میں نے فوری آرنٹ کو کال کی۔ ”میگی تقریباً مان گئی ہے، اُمید ہے کہ ہم تمہارے ساتھ اس ٹرپ پر ہوں گے۔“

میں نے جانے کی تیاری شروع کردی۔ بچوں کو بتایا اور انہیں خبردار کیا کہ ہماری غیر موجودگی میں کسی غیر ذمے دارانہ حرکت سے گریز کریں گے۔ میگی نے حسبِ معمول اپنی میڈیکل کٹ ساتھ لی تھی۔ اس کا کہنا تھا جیسے ایک ڈاکٹر





ہمہ وقت ڈیوٹی پر ہوتا ہے اسی طرح ایک نرس بھی ہر وقت ڈیوٹی پر ہوتی ہے۔ میں نے اگلی شام روانہ ہونے سے پہلے آرنٹ کو کال کرکے اپنے آنے کا بتایا تو اس نے اطلاع دی۔ ”اس بار ہمارے ساتھ دو مہمان بھی ہیں۔“

یہ مہمان سام اور لوزیانہ تھے۔ دونوں میاں بیوی تھے اور انہوں نے حال ہی میں شادی کی تھی۔ سام کولوراڈو میں میڈیکل کا طالب علم تھا۔ لوزیانہ اسی یونیورسٹی میں پیتھالوجسٹ بن رہی تھی۔ دونوں بائیس کے آس پاس اور دلکش تھے۔ گزشتہ سال آرنٹ اور ایمی کولوراڈو گئے تھے تو وہاں سام سے ملاقات اور پھر دوستی ہوگئی۔ انہوں نے ان دونوں کو الاسکا آنے اور اپنے ساتھ ایئر ٹرپ پر جانے کی دعوت دی۔ سام اور لوزیانہ جسے پیار سے لز کہتے تھے۔ خاص اسی مقصد کے تحت یہاں آئے تھے۔ اتفاق سے آرنٹ کا سیسنا طیارہ چھ سیٹوں والا تھا۔ جب میں اور میگی آرنٹ کے گھر پہنچے تو وہ دونوں آچکے تھے۔ آرنٹ نے اپنے گھر کے عقبی صحن میں باربی کیو کا انتظام کیا ہوا تھا۔ ہم نے وہیں کھانا کھایا اور گیارہ بجے سب سونے کے لیے اٹھ گئے کیونکہ ہمیں صبح نو بجے روانہ ہونا تھا۔ تقریباً نو سو کلومیٹرز کا یہ سفر تین گھنٹے میں طے ہوتا۔ ہمیں بحیرہ بیوفورٹ کے کنارے واقع آرکٹک نیشنل پارک کے آخری سرے پر واقع عارضی آبادی کاک ٹووک میں اترنا تھا۔ یہ شمال کی طرف آخری آبادی تھی۔ یہاں صرف سرکاری حکام اور تحقیق کے لیے آنے والے سائنس داں اور ماہرین رہتے تھے۔ مگر وہ بھی اکتوبر کی آمد کے ساتھ ہی کاک ٹووک سے رخصت ہوجاتے تھے۔ نومبر کے آغاز میں باقی ماندہ افراد بھی چلے جاتے تھے اور آنے والے چھ مہینے کے لیے یہ جگہ مکمل ویران رہتی تھی۔ دو گھنٹے قیام کے بعد ہمیں دو بجے واپسی کے لیے پرواز کرنی تھی تاکہ روشنی میں ہی واپس ریکسن پہنچ جائیں۔ اگرچہ آرنٹ کا طیارہ تاریکی میں بھی پرواز کرسکتا تھا مگر اس صورت میں اسے گراؤنڈ ٹریفک کنٹرولر کی مدد لازمی درکار ہوتی اور پھر وہ کسی باقاعدہ ایئرپورٹ پر ہی اتر سکتا تھا جہاں رن وے لائٹس ہوتیں۔ اس لیے تاریکی سے پہلے واپسی پروگرام کا لازمی حصہ تھی۔

صبح سات بجے اٹھے اور آٹھ بجے تک ہم ناشتا کرکے تیار ہوگئے۔ آرنٹ نے گزشتہ روز ہی اپنا طیارہ چیک کرکے تیار کرلیا تھا۔ ساڑھے آٹھ بجے ایئر کلب پہنچے۔ آرنٹ نے پرواز کے لیے ضروری لوازمات پورے کیے۔ متعلقہ حکام کو پرواز کی سمت، منزل اور واپسی کا وقت بتایا تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں حکام ہماری فوری مدد کرسکیں۔ ویسے تو طیارے میں ریڈیو بھی تھا اس سے مدد کا پیغام دیا جاسکتا تھا۔ اس کے علاوہ رابطے کے لیے ایک الگ سے ریڈیو تھا جو امدادی پیک میں تھا۔ ہم سب اپنی اپنی نشستوں پر آگئے۔ آرنٹ اور ایمی پائلٹ والے حصے میں تھے۔ پیچھے دو دو نشستیں آمنے سامنے تھیں۔ میں اور میگی پائلٹس سیٹوں کے پشت والی سیٹ پر



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

گرم پٹی باندھ کر اس پر موزہ چڑھا دیا۔ باقی علاج اب ریکسن پہنچ کر ہی کیا جاتا۔ اس چکر میں ہمیں دو گھنٹے ہو چکے تھے اور جب آرنٹ نے طیارے کا انجن اسٹارٹ کیا تو آسمان سرمئی ہونا شروع ہو گیا تھا۔ طوفان کے آثار نمایاں ہو رہے تھے۔ اٹینڈینٹ نے ٹھیک کہا تھا کہ یہاں طوفان عجیب ہوتے ہیں اور ان کی درست پیش گوئی ممکن نہیں ہوتی ہے۔ طیارہ بلند ہوا تو چند لمحے کے لیے تیز ہوا نے اسے ڈگمگا دیا تھا اور ہم سب اپنی سیٹوں پر ہل کر رہ گئے تھے۔

''میرے خدا۔'' لز نے کہا۔ ''یہ کیا ہے؟''

''فکر مت کرو۔'' ایمی نے مڑ کر کہا۔ ''ہوا تیز ہو تو ٹیک آف کرتے ہوئے طیارہ ہل جاتا ہے۔ یہ چھوٹا طیارہ ہے کل وزن صرف اٹھارہ سو کلوگرام ہے۔''

چند منٹ بعد ہم تین ہزار فٹ کی بلندی پر پہنچ گئے اور طیارہ اب ہمواری سے پرواز کر رہا تھا۔ واپسی کا سفر دو گھنٹے اور چالیس منٹ کا تھا۔ آرکٹک نیشنل پارک کے وسط میں پہاڑی سلسلہ تھا۔ اس سے بچنے کے لیے آرنٹ طیارے کو پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر لے آیا تھا۔ یہاں بادل تھے اور موسم بہت سرد تھا۔ باہر کا درجہ حرارت بتانے والا تھرما میٹر منفی نو درجے ظاہر کر رہا تھا۔ اچانک ہی سینا کا انجن کھانسنے لگا۔ اس کی آواز بھی بدل گئی تھی۔ آرنٹ نے پریشان ہو کر چند بٹن دبائے تو آواز پھر سے ہموار ہو گئی۔ ایمی نے کہا۔ ''شاید انجن کو ایندھن کی فراہمی میں ایئر آئی تھی۔''

''شاید ایندھن ڈالنے کے دوران میں کچھ ہوا بھی شامل ہو گئی ہو۔'' آرنٹ نے کہا۔ اس کا لہجہ مطمئن تھا مگر اسی لمحے انجن پھر کھانسا اور اچانک بند ہو گیا۔ انجن کی آواز بند ہوئی تو ایسی خاموشی چھا گئی جس میں ہمیں اپنے دل کی دھڑکن بھی صاف سنائی دینے لگی۔ سام نے کہا۔

''یہ کیا ہوا ہے؟''

آرنٹ انجن کا اسٹارٹر بٹن بار بار دبا رہا تھا۔ ایمی مڑ کر بولی۔ ''اپنے اوسان بحال رکھو۔ کبھی کبھی ایسا ہو جاتا ہے۔''

مگر ہم جب سے آرنٹ کے ساتھ آ جا رہے تھے پہلی بار ایسا ہوا ہے۔ لز کا چہرہ سفید پڑ گیا تھا۔ ''میرے خدا اگر انجن اسٹارٹ نہ ہوا تو؟''

''اچھی امید رکھو۔'' میں نے نرمی سے کہا اور سیٹ بیلٹ باندھنے لگا۔ مجھے دیکھ کر باقی سب بھی سیٹ بیلٹ باندھنے لگے۔ میگی نے میرا ہاتھ تھام لیا۔ اس کا ہاتھ یخ ہو رہا تھا۔ آرنٹ پاگلوں کی طرح اسٹارٹر بٹن دبا رہا تھا مگر انجن میں جنبش بھی نہیں ہو رہی تھی۔ اس موقع پر ایمی نے ہوش سے کام لیا۔ اس نے کہا۔ ''گلائیڈ کرو اور مے ڈے کا پیغام بھیجو۔''

آرنٹ نے ریڈیو پر کہا۔ ''مے ڈے...... مے ڈے، میرے طیارے کا انجن بند ہو گیا ہے اور کام نہیں کر رہا۔''

مگر دوسری طرف سے جواب نہیں ملا۔ آرنٹ مسلسل مے ڈے کا پیغام بھیج رہا تھا اور دوسری طرف سے کوئی جواب نہیں مل رہا تھا۔ ایمی ریڈیو چیک کر رہی تھی اس نے کہا۔ ''یہ کام نہیں کر رہا ہے دیکھو اس کا سرخ بلب روشن نہیں ہے۔''

آرنٹ نے چند بٹن اور دبائے تو انکشاف ہوا کہ طیارے کا برقی نظام کام نہیں کر رہا۔ شاید اسی وجہ سے انجن بند ہوا تھا کیونکہ فیول انجکشن سسٹم بجلی سے کام کرتا تھا۔ طیارے میں ایک متبادل پاور سپلائی سسٹم بھی تھا۔ آرنٹ نے اسے آن کرنا چاہا تو اس نے بھی کام نہیں کیا۔ ایک ایک کرکے اس کی ساری تدبیریں ناکام جا رہی تھیں اور ہم اپنی سیٹوں پر خوف زدہ سے آنے والے وقت کے بارے میں سوچ رہے تھے۔ آرنٹ طیارے کو گلائیڈ کرنے والی پوزیشن میں لے آیا تھا۔ مگر یہ زیادہ دیر گلائیڈ نہیں کر سکتا تھا اور ویسے بھی ہم پہاڑی علاقے میں تھے یہاں زمین زیادہ دور نہیں تھی۔ مگر بادلوں اور دھند کی وجہ سے نظر نہیں آ رہی تھی۔ یہ ایک اور خطرناک صورتِ حال تھی۔ نیچے اترتے ہوئے طیارہ کسی پہاڑی سے ٹکرا جاتا تو آن واحد میں سب مارے جاتے۔ میگی نے آرنٹ سے پوچھا۔

''اب کیا ہو سکتا ہے؟''

''کریش لینڈنگ۔'' اس نے طیارے کی فلائنگ اسٹک کو مضبوطی سے پکڑتے ہوئے کہا۔ ''سب اس کے لیے تیار ہو جائیں۔ اپنا سر آگے کی طرف جھکا لیں اور دونوں ہاتھ سر کے گرد لپیٹ لیں۔''

میں نے مڑ کر دیکھا۔ آلٹی میٹر چار ہزار سات سو پچاس فٹ کی بلندی بتا رہا تھا۔ چند لمحے بعد اس میں پچاس فٹ کی کمی ہوئی۔ میں نے حساب لگایا کہ طیارہ ہر چھ سیکنڈ میں پچاس فٹ نیچے جا رہا ہے اور اس کے نیچے جانے کی رفتار تقریباً آٹھ فٹ فی سیکنڈ ہے۔ یہ رفتار خاصی زیادہ تھی خاص طور سے پونے دو ٹن وزنی طیارے کے لیے جس میں خاصا ایندھن بھی بھرا ہوا تھا۔ میں نے آرنٹ سے کہا۔ ''کیا اس کا ایندھن گرایا جا سکتا ہے؟''



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
ہم خاص کیوں ہیں:۔
ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
ہر کتاب کا الگ سیکشن
ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں
We Are Anti Waiting WebSite
واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے
ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں
ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں
www.paksociety.com
اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں
WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook
fb.com/paksociety
twitter.com/paksociety1

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.Paksociety.com



Downloaded From
Paksociety.com




# سراب

راوی : شہبازملک

قسط 109

وہ پیدائشی مہم جو تھا۔ بلند وبالا پہاڑ، سنگلاخ چٹانیں، برف پوش چوٹیاں اور نگاہ کی حدوں سے آگے کی بلندیاں اسے پیاری تھیں۔ اسے ان میں ایک کشش اور ایک للکارسی ابھرتی محسوس ہوتی کہ آؤ ہمیں دیکھو، مسخر کرو اور ہمارے سحر میں مسحور ہو کر اپنا آپ مٹا ڈالو۔ اسے یہ سب حقیقت لگتا مگر کیا واقعی یہ حقیقت تھا یا محض سراب... ایسا سراب جو آنکھوں کے راستے ذہن ودل کو بھٹکاتا ہے، جذبوں کو مہمیز دیتا ہے مگر آسودگی اور اطمینان چھین لیتا ہے۔ سرابی لمحوں کے فاصلے پر دکھائی دیتی ہے مگر وہ لمحہ حقیقت میں کبھی نہیں آتا۔ اس کی زندگی بھی سرابوں کے ایسے دائروں میں گزری اور گزرتی رہی۔ وقت کے گرداب میں ڈوبتے ہوئے نوجوان کی سنسنی خیز اور ولولہ انگیز داستان حیات۔

بلند حوصلوں اور بے مثال ولولوں سے گندھی ایک تہلکہ خیز کہانی

READING
Section



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا

- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

www.Paksociety.com

9 سال سے قارئین کو گرویدہ کیے رکھنے والی طویل کہانی کا اختتام کرنے سے قبل ہی مصنف کاشف زبیر اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ایسی مقبول کہانی کو بغیر اختتام چھوڑنا کہانی کے ساتھ ظلم ہوتا اس لیے ایک دوسرے رائٹر سے اختتام کرایا جارہا ہے لیکن کس رائٹر نے اختتام کیا اس راز سے پردہ تبھی اٹھے گا جب آخری قسط ہوگی۔ کہانی حد سے زیادہ پھیلی ہوئی ہے اس لیے اس ماہ اختتام کرنا ممکن نہ تھا اس لیے مصنف کا نام مخفی رکھا گیا ہے۔ جن لوگوں نے اندازِ تحریر سے مصنف کا نام بتایا ہے وہ کمپیوٹر میں فیڈ کر دیا گیا ہے۔ جنہوں نے اب تک اس مقابلے میں حصہ نہیں لیا ہے وہ اس ماہ بھی اندازے لگانے کی کوشش کر سکتے ہیں شاید 5000 روپے کا انعام ان کو مل جائے۔ طریقہ کار گزشتہ شمارے میں دیا جا چکا ہے۔

اس کی آنکھوں نے مجھے اس کے دل میں چھپی بات بتادی تھی لیکن وہ وقت ایسا نہیں تھا کہ میں اس کو ٹوکتا کہ بی بی تم سراب کے پیچھے بھاگ رہی ہو۔ جبکہ خود میری زندگی سراب ہے کہ میں دوڑ رہا ہوں' خوشی کی اُمید پر، جہاں بھی خوشی کی جھلک نظر آتی ہے میں دوڑ پڑتا ہوں اور خوشی ہے کہ وہ روٹھی روٹھی ہی نظر آتی ہے۔ منزل سامنے آتی ہے اور پھر دور ہو جاتی ہے۔ میری زندگی کو سراب بنانے والا مرشد بڑے آرام سے اپنی نئی خانقاہ میں بیٹھا ہوگا اور میں یہاں اپنوں سے دور زندگی کا جوا کھیل رہا ہوں۔ کسی دوسرے کی لڑائی کو اپنا سمجھ کر لڑ رہا ہوں جس کا نتیجہ کسی بھی وقت موت کی شکل میں سامنے آسکتا ہے۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ میں یہاں سے زندہ واپس بھی نہ جا پاؤں۔

مجھے فکر میں غلطاں دیکھ کر اس نے کہا ''کیا سوچنے لگے۔''

وہ خطرناک حد تک میرے قریب آگئی تھی۔ اسے یہ بھی پرواہ نہیں تھی کہ کوئی بھی شخص اس جھاڑی کی طرف آسکتا ہے۔ میں نے سمجھ لیا تھا کہ اس پر پھر سے خناس چڑھنے لگا ہے۔ میں اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا تھا اور جھاڑیوں سے نکلتے ہوئے بولا ''ہمیں اب سامیرا کے لشکر کی طرف چلنا چاہیے۔''

''ہاں ہاں کیوں نہیں۔'' کہتے ہوئے روبیر نے کمان کو کندھے پر لٹکا کر ترکش کو پیٹھ پر باندھا اور چلنے کے لیے تیار ہو گئی۔ دوسرے لوگ بھی میرے ساتھ چل پڑے۔ ابھی ہم کچھ ہی دور گئے تھے کہ دور سے کسی اُلو کے چیخنے کی آواز آئی اور میں چونک گیا۔ اُلو ایک ایسا پرندہ ہے جو تقریباً ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ کہیں اسے خوش قسمتی کا نمائندہ کہا جاتا ہے اور کہیں اسے منحوسیت کی علامت۔ یہاں اسے کس قسم کا خطاب دیا گیا ہے یہ مجھے معلوم نہ تھا۔ یہاں کے جنگل میں' میں نے اُلو نہیں دیکھا تھا۔ مگر اس وقت اس کے بولنے کی آواز آرہی تھی۔ تبھی اُلو کے چیخنے کی آواز دوبارہ سنائی دی تو میں .... مسکرا دیا اس لیے کہ میں نے پہچان لیا تھا۔ یہ اُلو کی آواز نہیں تھی۔ یہ آواز ویم کی تھی۔ بقول اس کے کہ جب وہ اسلحہ کی اسمگلنگ کرتا تھا تو یہ آواز نکال کر وہ اپنے خریداروں کو بلاتا تھا۔ میں نے منہ میں دو انگلی ڈالی اور ایک تیز سیٹی پورے جنگل میں گونج گئی۔ میں جو چاہتا تھا وہی ہوا۔ ادھر سے بھی سیٹی کی آواز سنائی دی۔ یہ گویا اس بات کا اعلان تھا کہ میری سیٹی اس نے سن لی ہے۔ میں اسی آواز کی سمت بڑھ رہا تھا کہ ایک عجیب بات رونما ہو گئی۔ میرے بالکل سامنے لمبی لمبی جھاڑیاں تھیں۔ یکا یک ان جھاڑیوں میں ہلچل مچی۔ میں ٹھٹک گیا۔ ابھی ادھر دیکھ ہی رہا تھا کہ جھاڑیوں کے عقب سے ایک ہارن نے چھلانگ لگائی اور بالکل میرے مقابل آکر کھڑا ہو گیا۔ اس عفریت کو دیکھ کر میں سکتے میں آگیا تھا۔ اس کی خون آشامی، درندگی سے واقف تھا کہ کس قدر انسانوں سے نفرت کرتا ہے۔ اس کا مظاہرہ بھی دیکھ چکا تھا۔ میں نے لاتعداد بار بہادری کے جوہر دکھائے تھے مگر اس وقت خدا گواہ میری ریڑھ کی ہڈی میں سرد لہر سی دوڑ گئی تھی۔ کیونکہ ہم دونوں کے درمیان فاصلہ بہت کم تھا۔

کہانی ابھی جاری ہے۔

بقیہ واقعات آئندہ شمارے میں ملاحظہ کریں



# بیت بازی

## قارئین

(نجمی رحمٰن یو ایس اے کا جواب)

نیلوفر شاہین.........اسلام آباد

ابھی سے وہ دامن چھڑانے لگا ہے
جو اب تک مرے ہاتھ آیا نہیں ہے

رانا محمود الحسن.........جہلم

احتیاطاً لوگ یوں جیتے رہے
رسم سی جیسے ادا کردی گئی

جاوید افسر.........سیالکوٹ

ابھی سکون میسر نہیں رعایا کو
ہیں نقص طرزِ حکومت میں بے شمار ابھی

احمد علی سولنگی.........جیکب آباد

انساں سے محبت کی سزا کتنی کڑی تھی
نفرت کے طمانچے میرے رخسار تک آئے

نسیم نکہت.........اٹک

امتحاں اور میرے ضبط کا تم کیا لو گے
میں نے دھڑکن کو بھی سینے میں چھپا رکھا ہے

نازنین ناز.........العین یو اے ای

اتنا بے حس کہ پگھلتا ہی نہ تھا باتوں سے
آدمی تھا کہ تراشا ہوا پتھر دیکھا

سید امتیاز حسین بخاری.........سرگودھا

ایسا اجڑا ہوں محبت میں تیری اے دوست
اب مجھے یاد وہ پہلی بھی ملاقات نہیں

(رابعہ کنول اسلام آباد کا جواب)

ہادیہ ایمان، ماہا ایمان.........ہارون آباد

افسردگی گناہ کی تمثیل ہے ندیم
بے چینیاں حرام ہیں تو جاگ تو سہی

اشرف علی گجر.........تواں شہر

الفت کی راہ چارۂ بے امتیاز ہے
محمود اس فضا میں غلامِ ایاز ہے

فوزیہ مشتاق.........شیخوپورہ

اکسیر کے آجاتے ہیں اوصاف بشر میں
سو فائدے ہیں ایک محبت کے ضرر میں

سونو.........لاہور

اٹھتی ہیں کبھی دل سے غموں کی جو گھٹائیں
احساس کا دریا بھی بہا دیتی ہیں آنکھیں

فدا حسین طوری.........پاراچنار

اپنے دامن پر وہ اک قطرۂ اشک
اک شکستہ ساغر یاد آیا

(فلک شیر ملک رحیم یار خان کا جواب)

عبدالحکیم شمر.........کراچی

دن کو بھی یہاں شب کی سیاہی کا سماں ہے
کہتے ہیں اسے آرام گہہ نور جہاں ہے

حیات مرزا.........حیدرآباد

دیکھ لے سوکھی ٹہنیوں کی طرف
پوچھ مت انتظار کیا شے ہے

ملک ادریس.........ڈیرہ اسماعیل خان

دستِ گیہ تراش تو ہے خشک ہو چکا
افضل رہیں گے گھاس کے میدان ہرے بھرے

زاہدہ ممتاز شیخ.........جھنگ صدر

دل برباد ہے اب اس طرح اشکوں کے زغے میں
کہ جیسے اک شکستہ ناؤ طوفانوں کے ہاتھ آئی

(مرزا حمزہ بیگ حیدرآباد کا جواب)

ناعمہ تحریم.........کراچی

تمہارا نام لکھنے کی اجازت چھن گئی جب سے
کوئی بھی لفظ لکھتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں

سلمیٰ شاہین.........فیصل آباد

تو نام کا دریا ہے روانی نہیں رکھتا
بادل ہے وہ بے فیض جو پانی نہیں رکھتا
یہ آخری خط آخری تصویر بھی لے جا
میں بھولنے والوں کی نشانی نہیں رکھتا



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

(عبدالجبار رومی انصاری کراچی کا جواب)

سعید احمد چاند.........کراچی

اور پھر کرنا پڑا گوشت سے ناخن کو جدا
یہ ضروری تھا کسی زخم کو بھرنے کے لیے

(نازیہ نسرین محبوب کراچی کا جواب)

عبدالحکیم شمر.........کراچی

وہ تو صدیوں کا سفر کر کے یہاں پہنچا تھا
تو نے منہ پھیر کے جس شخص کو دیکھا بھی نہیں

(وحید الحسن ملتان کا جواب)

سعید احمد چاند.........کراچی

رسم وفا ہم نے ہی نبھائی اور ہم ہی بدنام ہوئے
حسن و عشق کی اس دنیا میں ہم ایسے دیوانے ہوئے

فصیح الدین.........سکھر

ریت کے ذرّے بن کر چمکے
کتنے موتی رُلتے رُلتے

عباس علی.........سکرنڈ

رنگ لائیں گی اک دن یہ خوش فہمیاں
آپ کے راز داروں سے ڈرتے ہیں ہم

سیف اللہ.........ملک وال

روکے میت پر میری وہ یوں کہنے لگے
تو ہی نکلا بے وفا تیری وفا پہ ناز تھا

(زویا اکبر لاہور کا جواب)

ہادیہ ایمان، ماہا ایمان.........ہارون آباد

دل کی تسکین بھی ہے آسائش ہستی کی دلیل
زندگی صرف زر و سیم کا پیمانہ نہیں

ابریز اسد.........میانوالی

دن میں جو بنائے وہ شام تک نہ رہ پائے
ریت کے گھروندوں کی عمر کتنی ہوتی ہے

مہوش صدیقی.........بھمبر کشمیر

دو چار نہیں مجھ کو فقط ایک بتا دو
انسان جو اندر سے بھی باہر کی طرح ہو

(سیف اللہ ملک وال کا جواب)

ندیم یامین.........کراچی

ہزاروں غم ہیں جو مجھے مصروف رکھتے ہیں
مگر تم انمول اتنے ہو کہ پھر بھی یاد آتے ہو

(نسیم منظر کراچی کا جواب)

منشی عزیز مئے.........وہاڑی

آنکھیں ہی کہا کرتی ہیں سب دل کے چھپے راز
کیوں تجھ کو یقین میری نگاہوں پہ نہیں ہے

ہما اختر.........مظفر گڑھ

اب تو یاد رفتگاں کی بھی ہمت نہیں رہی
یاروں نے بہت دور بسائی ہیں بستیاں

سیف الرحمٰن.........ساہیوال

اندر لگی تھی آگ مگر بے خبر تھے لوگ
جلتے ہوئے مکان کے باہر دھواں نہ تھا

(نورین فاطمہ سکھر کا جواب)

عبدالجبار رومی انصاری.........لاہور

یونہی زندگی سنور جاتی ہے
ذرّے سے موتی بنتے بنتے

ہما علی.........بھٹیاں

یہ ہم بھی جانتے ہیں زندگی ایک خواب ہے افسر
مگر اس خواب کی آخر کوئی تعبیر بھی ہو گی

سبین اقبال.........لیاقت پور

یوم آزادی منایا ہم نے کچھ اس طور سے
نوجواں تھے رقص تھا اور ہو جمالو کی دھمال

محمد احمد حسن.........دادو

دلوں کے قرب کی پہچان ہے یہی شوکت
نظر نظر میں جل اٹھیں صداقتوں کے چراغ

نصرت شاہین.........سرگودھا

ہم کو ڈر ہے کہ نہ بہہ جائیں نشیمن اپنے
ہم کو اس سال بھی برسات سے ڈر لگتا ہے

فرحت اللہ.........پشاور

اے زندگی تو ہی بتا کیسے تجھے پیار کروں
تیری ہر سانس میری عمر گھٹا دیتی ہے

بیت بازی کا اصول ہے جس حرف پر شعر ختم ہو رہا ہے اسی لفظ سے شروع ہونے والا شعر ارسال کریں۔ اکثر قارئین اس اصول کو نظرانداز کر رہے ہیں۔ نتیجتاً ان کے شعر تلف کر دیے جاتے ہیں۔ اس اصول کو مدنظر رکھ کر ہی شعر ارسال کریں۔






میرے خیال سے اس مرتبہ دریافت کی گئی شخصیت کا نام.................................ہے۔

نام: .................................

پتا: .................................

.................................

انعام یافتہ ہونے کی صورت میں مجھے جاسوسی ☐ سسپنس ☐ پاکیزہ ☐ سرگزشت ☐ بھجوایا جائے
کسی ایک پر ☑ کیجیے۔

کوپن کے ہمراہ اپنے جوابات مورخہ 30 مئی 2016 تک علمی آزمائش 125 پوسٹ بکس نمبر 982 کراچی 74200 پر ارسال کریں۔

## مقابلہ
# بیت بازی

قارئین کے مسلسل اصرار پر ادبی ذوق کی تسکین کے لیے اک نیا سلسلہ ”بیت بازی“ شروع کیا گیا ہے۔ آپ اپنے پسندیدہ شعر کے آخری حرف سے شروع ہونے والا شعر ارسال کر سکتے ہیں۔

نام .................................

پتا .................................

.................................

محترم / محترمہ .........کے شعر کے جواب میں شعر ارسال کر رہا ہوں اسے شاملِ اشاعت کر لیں
(شعر الگ کاغذ پر ہے)

85

مقابلہ بیت بازی
پوسٹ بکس نمبر 982 کراچی، 74200


# اگر آپ کو

ماہنامہ جاسوسی ڈائجسٹ،
ماہنامہ سسپنس ڈائجسٹ،
ماہنامہ پاکیزہ، ماہنامہ سرگزشت،

کے حصول میں دقت پیش آ رہی ہے یا آپ کو اپنے علاقے کے بک اسٹال سے کوئی شکایت ہے اور آپ کے علاقے میں بروقت پرچہ نہیں پہنچ رہا تو

شکایت فیکس کریں

مندرجہ ذیل ٹیلی فون نمبروں پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں
ثمر عباس 0301-2454188
سرکولیشن منیجر 35802552-35386783-35804200
فیکس نمبر 35802551

جاسوسی ڈائجسٹ پبلی کیشنز
63-C فیز III ایکسٹینشن ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی مین کورنگی روڈ کراچی
فون: 35895313 فیکس: 35802551





READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# معصوم مجرمہ

محترم ایڈیٹر
سلام تہنیت
میں خدا کو حاضر ناظر جان کر اپنے گناہوں کو لکھ کر آپ قارئین کے سامنے پیش کررہا ہوں تاکہ میری طرح کوئی اور صراطِ مستقیم سے نہ بھٹکے، اپنے بچوں کی زندگی میں اپنے مفاد کی خاطر زہر نہ گھولے۔ میں تو تائب ہو چکا ہوں اس لیے سوچا کہ دوسروں کو بھی عبرت کا درس دے دوں۔

رشید احمد
(کراچی)

میں نے ایک مصروف علاقے میں بینک کے سامنے رکشا روک دیا اور سواری کا انتظار کرنے لگا۔ میری چھ سالہ بیٹی راحیلہ میرے ساتھ ہی اگلی نشست پر بیٹھی تھی۔ نئے سی این جی رکشوں کی نہ صرف ڈرائیونگ سیٹ خاصی کشادہ ہوتی ہے بلکہ ان میں پیچھے بھی خاصی گنجائش ہوتی ہے۔ بہت سے رکشا والوں نے تو پچھلے حصے میں ایک اضافی سیٹ بھی لگالی ہے۔ یوں ٹیکسی والوں کا بزنس بالکل ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے۔

سامنے سے ایک ادھیڑ عمر شخص میرے نزدیک آیا اور بولا۔ ''حیدری چلوگے؟''

میں نے انکار میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔ ''یہ رکشا خالی نہیں ہے صاحب! میں اپنی سواری کا انتظار کررہا ہوں۔'' وہ شخص مایوس ہوکر چلا گیا۔

پھر کالج یونیفارم میں ملبوس دو لڑکیاں آئیں۔ ان کے دوپٹے شانوں سے جھول رہے تھے۔ ایک لڑکی کے ہاتھ میں منرل واٹر کی بوتل تھی اور دوسری چیونگم کی جگالی کررہی تھی۔

جگالی کرنے والی لڑکی مجھ سے کچھ کہے بغیر رکشا میں بیٹھ گئی اور بولی۔ ''انچولی کیا لوگے؟'' پھر وہ میرا جواب سنے بغیر بولی۔ ''بیٹھو روبی!''

مجھے اس قسم کی سواریوں سے چڑ ہے جو یوں ڈھٹائی سے رکشا میں سوار ہو جاتی ہیں۔ میں نے اپنے غصے کو قابو کرتے ہوئے کہا۔ ''رکشا خالی نہیں ہے بی بی۔''

''خالی نہیں ہے!'' جگالی کرنے والی حیرت سے بولی۔ ''لیکن مجھے تو یہاں کوئی نظر تو نہیں آرہا ہے۔''

''سواری آگے بیٹھی تو ہے صائمہ۔'' دوسری لڑکی نے شاید طنز کیا تھا۔ اس نے اپنی بوتل سے پانی کا ایک گھونٹ پیا اور بولی۔ ''تم نے بتایا نہیں کہ انچولی تک کا کیا لوگے؟''

''میں نے آپ کو بتایا تو ہے کہ رکشا خالی نہیں ہے۔'' میں نے سلگتے ہوئے لہجے میں کہا۔ ''میں کسی کا ویٹ کررہا ہوں۔''

وہ دونوں بکتی جھکتی اتر گئیں۔

اسی وقت ایک خاتون بینک سے باہر نکلیں۔ انہوں نے ادھر دیکھا پھر وہ آگے بڑھ گئیں۔ میں ہاتھ مل کر رہ گیا۔

مجھے ایسی ہی کسی سواری کا انتظار تھا جو منہ مانگے پیسے دے سکے۔ ہم لوگوں کو سواری کو دیکھتے ہی اندازہ ہو جاتا





ہے کہ اس سے کتنا کرایہ مل سکے گا۔

میں نے عقب نما آئینے میں دیکھا وہ میرے پیچھے کھڑے ہوئے ایک رکشا والے سے بات کررہی تھیں۔ رکشا والے نے نفی میں سر ہلایا۔ وہ آہستہ آہستہ میرے نزدیک پہنچ گئیں اور بولیں۔ ''نارتھ ناظم آباد چلو گے؟''

''آپ نارتھ ناظم آباد میں کہاں جائیں گی؟'' میں نے پوچھا۔

''مجھے بلاک اے کی طرف جانا ہے۔''

''بلاک اے!'' میں نے سوچا۔ ''خاتون صاحب حیثیت بھی ہیں۔ نارتھ ناظم آباد کے بلاک اے میں بڑے بڑے بنگلے بنے ہوئے ہیں اور وہاں خاصے خوش حال لوگ رہتے ہیں۔

''بیٹھیے!'' میں نے کہا۔

''کرایہ کیا لو گے؟'' انہوں نے پوچھا۔

''جو مناسب ہو دے دیجیے گا۔'' میں نے کہا۔

''میں دو سو روپے سے زیادہ نہیں دوں گی۔'' انہوں نے کہا۔ ''میں ابھی اتنے ہی پیسے دے کر یہاں آئی ہوں۔''

اس کا مطلب یہ تھا کہ جو رکشا والا انہیں یہاں لایا تھا اس نے بھی ان سے اچھا خاصا کرایہ وصول کیا۔ نارتھ ناظم آباد کے ڈیڑھ سو سے زیادہ کوئی نہیں دیتا تھا بلکہ اکثر لوگ تو ایک سو تیس اور ایک سو بیس روپے پر اڑ جاتے تھے۔

''بیٹھیے۔'' میں نے ان کی بات مانتے ہوئے کہا۔

وہ رکشا میں بیٹھ گئیں۔ میں نے رکشا اسٹارٹ کیا اور روانہ ہوگیا۔

خاتون نے اچانک پوچھا۔ ''تمہارے ساتھ یہ بچی کون ہے؟''

''میری بیٹی ہے بیگم صاحبہ؟'' میں نے جواب دیا۔

''تمہاری بیٹی؟'' انہوں نے کہا۔ ''تم اسے ساتھ لیے کیوں گھوم رہے ہو؟''

''کیا کروں بیگم صاحبہ! مجبوری ہے۔ میری بیوی تو دو برس پہلے مرگئی تھی۔ میرے پاس جتنا پیسا تھا، اس کے علاج پر خرچ ہوگیا۔ میں ان دنوں ایک دفتر میں کلرک تھا۔''

''تم پڑھے لکھے ہو؟'' خاتون نے چونک کر پوچھا۔

''جی ہاں، میں نے گریجویشن کیا ہے۔ بیوی کے علاج کے لیے میں نے گھر کی ایک ایک چیز بیچ دی، آخر میں گھر بھی بیچ دیا لیکن بیوی کو نہ بچا سکا۔'' میرا لہجہ گلوگیر ہو گیا۔ اس بچی کے سوا میرا کوئی بھی نہیں ہے میں نے جیسے تیسے یہ رکشا خرید لیا۔ اس کی قسطیں بھی ابھی باقی ہیں۔ بس کسی نہ کسی طرح گزارہ ہو رہا ہے۔''

''تم رہتے کہاں ہو؟'' بیگم صاحبہ کے لہجے میں اب مجبوری تھی۔

''میں کہاں رہوں گا، گھر بار تو کوئی ہے نہیں رات کو جہاں جگہ ملتی ہے سو جاتا ہوں، بچی کو پچھلی سیٹ پر سلا دیتا ہوں اور خود کسی فٹ پاتھ پر یا دکان کے چبوترے پر لیٹ کر سو جاتا ہوں۔ رکشے کی سیٹ کے نیچے میرے اور بچی کے کپڑے ہیں۔ بس یہ سمجھ لیں یہ رکشا میرا گھر ہے۔''



www.Paksociety.com
READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

نے نوٹ آپ کو تو نہیں دیا تھا۔'' وہ اب کچھ سنبھل گیا تھا۔
''عقیل بھائی!'' میں نے کہا۔ ''آپ پولیس کو کال نہیں کریں گے تو میں کرلوں گا۔'' یہ کہہ کر میں نے جیب سے اپنا سیل فون نکال لیا۔
''دیکھیے! میں اس وقت جلدی میں ہوں۔'' وہ شخص بری طرح گھبرا گیا۔ ''آپ کا کوئی نقصان تو نہیں ہوا۔ نوٹ مجھے واپس کردیں۔ بینک والوں سے میں خود نمٹ لوں گا۔''
میں اس کی بات کا جواب دیے بغیر نمبر ڈائل کر چکا تھا لیکن پولیس کا نہیں اپنے ایک دوست کا، اس کا وہ نمبر ہمیشہ آف ہوتا تھا۔ میں نے چند لمحوں بعد کہا۔ ''ہیلو! پولیس اسٹیشن۔''
میں نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ وہ شخص اچانک بھاگ نکلا۔ میں اس کے پیچھے لپکا کچھ فاصلے پر اس کی بائیک کھڑی تھی۔ میں نے بائیک پر بیٹھنے سے پہلے ہی اسے دبوچ لیا اور بولا۔ ''بھاگ کر کہاں جاؤ گے؟''
''مجھ سے غلطی ہوگئی۔ مجھے معاف کردو پلیز۔''
''اور کتنے جعلی نوٹ ہیں تمہارے پاس؟'' میں نے درشت لہجے میں پوچھا۔
''چار نوٹ اور ہیں۔'' وہ بولا۔ پھر خوشامدی انداز میں بولا۔ ''مجھے معاف کردیں پلیز۔ مجھے جانے دیں میری بچی بیمار ہے۔''
اس دوران میں کچھ لوگ وہاں جمع ہوگئے تھے۔ میں نے ان لوگوں سے درشت لہجے میں کہا۔ ''کیا بات ہے بھائی یہاں کوئی تماشا ہو رہا ہے؟ یہ میرا دوست سہیل ہے۔ دوستوں میں مذاق تو ہوتا ہی رہتا ہے۔''
لوگ واپس جانے لگے۔ میں نے آہستہ سے کہا۔ ''باقی نوٹ بھی نکال کر مجھے دے دو ورنہ ابھی پولیس کو ٹیلی فون کرلوں گا۔''
''لیکن......!''
''کوئی لیکن ویکن نہیں۔'' میں نے کہا۔ ''جلدی کرو۔''
اس نے بقیہ چار نوٹ بھی نکال کر میرے حوالے کردیے۔
''اب یہاں سے چلتے ہوئے نظر آؤ۔'' میں نے کہا۔
وہ اپنی موٹر سائیکل اسٹارٹ کر کے وہاں سے ایسا بھاگا کہ لمحوں میں نظروں سے غائب ہوگیا۔
میں دوبارہ عقیل بھائی کی دکان پر پہنچا تو وہ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگے۔ ''رشید صاحب! آپ ناحق اس لفنگے کے پیچھے بھاگے۔ اس قسم کے لوگ عموماً مسلح بھی ہوتے ہیں۔ وہ آپ کو نقصان بھی پہنچا سکتا تھا۔''
''اس قسم کے لوگ ہی تو عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالتے ہیں۔'' میں نے کہا۔ ''میں کمپنی میں کیش ہی کی ڈیلنگ کرتا ہوں۔ جعلی نوٹ دیکھتے ہی مجھے شبہ ہو جاتا ہے اس لیے تو میں نے نوٹ مانگا تھا کہ اپنے شبے کی تصدیق کرسکوں۔''
''دفع کریں اسے۔'' عقیل بھائی نے کہا۔ ''آپ بتائیے کیا لینے آئے تھے؟''
''مجھے ضرورت تو کئی چیزوں کی ہے عقیل بھائی!'' میں نے کہا۔ ''لیکن ابھی مجھے خیال آیا کہ میری جیب میں پیسے تو ہیں نہیں، میں......''
''آپ بھی عجیب بات کر رہے ہیں۔'' عقیل بھائی نے کہا۔ ''آپ بتائیے آپ کو کیا چاہیے۔ پیسے تو آپ بعد میں بھی دے سکتے ہیں۔''
میں نے ان سے راحیلہ کے لیے دودھ کا ایک ڈبا، چینی، پتی اور اسی طرح کی دوسری ضروری چیزیں لیں اور ان سے کہا کہ پیسے میں کل یا پرسوں تک دے دوں گا۔
میں سامان لے کر گھر پہنچا تو سلمٰی پہلے تو حیران رہ گئی پھر اس نے چونک کر کہا۔ ''یہ سارا سامان آپ کہاں سے لائے ہیں؟''
''بس کہیں نہ کہیں تو اللہ بندوبست کر ہی دیتا ہے۔''
''آپ نے ادھار تو نہیں لیا ہے؟'' سلمٰی نے مجھے گھورتے ہوئے کہا۔ اسے ادھار سے چڑ تھی۔
''ادھار لیا ہے۔'' میں نے جھلا کر کہا۔ ''چوری نہیں کی ہے؟ تم کیا چاہتی ہو راحیلہ بھوک سے بلکتی رہے اور میں اپنے اصولوں کو لیے بیٹھا رہوں۔ میں خود بھی ادھار کا قائل نہیں ہوں سلمٰی لیکن جب بات اولاد کی ہو تو پھر بہت سی باتوں پر سمجھوتا کرنا پڑتا ہے۔''
میرا موڈ دیکھ کر سلمٰی ایک لفظ بھی نہ بولی۔ مجھے غصے میں دیکھ کر وہ ہمیشہ خاموش ہو جاتی تھی۔
میں نے صبح سے چائے نہیں پی تھی نہ کچھ کھایا تھا۔ میں نے سلمٰی سے ڈبل روٹی اور چائے لانے کو کہا۔
میں ناشتا کر کے اطمینان سے اخبار لے کر بیٹھ گیا تو سلمٰی نے سوال کیا۔ ''آپ تو شاید کہیں جانے کو نکلے تھے۔''
''اب نہیں جا رہا۔'' میں نے اطمینان سے کہا۔



''آج دھکے کھانے کا موڈ نہیں ہے۔ پھر شام کو مجھے ایک دوست کی شادی میں جانا ہے۔''
جب میں شام کو گھر سے نکلنے لگا تو سلمٰی نے کہا۔
''آپ شادی میں تو جا رہے ہیں لیکن وہاں دیں گے کیا؟''
''کچھ نہ کچھ بندوبست ہو جائے گا۔'' میں نے کہا اور باہر نکل آیا۔ میں مزید وہاں رکتا تو وہ سوالات کر کے مجھے پریشان کرتی۔
میں نے سوچا تھا کہ میں وہ جعلی نوٹ چلانے کی کوشش کروں گا۔
اچانک میری نظر اپنے پڑوسی پر پڑی۔ وہ اس وقت آفس سے آیا تھا اور موٹر سائیکل سے اتر کر اپنا ہیلمٹ اتار رہا تھا۔
اچانک ایک خیال بجلی کی سی تیزی سے میرے ذہن میں آیا۔ وہ جعلی نوٹ پیٹرول پمپ پر چل سکتا تھا۔ میں نے اپنے پڑوسی سے کہا۔ ''آصف صاحب! اب آپ کو کہیں جانا تو نہیں ہے؟''
اس نے چونک کر مجھے دیکھا پھر بولا۔ ''نہیں اب میں کہاں جاؤں گا؟''
''اگر آپ برا نہ مانیں تو میں آپ کی بائیک لے جاؤں؟''
''رشید صاحب! برا ماننے کی کیا بات ہے۔ آپ ضرور لے جائیں۔''
چند ماہ پہلے میرے پاس بھی موٹر سائیکل تھی اور آصف نے کئی دفعہ مجھ سے مانگی بھی تھی۔ پھر وہ انکار کیسے کر سکتا تھا۔
میں نے بائیک کو کک لگائی تو وہ جھجکتے ہوئے بولا۔
''رشید صاحب! بائیک میں پیٹرول بہت کم ہے۔''
''اس کی آپ فکر مت کریں۔'' میں نے کہا اور روانہ ہوگیا۔
میرے گھر کے نزدیک بھی ایک پیٹرول پمپ تھا۔ اس پیٹرول پمپ کے لوگ مجھے پہچانتے تھے۔
میں ایک دوسرے مصروف پمپ پر پہنچا۔ وہاں موٹر سائیکلوں کی قطار تھی۔
میں نے بہت اعتماد سے دو لیٹر پیٹرول ڈلوایا اور پمپ والے کو ان ہی جعلی نوٹوں میں سے ایک دے دیا۔ نوٹ کو ہاتھ سے مسل کر اور زمین پر رگڑ کر میں نے نہ صرف اس کا نیا پن ختم کردیا تھا بلکہ بال پوائنٹ سے اس پر کچھ

دنیا کے کسی بھی گوشے میں اور ملک بھر میں
گھر بیٹھے
رسالے حاصل کیجیے
جاسوسی ڈائجسٹ سسپنس ڈائجسٹ
ماہنامہ پاکیزہ ماہنامہ سرگزشت
باقاعدگی سے ہر ماہ حاصل کریں اپنے دروازے پر
ایک رسالے کے لیے 12 ماہ کا زرِ سالانہ
(بشمول رجسٹرڈ ڈاک خرچ)
پاکستان کے کسی بھی شہر یا گاؤں کے لیے 800 روپے
امریکا کینیڈا آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے لیے 9,000 روپے
بقیہ ممالک کے لیے 8,000 روپے
آپ ایک وقت میں کئی سال کے لیے ایک سے زائد رسائل کے خریدار بن سکتے ہیں۔ رقم اسی حساب سے ارسال کریں۔ ہم فوراً آپ کے دیے ہوئے پتے پر رجسٹرڈ ڈاک سے رسائل بھیجنا شروع کردیں گے۔
یہ آپ کی طرف سے اپنے پیاروں کے لیے بہترین تحفہ بھی ہو سکتا ہے
بیرونِ ملک سے قارئین صرف ویسٹرن یونین یا منی گرام کے ذریعے رقم ارسال کریں۔ کسی اور ذریعے سے رقم بھیجنے پر بھاری بینک فیس عائد ہوتی ہے۔ اس سے گریز فرمائیں۔
رابطہ: ثمر عباس (فون نمبر: 0301-2454188)
جاسوسی ڈائجسٹ پبلی کیشنز
63-C فیز II ایکسٹینشن ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی مین کورنگی روڈ، کراچی
فون: 021-35895313 فیکس: 021-35802551



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

”تم یہ وارداتیں کب سے کر رہے ہو؟“ پولیس افسر نے پوچھا۔ ”جھوٹ مت بولنا۔ تمہاری اس کارروائی کا نشانہ ایک دفعہ میں بھی بن چکا ہوں۔“

اچانک میرے ذہن میں جھماکا ہوا اور مجھے یاد آ گیا کہ یہ پولیس افسر کرائم برانچ کا وہی ایس پی ہے۔ راحیلہ ایک دفعہ اس کی جیب بھی صاف کر چکی ہے۔

”آپ شاید یقین نہ کریں ایس پی صاحب۔“ میں نے کہا۔ ”میں یہ وارداتیں کرتا تھا لیکن ایک واقعے کے بعد میں جیب تراشی اور چوری سے تائب ہو چکا ہوں اور اب شریفانہ زندگی گزار رہا ہوں۔“

”بکومت!“ وہ درشت لہجے میں بولا۔ ”تم نے یہ بھی جھوٹ بولا تھا کہ تمہارا کوئی گھر ہے نہ بیوی بچے۔ ابھی ٹیلی فون کر کے اپنی بیوی کو یہاں بلاؤ۔ میں تمہیں گرفتار کر رہا ہوں یہ تو میرے لیے بھی شرم کی بات ہے کہ کرائم برانچ کے ایک تجربہ کار ایس پی کو معصوم سی ایک بچی نے لوٹ لیا۔“

اس وقت ایک نرس نے آ کر بتایا کہ ایس پی صاحب! بچی کا بخار اب اتر گیا ہے لیکن اسے آرام کی ضرورت ہے۔ وہ آپ کو بلا رہی ہے۔

”چلو بچی کے پاس۔“ ایس پی نے کہا۔

میں راحیلہ کے پاس پہنچا تو وہ بیڈ پر لیٹی تھی لیکن اس وقت بالکل ٹھیک تھی۔

ایس پی ٹکٹکی باندھے راحیلہ کو دیکھ رہا تھا۔ پھر اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کے دو تین قطرے نکلے جنہیں اس نے جلدی سے صاف کر لیا۔ مجھے حیرت تھی کہ اتنا بڑا افسر رو کیوں رہا ہے؟

”رشید!“ اس نے کہا۔ ”تم نے مجھے عجیب الجھن میں ڈال دیا ہے اگر میں تمہیں گرفتار کرتا ہوں تو بچی بھی اس کی زد میں آئے گی میں نہیں چاہتا کہ بچی پر کوئی آنچ آئے۔ میں اپنی بیٹی کھو چکا ہوں اولاد کا درد جانتا ہوں۔ میری بیٹی بالکل راحیلہ کی طرح خوب صورت اور معصوم تھی۔ وہ نہ جانے کیسے پانی کے انڈر گراؤنڈ ٹینک میں گر گئی۔ مجھے اس وقت علم ہوا جب اس کی موت واقع ہو چکی تھی۔“ وہ ایک مرتبہ پھر آبدیدہ ہو گیا۔ ”وہ بالکل راحیلہ کی طرح تھی۔ وہی آنکھیں، وہی بال، چہرے پر وہی معصومیت۔“

”سر! آپ یقین کریں یا نہ کریں میں اب تائب ہو چکا ہوں۔“

”تمہارے پاس ان لوگوں کا ٹیلی فون نمبر تو ہوگا، تم نے بتایا تھا کہ ان لوگوں نے تمہیں شادی کارڈ بھی دیا تھا؟“

”جی صاحب! وہ کارڈ اب بھی میرے پاس محفوظ ہے۔“ میں نے کہا، یہ میرے رکشا کی سیٹ کے نیچے ہے۔“

”وہ نمبر مجھے دو۔“ ایس پی نے کچھ سوچ کر کہا۔

میں فوراً باہر گیا اور شادی کارڈ لے آیا۔

ایس پی نے بغور کارڈ کا جائزہ لیا پھر کارڈ میں موجود ایک نمبر پر ٹیلی فون کر دیا اس نے مجھے سنانے کے لیے فون کا اسپیکر بھی آن کر دیا تھا۔

”ہیلو!“ دوسری طرف سے کسی مرد کی آواز آئی۔

”سہیل صاحب بول رہے ہیں؟“ ایس پی نے پوچھا۔ ”بہن کی شادی بہت مبارک ہو۔“

”آپ کون صاحب بول رہے ہیں؟“ دوسری طرف سے سہیل کی حیرت زدہ آواز سنائی دی۔

”میں ایس پی سلطان بول رہا ہوں کرائم برانچ سے۔ آپ ہی کے کسی رشتے دار نے رپورٹ درج کرائی تھی کہ آپ کے زیورات چوری ہو گئے تھے؟“

”نہیں سر وہ چوری نہیں ہوئے تھے۔“ سہیل جلدی سے بولا۔ ”وہ تو رکشا میں رہ گئے تھے۔ رکشا والا بہت شریف اور ایمان دار تھا۔ وہ دوسرے ہی دن شام کو زیورات واپس کر گیا تھا۔“

”ٹھیک ہے۔“ ایس پی نے سلسلہ منقطع کیا اور مجھ سے بولا۔ ”رشید! میں اس معاملے کی مزید تحقیقات کروں گا۔ ممکن ہے یہ سہیل بھی تمہارا ساتھی ہو اور یہ شادی کارڈ بھی جعلی ہو۔ میں تمہیں صرف راحیلہ کی وجہ سے فی الحال اپنی ضمانت پر چھوڑ رہا ہوں لیکن اگر تمہاری بات غلط ثابت ہوئی تو میں تمہیں کراچی کیا دنیا کے کسی بھی کونے سے پکڑ لوں گا۔ پھر میں راحیلہ کا بھی لحاظ نہیں کروں گا۔ بس اب جاؤ۔“ یہ کہہ کر وہ جانے کے لیے مڑا اور بولا۔ ”ہاں اسپتال کا بل میں نے خود ادا کر دیا ہے۔ بس اب مجھے تمہاری طرف سے کوئی شکایت نہیں ملنا چاہیے بلکہ ایسا کوئی غیر قانونی کام ہوتا دیکھو تو مجھے اطلاع دینا۔“ اس نے اپنا وزیٹنگ کارڈ نکالا اور مجھے دے دیا۔ ”ہاں! تم کبھی کبھی راحیلہ کو لے کر میرے گھر آ جایا کرنا۔“

پھر وہ بوجھل قدم اٹھاتا واپس چلا گیا۔ میں حیرت سے دیکھتا رہ گیا کہ پولیس میں بھی ایسا دردمند دل رکھنے والے لوگ ہوتے ہیں؟



# بددعا

محترم مدیر

السلام علیکم

میں سرگزشت ذوق و شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس بار ایک جاننے والی کی حالاتِ زندگی کو کہانی کے انداز میں لکھ کر بھیج رہا ہوں۔ یہ سبق ہے ان لوگوں کے لیے جو ظاہری چمک دمک دیکھ کر اپنی زندگی برباد کر لیتے ہیں۔ کاش ہماری بہنیں بیٹیاں زندگی کا ہمسفر منتخب کرتے وقت عقل سے کام لیں۔

جمیل حیات

(اکھوری، اٹک)



Downloaded From Paksociety.com

اس روز شام کو زور سے آندھی چلی۔ ساون کا مہینا تھا، بادل چھائے ہوئے تھے کہ موسلا دھار بارش شروع ہو گئی۔ اس موسم سے نوید کو ہمیشہ خوف آتا تھا، اس کا دل بے چین ہو جاتا، رات کو جب بادل گرجتے، بجلی چمکتی اور بارش شروع ہوتی تو نوید ڈر کے مارے کانپنے لگتا۔ ساون کا مہینا اس کے لیے بدقسمتی کی علامت تھا۔ اس مہینے نے اسے ہمیشہ دکھ ہی دکھ دیے تھے۔ پہلی بار جب سائیکل کے پچھلے پہیے میں اس کا پاؤں آیا تو اس وقت بھی جولائی کا مہینا تھا اور



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

دیا تھا۔ کبھی اس کے ذہن میں یہ بات آتی کہ اس نے دولت کی خاطر ارسلان سے شادی کی تھی لیکن یہ دولت بہت خرابیاں بھی ساتھ لائی تھی۔ وہ سوچتی کہ اگر نوید سے شادی کرتی تو اس کے جسم کا مالک صرف نوید ہوتا لیکن ارسلان سے شادی کے بعد...... اس سے آگے وہ سوچنا بھی نہیں چاہتی تھی۔ اب جویریہ سے بھی اس کی گاڑھی چھنتی تھی۔ دونوں اکٹھی فلمیں دیکھتی تھیں۔ وہی کام جو اسے کبھی بہت برا لگتا تھا اب وہ اس سے لطف اندوز ہوتی تھی۔ سیٹھ حبیب کو بھی راضی کرنا پڑتا تھا اور یہ کام بہت تکلیف دہ اور کراہت آمیز تھا اس کے لیے۔ شکوہ بھی کرتی تو کس سے۔ اگرچہ اس کی ساس اسے اتنا پسند نہیں کرتی تھی لیکن سسر اور جویریہ کی مکمل مدد اسے حاصل تھی۔

ستمبر کا مہینا تھا۔ موسم اگرچہ ابر آلود تھا تاہم بارش ابھی شروع نہیں ہوئی تھی۔ خلافِ توقع ارسلان جلدی گھر آگیا۔ وہ تھکاوٹ محسوس کر رہا تھا۔ اسے بخار بھی تھا۔ ”میں سردبا دوں۔“

”یار! میری آنکھیں بھی جل رہی ہیں۔ آنکھیں بند کروں تو بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے۔“

”آپ ڈاکٹر کے پاس چلے جائیں۔ یہ دیکھیں آپ کے جسم پر تو سرخ سرخ دانے سے بنے ہوئے ہیں۔“

”اوہ! نہیں۔“ دانوں کو دیکھ کر ارسلان بری طرح بدکا۔ وہ اسپتال چلا گیا، صوفیہ اور ڈرائیور ساتھ تھے۔ ڈاکٹروں نے چند ٹیسٹ کیے، دوائیاں دیں اور اسے ایڈمٹ کرلیا گیا۔ دوسرے دن تک بخار کی شدت سے اس کی حالت ناگفتہ بہ ہوگئی۔ شام کو رپورٹ بھی آگئی، اسے ڈینگی بخار ہوگیا تھا۔ ان دنوں شہر میں ڈینگی کی وبا عام تھی۔ روز سینکڑوں کی تعداد میں بچے، بوڑھے، جوان، مردو زن اسپتالوں میں ڈینگی کے شبہے میں لائے جاتے۔ صوفیہ کے تو ہوش جاتے رہے۔ تاہم اسے یقین تھا کہ علاج ہو جائے گا۔ ارسلان نے بھی اسے تسلی دی کہ فکر نہ کرو اس نے کہا۔ ”علاج پیسے سے ہوتا ہے اور پیسا ہمارے پاس بہت ہے۔“ صوفیہ اس کے سرہانے بیٹھی رہی، وہ مشرقی بیوی تھی۔ نرس نے ارسلان کو ڈرپ لگادی اور اسے آرام کرنے کی تلقین کی۔ صوفیہ باہر ٹی وی لاؤنج میں آگئی۔ بریکنگ نیوز چل رہی تھی، نیوز کاسٹر چیخ چیخ کر بتا رہی تھی۔ ”سیکریٹری صحت، ڈینگی وائرس کی وجہ سے جاں بحق ہوگئے۔“ صوفیہ کا دل ایک دم دھڑکنا بھول گیا۔ اگر سیکریٹری صحت کا علاج نہیں ہوسکا تو...... اس سے آگے وہ نہ سوچ سکی۔

دوسرے دن جب ڈاکٹر نے ارسلان کا چیک اپ کیا تو وہ پریشان ہوگیا۔ ”ارسلان صاحب کے پلیٹ لیٹس تیزی کے ساتھ ختم ہو رہے ہیں۔“

ارسلان کے ناک اور منہ سے خون بھی بہنا شروع ہو گیا تھا۔ اس کے سارے گھر والے اس کے پاس موجود تھے۔ صوفیہ کو نوید کی امی کی بات یاد آرہی تھی اور اس کا دل ہول کھا رہا تھا۔ ”خدا کرے جس دولت کے بل پر آج تم میرے بیٹے کی خوشیاں چھین کر لے جارہی ہو وہ دولت تمھارے کسی کام نہ آئے۔“

چار دن موت اور زندگی کی کشمکش میں مبتلا رہنے اور لاکھوں روپے خرچ کرنے کے باوجود ارسلان جانبر نہ ہو سکا۔ چوتھے دن شام کو اس نے اپنی زندگی کی آخری سانس لی۔

صوفیہ کی تو دنیا ہی لٹ گئی۔ ارسلان کی تدفین کب ہوئی؟ اسے پتا نہ چل سکا کہ وہ تو ہوش وخرد سے بیگانہ ہو چکی تھی۔ تیسرے دن جب ارسلان کے قل ہوگئے تو ارسلان کی ماں نے صوفیہ کو گھر سے نکال دیا...... ”ڈائن میرے جوان بیٹے کو کھا گئی۔“

صوفیہ نے ان کی بہت منتیں کیں لیکن ان پر کوئی اثر نہ ہوا، اس نے سیٹھ حبیب کی طرف دیکھا لیکن اس نے بھی منہ موڑلیا۔ اس لیے کہ اس نے ایک نئی سیکریٹری رکھی تھی جس کے ساتھ اس کی شامیں گزر رہی تھیں۔

وہ لٹی پٹی اپنے میکے پہنچی، جب ان کو علم ہوا کی صوفیہ کو سسرال والوں نے گھر سے نکال دیا ہے تو وہ دل مسوس کر رہ گئے۔ محمود گل قدرت کی اس ستم ظریفی پر کبھی ہنستا تھا کبھی روتا تھا۔ نوید کی موت نے اسے بہت بڑا دھچکا لگایا تھا۔ اسے صوفیہ کے نام تک سے نفرت ہوگئی تھی لیکن جب اس کی بیٹی گھر واپس آگئی تو وہ باپ تھا، بیٹی کا دکھ برداشت نہ کرسکا، اسے گلے لگا لیا اور دیر تک روتا رہا۔ صوفیہ بھی جی بھر کر روئی۔ دوسرے دن اس نے امی کو ساتھ لیا اور قبرستان چلی گئی۔ نوید کی قبر کی پائنتی بیٹھ کر وہ کافی دیر روتی رہی اور اس سے معافی مانگتی رہی۔ آخر میں اس نے ہاتھ باندھ لیے اور فریاد کے لہجے میں بولی۔ ”اب تو معاف کردو مجھے، اپنے کیے کی بہت بڑی سزا بھگت لی میں نے۔“

وہ روتی رہی، اب اس کی کون سنتا؟ اس کی ایک آواز پر دوڑ کر آنے والا تو منوں مٹی تلے جا سویا تھا۔



# آدھا سچ

محترم مدیر اعلیٰ
السلام علیکم
یہ واقعہ میرے ایک رپورٹر دوست نے سنایا۔ اس واقعے نے مجھے ہلا کر رکھ دیا ہے۔ خود آپ بھی اس درد کو محسوس کریں گے مگر میں یہ بتا دوں کہ یہ واقعہ حرف بہ حرف سچ نہیں ہے کچھ میں نے تخیل سے بھی کام لیا ہے۔

محمد کبیر عباسی
(مری)

آج کی شام بہت خوبصورت تھی۔ تفریح گاہ میں خاصی رونق تھی۔ خوب چہل پہل تھی۔ لگ یوں رہا تھا جیسے کوئی تہوار ہو۔ ہر عمر اور ہر جنس کے لوگ موجود تھے۔ مگر زیادہ تعداد عورتوں اور بچوں کی تھی۔ کچھ لوگ گھاس پہ بیٹھے ستا رہے تھے تو کچھ بینچوں پر براجمان تھے۔ کچھ خوش گپیوں میں مشغول تھے۔ لہراتے رنگین پیراہن میں کھلتے پھولوں جیسے بھاگتے دوڑتے بچے، ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے گھومتے نوجوان جوڑے اور جلترنگ سے قہقہے رونق میں اضافہ کررہے تھے۔ ہر ایک کے





www.Paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

کیمرا پھر دھماکے کے بعد کے مناظر پہ فوکس ہوگیا۔

جھلسے ہوئے آدھے ادھورے اجسام، زخمیوں کی آہ و بکا، ایمبولینسز کا شور یہ سارے مناظر دل دہلا دینے والے تھے مگر ویڈیو دیکھتے ہوئے حسام کا چہرہ جوش سے سرخ ہو رہا تھا۔

پوری ویڈیو دیکھنے کے بعد وہ اٹھا اور ذیشان کو گلے لگالیا۔

"ویلڈن میرے شیر...... آج تم نے واقعی کارنامہ سر انجام دیا ہے۔ میں کہتا تھا ناں خبریں بنانا پڑتی ہیں۔ آج کے دور میں وہ ہی رپورٹر کامیاب ہے جو خبریں بنانے کے فن میں طاق ہے۔"

"آپ ٹھیک کہتے ہیں سر۔" ذیشان شرمیلے سے انداز میں مسکرا کے بولا۔

"اچھا میں یہ سب نیازی کے حوالے کر کے آتا ہوں وہ اس کی ایڈیٹنگ کر کے آن ایئر کر دیں گے۔ آج پھر ہم بازی لے گئے۔ اور یہ سب تمھاری بدولت ہوا۔" اس کے لہجے میں ذیشان کے لیے ستائش تھی۔

ذیشان کو بھی اپنی پریشانیاں کم ہوتی محسوس ہونے لگیں۔

باس کافی دیر بعد واپس آیا تو پُرسکون لگ رہا تھا۔ "اب ذرا تفصیل سے بتاؤ، یہ سب کیسے ہوا؟"

سر میں پارک سے نکل رہا تھا کہ میں نے ایک شخص کو فون پہ باتیں کرتے ہوئے سن لیا۔ وہ دھماکے کے لیے اپنے ساتھیوں کو بلا رہا تھا۔ پہلے میں نے سوچا کہ پولیس کو مطلع کروں مگر وقت کم تھا۔ پولیس کے پہنچنے تک دھماکا تو ہو ہی چکا ہوتا الٹا ڈر تھا کہ پولیس مجھے ہی نہ پکڑ لے۔ اس لیے میں نے آپ کو کال کی اور جو آپ نے کہا اسی پہ عمل کیا۔ ذیشان نے جھکے جھکے انداز میں بتایا۔ "سر یہ ساری ویڈیو تو آن ایئر نہیں جا سکتی دھماکے کے بعد کے سینز ہی ہم دکھا سکتے ہیں ناں؟"

ذیشان کے سوال میں اندیشے بول رہے تھے۔

"تم فکر نہ کرو ہم اپنا کام جانتے ہیں کہ کیا نشر کرنا ہے اور کیا نہیں۔" حسام نے ذیشان کو تسلی دی۔

"سر مجھے اب اجازت دیں گھر پہ میری بیوی میرا انتظار کر رہی ہوگی۔ اس کی طبیعت بھی آج کل ٹھیک نہیں رہتی اسے ڈاکٹر کو بھی دکھانا تھا مگر......" ذیشان اپنی ضرورت کا اظہار کرتے ہوئے جھجک گیا۔

"اوہ! آج تم نے بہت زبردست کام کیا ہے۔ اسپیشل بونس کی سفارش میں کردوں گا۔ ابھی تم اس سے کام چلاؤ۔"

حسام نے ایک چیک ذیشان کی طرف بڑھایا۔

بیس ہزار کا چیک دیکھ کے ذیشان کی باچھیں کھل گئیں۔

وہ نیاز مندانہ انداز میں بولا۔ "بہت شکریہ سر، میں اب چلتا ہوں۔"

گھر کی طرف جاتے ہوئے وہ مطمئن تھا۔ پچھتاوے کا مبہم سا احساس بیس ہزار کا چیک دیکھ کے کہیں دور جا سویا تھا۔ اسے یہ خیال تک نہ آیا کہ لوگوں کے لیے تو وہ لوگ ہی دہشت گرد تھے جنھوں نے دھماکا کیا تھا حالانکہ دہشت گرد تو اس کا چینل بھی تھا جس نے صرف ایک سنسنی خیز خبر کے لیے اسے استعمال کیا۔

دہشت گرد تو وہ خود بھی تھا جس نے اجتماعی مفاد کے بجائے ذاتی مفاد کو ترجیح دی۔ مگر آج کے دور میں ایسا سوچتا کون ہے۔

رکشا اس کی گلی میں پہنچا تو گلی کے نکڑ والے مکان سے رونے دھونے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ شاید دھماکے میں اس گھر کا کوئی فرد بھی زندگی کی بازی ہار گیا تھا۔ ذیشان نے پہلے ادھر رکنے کا سوچا۔ مگر وہ جسمانی تھکن کے ساتھ ذہنی طور پر بھی تھکا ہوا تھا۔ ایسے مناظر مزید دیکھنے کی اس میں سکت نہیں تھی۔

گھر پہنچ کے رکشے والے کو اس نے کرایا دیا اور سیڑھیاں چڑھنے لگا۔ اس کا فلیٹ دوسرے فلور پر تھا۔ وہ کال بیل بجانے والا تھا کہ اس کا پڑوسی ساتھ والے فلیٹ سے نکلا۔ وہ ذیشان کو دیکھ کے ٹھٹک گیا۔ تذبذب کے عالم میں اس نے ذیشان سے سوال کیا۔ "ذیشان بھائی کدھر تھے آپ میں دو گھنٹے سے آپ کا نمبر ٹرائی کر رہا ہوں مگر آپ کا نمبر بند جا رہا ہے؟"

"کام پر تھا اور سیل کی بیٹری ختم تھی۔ کیوں خیریت تھی ناں۔" ذیشان کے لہجے میں الجھن تھی۔

"وہ......وہ آپ کو اپنی بیوی اور امی کا پتا ہے، کدھر ہیں وہ؟"

"گھر میں ہی ہوں گی۔" یہ کہتے ہوئے اس نے ہینڈل دبایا مگر دروازہ لاک تھا۔

"جب دھماکا ہوا تو وہ تفریح گاہ میں تھیں۔ میں اور میری بیوی کچھ دیر پہلے ہی انھیں دھماکے والی جگہ کے قریب بیٹھا دیکھ کے آئے تھے۔ ہم ابھی گیٹ سے باہر نکلے ہی تھے کہ دھماکا ہوگیا۔ مرنے والوں کی لاشیں ناقابلِ شناخت تھیں۔ زخمیوں میں بھی وہ مجھے کہیں نظر نہیں آئیں۔"

پتا نہیں وہ کیا کیا کہتا جا رہا تھا مگر ذیشان کچھ نہیں پا رہا تھا اس کے کان سائیں سائیں کر رہے تھے۔ اس کی ٹانگوں نے اس کا وزن سہارنے سے انکار کر دیا۔ اس نے دیوار کا سہارا لینے کی کوشش کی مگر اگلے ہی لمحے وہ بے ہوش ہو کے نیچے گر چکا تھا۔

اس کے خود غرضانہ فیصلے سے جہاں سینکڑوں چراغ گل ہوئے تھے وہاں اس کے پاس بھی کچھ نہیں بچا تھا۔





# فیس بک والی

جناب مدیر اعلیٰ

سلام شوق

میرے دوست سلمان کے ساتھ ایک عجیب و غریب واقعہ پیش آیا ہے، میں نے اسی واقعے کو اپنے انداز میں کہانی کی شکل دی ہے تاکہ سرگزشت کے قاری خاص کر فیس بک پر وقت گزارنے والے کہیں سلمان .... کی طرح زندگی کو داؤ پر نہ لگا لیں۔

اکبر بخاری

(شجاع آباد، ملتان)

سچ تو یہ ہے کہ وہ مقام جنت سے کم خوب صورت نہیں تھا۔ سبزہ ہی سبزہ۔ فلک بوس پہاڑ، ٹھنڈی ٹھنڈی زندگی بخش ہلکی ہلکی چلتی ہوئی بادِ بہاری۔ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے ہم غم و اندوہ، رنج و الم، پریشانیوں اور دکھوں سے عبارت زندگی کی تلخیوں سے نکل آئے ہوں اور اب ایسی زندگی کی شروعات کر رہے ہوں جس میں فقر و فاقہ کی قطعاً کوئی گنجائش نہ ہو۔ ایسی آئیڈیل زندگی کا کوئی تصور تو کرسکتا ہے مگر شاید زندگی میں ایسی زندگی کسی کو میسر کبھی نہیں رہی ہے اور نہ ہی کبھی میسر آسکے۔ میری زندگی میں نتاشا کا شامل ہونا، شاید میری زندگی کا وہ انقلاب تھا جسے میں نے بہت بعد میں محسوس کیا۔ نتاشا ایک بڑے باپ کی بڑے دل والی لڑکی تھی۔ ہماری ملاقات اتفاقیہ ہوئی تھی۔ جب میں اسلام



READING Section

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.Paksociety.com



# امانت

محترم و مکرم معراج رسول
السلام علیکم
ہر انسان کے اندر ایک اور انسان ہوتا ہے خودہی فیصلہ کرنے والا لوگ اسے ضمیر کہتے ہیں۔ ضمیر کی بازیگری کس قدر ہوش اڑانے والی ہوتی ہے یہ میں نے اپنی زندگی میں دیکھا ہے۔ جی ہاں میری اپنی زندگی میں، یہ قصہ میرا اپنا ہے اسی لیے میں نے اپنا اصل نام اور اپنے شوہر کا مخفی رکھا ہے۔ صرف ضمیر کے آگے مجبور ہو کر میں اپنا یہ اہم واقعہ سنا رہی ہوں۔ اگر پسند آجائے تو سرگزشت میں لگا دیں۔
شائستہ
(کراچی)

اس روز میں صبح سے ہی مصروف تھی حالانکہ مجھے کام کرنے کا دورہ کبھی کبھی پڑتا ہے ورنہ گھر کے کام کاج کے لیے میں نے دو ملازمائیں رکھی ہوئی ہیں۔ ان میں ایک کھانا پکاتی اور دوسری گھر کی صفائی، برتن اور کپڑے دھونے پر مامور ہے۔ ہم دو میاں بیوی ہیں، اس لیے کام بھی کچھ زیادہ نہیں۔ ملازمائیں خوش رہتی ہیں کیونکہ میں انہیں کام کے مقابلے میں کافی زیادہ تنخواہ دیتی ہوں۔ کھانا پکانے والی صبح دس بجے آتی ہے اور دونوں وقت کا کھانا بنا کر چلی جاتی



ہے۔ البتہ شام کو روٹیاں میں اپنے ہاتھ سے پکاتی ہوں کیونکہ عاطف کو گرم روٹی کھانے کی عادت ہے۔ اسی طرح صبح کا ناشتا بھی میں ہی بناتی ہوں جو عموماً سلائس اور آملیٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔ عاطف کو میرے ہاتھ کی بنی ہوئی چائے پسند ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ میں ان کے ساتھ بیٹھ کر ناشتا کروں۔ اس طرح انہیں مجھ سے دو چار باتیں کرنے کا موقع مل جاتا ہے ورنہ دن بھر تو وہ اتنے مصروف ہوتے ہیں کہ ان کے پاس میرے لیے بالکل وقت نہیں ہوتا۔ وہ عموماً دیر سے گھر آتے ہیں اور رات کو کھانا کھانے کے بعد پھر لیپ ٹاپ لے کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اس سے تھوڑا وقت مل جائے تو وہ ٹی وی کی نذر ہو جاتا ہے۔ البتہ اتوار کا دن میرے لیے مخصوص ہے۔ اس روز وہ کوئی کام نہیں کرتے اور سارا دن میرے ساتھ گزارتے ہیں۔ اگر کہیں جانے کے لیے کہوں تو انکار نہیں کرتے اور اگر کوئی پروگرام نہ ہو تو ہم رات کا کھانا باہر کھاتے ہیں۔

بات ہو رہی تھی کام کی۔ صبح کے ناشتے اور رات کی چار روٹیاں پکانے کے علاوہ میرے پاس کوئی مصروفیت نہیں۔ اس لیے دن بھر ٹی وی دیکھتی یا رشتے داروں اور سہیلیوں سے فون پر بات کرتی ہوں۔ اسی وجہ سے تھوڑی سی کاہل اور سست بھی ہو گئی ہوں لیکن جب کام کرنے پر آجاؤں تو میری پھرتی دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ گھنٹوں کا کام منٹوں میں نمٹا دیتی ہوں، وہ بھی ایسا ہی ایک خاص دن تھا۔ اس روز میری خالہ زاد بہن شائلہ نواب شاہ سے آرہی تھی۔ اب اسے میرے پاس ہی رہنا تھا۔ دراصل پچھلے دنوں میں اپنے ماموں زاد بھائی کی شادی کے سلسلے میں نواب شاہ گئی تو مجھے خالہ کے حالات کا علم ہوا۔ اس وقت تک ہمیں یہی معلوم تھا کہ وہ ایک خوش حال زندگی بسر کر رہی ہیں۔ خالو ٹھیکے دار تھے اور ان کے گھر میں روپے پیسے کی کوئی کمی نہیں تھی۔ ان کے چار بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں اور سب بچے پڑھ رہے تھے لیکن کچھ دنوں سے خالو کے مالی حالات بگڑنا شروع ہو گئے تھے اور ان کا کام مندا چل رہا تھا۔ کبھی کوئی چھوٹا موٹا ٹھیکا مل جاتا تو چار دن اچھے گزر جاتے ورنہ تنگی ترشی سے گزارہ کرنا پڑتا۔ دراصل خالو کا ہاتھ بہت کھلا ہوا تھا جو کماتے وہ خرچ کر دیتے۔ انہوں نے کبھی کچھ بچانے کی کوشش نہیں کی۔ خالہ گھر کے خرچ میں سے کمیٹی ڈال کر کچھ جوڑ جمع کر لیتیں تاکہ کسی ضرورت کے وقت وہ پیسا کام آجائے۔

یہ سب باتیں مجھے نواب شاہ جا کر معلوم ہوئیں۔ سب سے زیادہ افسوس یہ سن کر ہوا کہ مالی حالات خراب ہونے کی وجہ سے خالو نے شائلہ کی پڑھائی ختم کروا دی تھی اور وہ انٹر کرنے کے بعد گھر بیٹھی ہوئی تھی۔ خالو ویسے بھی کچھ قدامت پسند واقع ہوئے تھے اور ان کا خیال تھا کہ لڑکیوں کے لیے اتنی تعلیم ہی کافی ہے۔ زیادہ پڑھ لکھ کر انہیں کیا کرنا ہے۔ شادی کے بعد تو ہانڈی چولہا ہی کریں گی۔ اس معاملے میں خالہ بھی ان کی ہم خیال تھیں اور کہتی تھیں کہ جو پیسا لڑکیوں کی پڑھائی پر خرچ ہوتا ہے وہ ان کا جہیز بنانے کے کام آئے گا جب کہ شائلہ آگے پڑھنا چاہتی تھی۔ اس نے رو رو کر مجھے بتایا کہ وہ ڈاکٹر بننا چاہتی ہے۔ اس کے انٹر میں بہت اچھے نمبر آئے تھے اور اس کا میڈیکل کالج میں داخلہ ہو سکتا تھا لیکن گھر والے نہیں مانے۔ وہ ڈاکٹر تو نہ بن سکی لیکن اس کے دل میں آگے بڑھنے کی لگن تھی اور وہ چاہتی تھی کہ کم از کم ماسٹرز ہی کر لے۔

یہ سب سننے کے بعد مجھے شائلہ سے ہمدردی محسوس ہونے لگی اور میں نے اس کی مدد کرنے کا فیصلہ کر لیا لیکن بات آگے بڑھانے سے پہلے ضروری تھا کہ میں عاطف کی رضامندی حاصل کروں۔ رات کو میں نے انہیں فون کیا تو مجھے ان کی جانب سے گرین سگنل مل گیا۔ اس کے بعد میں نے خالہ اور خالو کو پیشکش کی کہ اگر وہ مناسب سمجھیں تو شائلہ کو میرے پاس کراچی بھیج دیں۔ میں اسے پڑھاؤں گی اور اس کے تمام اخراجات برداشت کروں گی۔ خالہ تو فوراً تیار ہو گئیں لیکن خالو اس تجویز کے حق میں نہیں تھے۔ انہوں نے وہی پرانی بات دہرائی کہ لڑکیوں کو اتنا پڑھ کر کیا کرنا ہے۔ ان کی قسمت میں تو روٹی ہانڈی اور بچے پالنا ہی لکھا ہے لیکن میں نے انہیں سمجھایا کہ اب زمانہ بدل گیا ہے۔ عورت اگر تعلیم یافتہ ہو تو وہ ملازمت کر کے مرد کا بوجھ بانٹ سکتی ہے۔ بڑی مشکل سے خالو کی سمجھ میں یہ بات آئی تھی اور وہ اس شرط پر تیار ہوئے کہ اگر اس دوران شائلہ کا کوئی رشتہ آگیا تو وہ فوراً اس کی شادی کر دیں گے اور اس کی تعلیم ختم ہونے کا انتظار نہیں کیا جائے گا۔ میں نے یہ شرط منظور کر لی اور طے پایا کہ یونیورسٹی کا نیا سیشن شروع ہونے پر شائلہ میرے پاس کراچی آجائے گی۔

شائلہ کو دوہری خوشی ملی تھی۔ ایک تو یہ کہ اس کا تعلیمی سلسلہ بحال ہو رہا تھا دوسرے یہ کہ وہ کراچی جیسے شہر میں میرے پاس رہے گی۔ جہاں کا ماحول اس کے پینڈو نما گھر



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں :۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مُختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مُکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا

- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی گُتب کی مُکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر مُتعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

سے ایسا نہیں کرسکتی۔ اب وقت آگیا ہے کہ میں آپ کے تمام احسانوں کا بدلہ ایک ہی دفعہ میں اتار دوں۔"

میں نے مصنوعی خفگی سے کہا۔ "یہ تم نے کیا احسان احسان کی رٹ لگا رکھی ہے تمہاری قسمت میں جو لکھا تھا وہ تمہیں مل گیا۔ اب آئندہ ایسی بات نہ کرنا۔"

"نہیں باجی! آپ مجھے مت روکیں۔ جانتی ہوں کہ آپ پچھلے پندرہ سال سے اولاد کے لیے ترس رہی ہیں۔ میں آپ کی اس محرومی کا ازالہ کرنا چاہتی ہوں۔"

"وہ کیسے؟" میں نے چونکتے ہوئے کہا۔

"میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اپنا پہلا بچہ آپ کو دے دوں گی۔ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ وہ آپ کا بچہ ہو گا۔ آپ ہی کو اپنی ماں سمجھے گا اور اسے کبھی معلوم نہیں ہوگا کہ میں اس کی حقیقی ماں ہوں۔"

اس کی یہ بات سن کر میں حیران رہ گئی۔ وہ ہو بہو وہی الفاظ بول رہی تھی جو میں نے دوسری شادی کے لیے شرط عائد کرتے وقت عاطف سے کہے تھے لیکن یہ بات میرے اور عاطف تک محدود تھی۔ شمائلہ سے ایسا کبھی کوئی ذکر نہیں ہوا۔ پھر وہ میرے دل کا حال کیسے جان گئی۔ میں جو چاہ رہی تھی وہ اس نے خود ہی کہہ دیا تاہم میں نے اس کا دل رکھنے کے لیے کہا۔

"میں تم پر یہ ظلم نہیں کرسکتی۔ تم ہی اس کی ماں ہو۔ میں تمہیں اس حق سے محروم نہیں کروں گی۔"

"آپ کو میری یہ بات ماننا ہوگی۔" وہ عجیب سے لہجے میں بولی۔ "ورنہ میں یہ بچہ ضائع کردوں گی۔"

"پاگل ہوگئی ہو جو اول فول بولے جارہی ہو۔" میں نے غصے سے کہا۔ "آئندہ ایسی بات منہ سے مت نکالنا۔ یہ بچہ تمہارے پاس خدا کی امانت ہے اور اس کی حفاظت کرنا تمہارا فرض بنتا ہے۔"

"ٹھیک ہے میں اپنا فرض پورا کروں گی لیکن آپ کو بھی میری بات ماننا ہوگی۔"

"اچھا اچھا دیکھا جائے گا۔" میں نے اسے ٹالنے کے لیے کہا۔ "پہلے وہ وقت تو آئے۔"

زچگی سے تین ماہ قبل میرے کہنے پر اس نے دفتر سے چھٹی لے لی۔ میں اس کے آرام کا پورا خیال رکھ رہی تھی۔ اسے وقت پر دوائیں، پھل اور ڈاکٹر کی تجویز کردہ غذا دی جارہی تھی۔ اس کے علاوہ میں نے اس کے لیے علیحدہ سے ایک خادمہ کا بندوبست کردیا تھا جو چوبیس گھنٹے اس کی دیکھ بھال کررہی تھی۔ شمائلہ کا باقاعدگی سے چیک اپ ہورہا تھا اور ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق سب کچھ نارمل تھا۔

خدا خدا کرکے وہ دن بھی آگیا جب شمائلہ کو ڈلیوری کے لیے اسپتال لے جایا گیا۔ وہ درد سے تڑپ رہی تھی۔ ڈاکٹر نے معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ کسی وقت بھی ڈلیوری متوقع ہے لیکن اس میں تاخیر ہوتی جارہی تھی۔ جب ڈاکٹروں کی کوشش کے باوجود نارمل طریقے سے زچگی نہیں ہوسکی تو آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ اس میں بھی کوئی گھبرانے والی بات نہیں تھی۔ بہت سے بچے آپریشن کے ذریعے پیدا ہوتے ہیں لیکن نہ جانے میرا دل کیوں گھبرا رہا تھا۔ میں آپریشن تھیٹر کے باہر پڑی ہوئی بینچ پر بیٹھی تسبیح کے دانے گن رہی تھی اور عاطف بھی بے چینی سے کوریڈور میں ٹہل رہے تھے۔ کافی دیر بعد آپریشن تھیٹر کا دروازہ کھلا اور ڈاکٹر منہ لٹکائے ہوئے باہر آئی۔ اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر ہی میں نے اندازہ لگالیا کہ کوئی اچھی خبر نہیں ہے۔ میں اور عاطف اس کی طرف لپکے تو وہ آہستہ سے بولی۔ "مبارک ہو مسٹر عاطف آپ ایک بیٹے کے باپ بن گئے ہیں لیکن......!"

"لیکن کیا؟" عاطف بے چین ہوتے ہوئے بولے۔

"آپریشن کے دوران ایک پیچیدگی ہوگئی تھی ہم نے بچے کو تو بچالیا لیکن آپ کی مسز اب اس دنیا میں نہیں رہیں۔"

میرے حلق سے ایک زوردار چیخ نکلی اور میں دیوانہ وار آپریشن تھیٹر کی طرف لپکی لیکن عاطف نے مجھے روک لیا۔ تھوڑی دیر بعد ہم شمائلہ کی لاش لے کر گھر کی جانب روانہ ہوگئے۔ بچے کو اسپتال والوں نے روک لیا تھا۔ اسے کچھ دن انکیوبیٹر میں رکھا جانا تھا۔ شمائلہ کی تجہیز و تکفین ہوگئی اور چار دن بعد اسپتال والوں نے بچہ ہمارے حوالے کردیا۔

میں نے بچے کا نام کاشف رکھا ہے۔ میں جو چاہتی تھی وہ پورا ہوگیا بلکہ شمائلہ نے جو کہا تھا وہ کر دکھایا۔ بڑی خوددار تھی۔ کسی کے احسانوں کا بوجھ لینا اسے گوارہ نہیں تھا یا پھر وہ دلوں کو پڑھنے کا ہنر جانتی تھی اور اسے میری خواہش کا اندازہ ہوگیا تھا۔ اب میں اس بچے کو شمائلہ کی امانت سمجھ کر پال رہی ہوں اور میری کوشش ہے کہ اسے ایک اچھا اور کامیاب انسان بنا سکوں۔



نسرین سے مجھے کوئی خاص لگاؤ نہیں تھا لیکن اس کے باوجود مجھے اس سے منگنی کرنا پڑی۔ نسرین میرے چھوٹے چچا کی بیٹی ہے۔

ڈیڈی اپنے بھائی بہن میں سب سے بڑے ہیں۔ ان کے دو چھوٹے بھائی ہیں ریحان انکل اور فرقان چچا۔ سلمیٰ آنٹی اپنے بھائیوں کی اکلوتی اور سب سے چھوٹی ہونے کے ناتے سارے گھر کی لاڈلی ہیں۔

ڈیڈی، ان کے دونوں بھائی اور بہن گو کہ ایک ہی ماں

# نصیحت

محترمہ عذرا رسول

السلام علیکم

امید قوی ہے کہ بخیریت ہوں گی۔ ارسال کردہ سچ بیانی میری نہیں، میرے ایک عزیز دوست کی ہے جس سے کچھ ہی دنوں پہلے آخری ملاقات ہوئی تھی۔ میں دفتر کے ایک ضروری کام سے امریکا گیا تھا۔ وہیں اس سے ملاقات ہوئی۔ اس نے خود بیتی سنائی تو میں اسے قلم بند کرنے پر مجبور ہوگیا کہ شاید کسی کو یہ بات بھا جائے اور وہ "فیوچر سیکیور" کرنے کا اصل طریقہ یاد کرلے۔

حسن رزاقی

(ایبٹ آباد)





WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.Paksociety.com

دراز ہوگیا۔ جائے کی چسکیوں کے دوران پاکستان کی یادوں نے مجھے گھیر لیا۔ وہاں کے لوگ مجھے یاد آنے لگے۔

سب سے پہلے مجھے اپنے بچپن کی ساتھی بہن بانو یاد آگئی۔ جب میں نے کراچی میں اس کو اپنے گلے سے لگایا تو مجھے ایسا لگا تھا کہ جیسے یہ میرے ہی بدن کا بچھڑا ہوا حصہ تھا جو دوبارہ میرے اندر ضم ہوگیا تھا۔ بانو سے میرا حسین بچپن رقم تھا۔

پھر مجھے نسرین کی یاد نے گھیر لیا۔ وہی نسرین جس سے مجھے کوئی لگاؤ نہیں تھا اور جب میں نے کرسٹینا سے شادی کی ...تو مجھے نسرین کے بچھڑ جانے پر اتنا بھی احساس زیاں نہیں ہوا تھا جتنا ایک پینسل کے گم جانے پر ہوتا ہے۔ مگر اسی نسرین نے مجھے عفو اور درگزر کا وہ عملی سبق دیا تھا جو شاید ایک جید عالم بھی نہ دے پاتا اور یہ سبق اس تربیت کا ثمر تھا جو تربیت نسرین کی ماں نے نسرین کو دی تھی۔ وہی نسرین کی ماں جن کو میں ممی اور سلمٰی آنٹی کے مقابلے میں دقیانوسی اور گنوار گردانتا تھا کہ ان میں یہ صلاحیت نہیں تھی کہ ممی اور سلمٰی آنٹی کی طرح سوسائٹی میں موو کرسکیں۔ مگر آج میں ان کی تربیت کو سلام کررہا تھا۔ ان کی تربیت نے کیسے ہیرے تراشے تھے۔

اور سلمان جس کی سوچ بالکل میری سوچ کی طرح کلیتاً مادی تھی ہم دونوں کو فیوچر سیکیور کرنے کے آگے کچھ نہیں سوجھتا تھا لیکن اسد ہم دونوں سے کس قدر مختلف تھا۔ مجھے اسد سے وحشت سی ہوا کرتی تھی۔ میں اس کی جنگل جیسی بے ہنگم داڑھی اور اونچے پائنچوں سے الرجک تھا مگر آج اگر میں اپنا اور اسد کا موازنہ کروں تو ہم دونوں میں کوئی مقابلہ نہیں تھا۔ جو سکون مجھے اسد کے گھر میں محسوس ہوا وہ میرے گھر میں کہیں نہیں تھا۔ مجھے اپنا دو ایکڑ کی لیک فرنٹ پراپرٹی پر بنا ہوا شاندار گھر اسد کے ناظم آباد کے تین سو گز کے گھر کے مقابلے میں جھونپڑا محسوس ہورہا تھا، میرا گھر دنیا جہاں کے قیمتی نوادرات سے بھرا ہوا تھا لیکن یہ سب بے جان تھے۔ اسد کے گھر میں اپنوں کے وجود کی گرمی تھی۔ اپنوں کی سانسوں کی مہک تھی۔ میرا گھر اس مہک سے خالی تھا۔ میں انہیں سوچوں اور یادوں میں غرق تھا کہ ٹیلی فون کی گھنٹی بجی۔ میں نے ہاتھ بڑھا کر برابر میں رکھی ہوئی میز پر سے ٹیلی فون کا ریسیور اٹھا لیا۔ آواز آئی۔ ”ہیلو ہاؤ آر یو اولڈ مین۔“ یہ میرے بیٹے کی آواز تھی اردو میں اولڈ مین کا ترجمہ شاید بڈھا کھوسٹ کیا جائے گا مگر یہ امریکا کی ایک اور سوغات ہے۔ وہاں کے نوجوان اپنے باپ کو کسی باتوقیر خطاب کے بجائے اولڈ مین کہتے ہیں۔ امریکا میں رہنے والے پاکستانی نوجوان بھی اب ان کی تقلید کرنے لگے ہیں۔

”ٹھیک ہوں بیٹا، تم کب آرہے ہو؟“ میں نے پُرامید ہوکر پوچھا۔ مجھے اپنے بیٹے سے ملے ہوئے دو سال سے اوپر ہوچکے تھے۔ اس کا پچھلے سال میرے پاس آنے کا پروگرام تھا لیکن اس کی اسی زمانے میں شادی ہوئی تھی۔ اس نے میرے پاس آنے کا پروگرام مؤخر کردیا تھا۔ وہ دونوں میاں بیوی ہنی مون منانے ورلڈ ٹور پر چلے گئے تھے۔ اس سال چھٹیوں میں اس کا میرے ساتھ چھٹیاں گزارنے کا پروگرام بالکل پکا تھا۔ تم کب میرے پاس آرہے ہو۔ میں نے پوچھا۔

”اولڈ مین! میں نے آپ کو یہی بتانے کے لیے فون کیا ہے۔“ میرے بیٹے نے جواب دیا۔ میں خوش ہوگیا کہ اب جلد اپنے بیٹے کو دیکھوں گا۔ بیٹے نے اپنا سلسلہ کلام آگے بڑھایا۔ ”دراصل میں نے اور سیمون نے ...... سیمون میری بہو کا نام ہے جس کو میں پہلی بار دیکھوں گا۔ ”سیمون نے اپنے لیے گھر پسند کرلیا ہے۔ بہت اچھا گھر ہے اچھی قیمت پر مل رہا ہے کل ہم اس کی ڈیل پکی کررہے ہیں۔“

”مبارک ہو بیٹا۔“ میں نے خوش ہوکر کہا۔ ”انسان کے سر پر چھت کا ہونا بہت ضروری ہے۔“

”تھینکس اولڈ مین! ہماری تمام جمع پونجی اس گھر کے ڈاؤن پے منٹ میں چلی جائے گی۔ جس کی وجہ سے ہم آپ سے ملنے اس سال نہیں آسکتے۔ اگلے سال ضرور آئیں گے۔“

میری ساری خوشی پر اوس پڑگئی۔ میں اس سے کہنا چاہتا تھا کہ بیٹا باپ کا بھی تمہارے اوپر کوئی حق ہے۔ تم باپ کو کیسے نظر انداز کرسکتے ہو مگر میں ایسا نہیں کہہ سکتا تھا۔ اس لیے کہ قصور اس کا نہیں میرا تھا میں نے اس کو بتایا ہی نہیں تھا کہ انسانوں کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہوتے ہیں۔ نقص اس کی سوچ میں نہیں تھا۔ میری تربیت میں تھا۔ میں نے بھی اپنے بیٹے کو وہی نصیحت کی تھی جو میرے ڈیڈی نے مجھے کی تھی۔ ”اپنا فیوچر سیکیور کرنا اور فیوچر سیکیور کرنے کے لیے سر پر چھت کا ہونا بہت ضروری ہے۔ پہلا موقع ملتے ہی گھر خرید لینا۔“

”کوئی بات نہیں بیٹا۔“ میں نے نحیف آواز میں مایوس ہوکر کہا۔ ”تم مجھ سے ملنے اگلے سال بھی آجانا تمہارے فیوچر کے لیے گھر خریدنا بہت ضروری ہے۔“ ریسیور میرے ہاتھ سے پھسل کر زمین پر جا گرا۔ مجھے اسد یاد آگیا جس کا بیٹا اپنے بیوی بچوں سمیت اس کے ساتھ رہتا تھا۔ ہر وقت اس کی نظروں کے سامنے ہوتا تھا۔



# ہمتِ مرداں

مدیر سرگزشت
سلام مسنون
عرصہ بعد ایک اور سرگزشت کے ساتھ حاضر ہوں۔ اس کا ایک کردار میں خود ہوں اور دوسرا کردار وسیم حیدر ہے جس نے مجھے مجبور کردیا ہے کہ میں اس کے جہد مسلسل کو قرطاس پر منتقل کروں تاکہ دوسرے بھی سبق حاصل کریں۔

وحید ریاست بھٹی
(کھلر بیراں)

یہ واقعہ جون 2006ء کا ہے۔ اس دن صبح طلوع ہوتے ہی سورج نے کرنوں کی بجائے آگ برسانا شروع کر دیا تھا۔ نہانے کے باوجود بھی پسینا بہہ رہا تھا۔ گرمی نے نہ صرف جسم بلکہ روح تک کو مضمحل کردیا تھا، آفس چونکہ میری رہائش سے فقط پندرہ منٹ کی دوری پہ تھا مگر یہ تھوڑی سی دوری بھی آج جاں لیوا ثابت ہورہی تھی فٹ پاتھ پہ چلنا پل صراط پر سے گزرنے کے مترادف تھا۔ بس ایک بات قلب و ذہن کی دنیا میں سمائی ہوئی تھی کہ جلد از جلد منزلِ مقصود





READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

خاصا بدل گیا تھا۔ اس نے مجھے پہچانا اور باقی کی کہانی سنائی۔ ”میرا پورا نام وسیم حیدر ہے اور میری پیدائش 1986ء کو ضلع بہاولپور کی تحصیل یزمان میں ہوئی۔ میں اپنے والدین کی دوسری اولاد تھا۔ مجھ سے بڑا میرا ایک بھائی ہے جبکہ دو بھائی مجھ سے چھوٹے ہیں، میرے والد صاحب ٹریکٹر کے ماہر ترین کاریگروں میں شمار ہوتے ہیں اور اس میدان میں انہوں نے اللہ پاک کے فضل و کرم سے بہت روپیا کمایا۔ وہ بتاتے ہیں کہ جب میری عمر صرف دو سال تھی تو والد صاحب پوری فیملی کو لے کر حج کے لیے گئے پھر مجھے اسکول داخل کرایا گیا۔ میں نے میٹرک 2002ء میں فرسٹ ڈویژن میں اسٹڈیز اسپیل انگلش سسٹم اسکول یزمان سے پاس کیا، پھر 2004ء میں گورنمنٹ کالج یزمان سے ایف، ایس، سی، سیکنڈ ڈویژن میں پاس کی۔ ایف، ایس، سی کرنے کے بعد 2006ء میں، میں نے Third Party Contract پر ایم، سی، بی میں بطور پرسنل بینک کنسلٹنٹ کے جاب کا آغاز کیا اور اسی دوران میں آپ سے لیاقت روڈ برانچ میں ملاقات ہوگئی۔ وحید بھائی جب آپ چند گھریلو معاملات کے سبب 2008ء کو راولپنڈی سے ٹرانسفر ہو کر اپنے آبائی علاقے کلر سیداں چلے گئے تو پھر اس کے بعد میں نے آپ کے بتائے ہوئے اصول کے مطابق زیادہ سے زیادہ محنت شروع کر دی۔ میں جہاں دن میں بیس پچیس دکانوں پہ مارکیٹنگ کے لیے جاتا تھا، اپنی کنوینس ہونے کے ناتے پینتالیس پچاس دکانوں پر جانے کے قابل ہوگیا۔ ظاہر ہے اس سے میری آمدنی میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ میرے کافی سارے لوگوں کے ساتھ بڑے اچھے تعلقات استوار ہوگئے۔

اسی دوران 2008ء میں والز آئس کریم کے سیلز منیجر صاحب کے پاس جانا ہوا، وہ بہت نفیس انسان تھے انہوں نے نہ صرف کریڈٹ کارڈ کے لیے اپلی کیشن فارم سائن کر کے دیا بلکہ مجھے walls میں جاب کے لیے بھی آفر کر دی، سیلری پیکج، بینک کی نسبت دوگنا تھی۔ میں نے ہاں کر دی اور یوں بینک کو 2008ء میں الوداع کہہ کر walls میں بطور راوٹ سیلز آفیسر راولپنڈی میں ہی اپائنٹ ہوگیا، اسی دوران 2008ء میں، میں نے بحیثیت پرائیویٹ طالب علم ”اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور“ سے، بی، اے، کا امتحان بھی پاس کرلیا، اس کے بعد میں نے 2009ء کو اینگرو فوڈز میں بطور راوٹ سیلز آفیسر کام شروع کر دیا۔ چند ماہ بعد میری ترقی بھی ہوگئی اور میری تنخواہ میں بھی خاطر خواہ اضافہ کر دیا گیا اور اب میں اینگرو فوڈز میں بطور ٹیریٹری سیلز منیجر خدمات سر انجام دینے لگا۔ اینگرو فوڈز میں 2011ء تک جاب کرتا رہا۔ 2012ء کو میں نے ”شنگریلا پرائیویٹ لمیٹڈ“ میں بطور ایریا سیلز منیجر جولائی 2013ء تک کام کیا، اس کے بعد اگست 2013ء میں Lotte Kolson Pakistan Ltd میں بطور ایریا سیلز منیجر بہاولپور جاب کا سلسلہ شروع ہوا اور ہنوز جاری و ساری ہے، الحمدللہ اب میری ماہانہ آمدنی ستر ہزار روپے سے بھی زیادہ ہے، اور سب سے بڑھ کر کمپنی نے Cultus گاڑی اور ساتھ میں فری سیل سروس دی ہوئی ہے اور میرے ماتحت جنوبی پنجاب کے اکتیس شہر آتے ہیں، اسی سال 2015ء میں عمرہ کا ٹکٹ بھی جیت چکا ہوں اور عنقریب اللہ پاک اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس بارگاہ میں حاضر ہونے جا رہا ہوں، جتنا بھی اس مالک الملک کا شکر ادا کروں کم ہے، اس کریم پروردگار نے میری اوقات سے بڑھ کر مجھ عاجز و مسکین کو نوازا ہوا ہے، اور ہاں سال 2012ء کو میں رشتۂ ازدواج میں بھی بندھ چکا ہوں اور پاک پروردگار نے نہایت فرمانبردار بیوی سے نوازا ہوا ہے اور کرم بالائے کرم کہ اللہ پاک نے اپنی ہمیشہ سے وسعت پذیر رحمت کے سبب ایک چاند سی بیٹی بھی عطا کر رکھی ہے۔ اب میں نے سوچا ہے کہ پڑھائی کے سلسلے کو از سر نو جاری رکھوں، اسی سبب سے میں نے ”ورچول یونیورسٹی آف پاکستان بہاولپور“ میں، ایم، بی، اے، میں داخلہ لے لیا ہے، دعا فرمائیں اللہ پاک اس امتحان میں بھی کامیاب و کامران ٹھہرائے، آمین، ثم آمین“

میں یہ سوچنے پہ مجبور ہوگیا کہ انسان صرف قسمت کے سہارے ہی منزلیں سر نہیں کرتا بلکہ عزم و حوصلہ بھی ہمیشہ جوان رکھنے کی اشد ضرورت پیش آتی ہے۔ آدمی تھوڑی سی محنت اور ہمت، جذبۂ خلوص کے تحت کرے تو کوئی مشکل نہیں کہ منزل خود ہی چل کر قدموں میں آجائے، بقول مدھو کر بہاری۔

انہیں منزل نہیں ملتی، جو قسمت کے سہارے ہیں!
ہے ان کی زندگی بھی موت، جو ہمت کو ہارے ہیں





# جزائے خیر

جناب معراج رسول
السلام علیکم
یہ سرگزشت مجھے پرسوں اس کہانی کے مرکزی کردار نے سنائی ہے۔ اسے میں اپنے انداز میں احاطہ تحریر میں لایا ہوں۔ اُمید قوی ہے کہ آپ کو یہ داستان بھی پسند آئے گی۔

ناظم بخاری
(لودھراں)

غربت اور ایمانداری، یہ دو چیزیں بیک وقت کسی انسان کے پاس ہوں تو کبھی کبھار زندگی اسے آزمائش میں بھی مبتلا کرسکتی ہے اور جس سے نکل آنا آسان نہیں ہوتا۔ مجھے بھی زندگی میں ایسی ہی ایک آزمائش کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ان دنوں میں پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا۔ بچیاں جوان ہوئی گھر بیٹھی تھیں۔ بچہ بیمار تھا، میری نوکری چھوٹ چکی تھی اور باوجود کوشش کے میں کہیں کام تلاش نہیں کرسکا تھا۔ گھر میں ماں، باپ، بہن، بھائی یا کسی اور قسم کی ذمہ داری نہیں تھی۔ بس ایک



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY RSPK.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY RSPK.PAKSOCIETY.COM

www.Paksociety.com

# انجام

جناب مدیراعلیٰ
سلام تہنیت
میں نے ایک غلطی پہلے کی اور دوسری غلطی اس سے بھی بھیانک لیکن دونوں غلطیوں میں واضح فرق ہے اسی لیے میں نے نام اور مقام بدل دیا ہے۔ اُمید ہے آپ اس پر میرا وہی نام ڈالیں گے جو کہانی پر لکھا ہے۔
شبانہ
(فیصل آباد)

وحید میرے پاس آیا مگر آج میں نے اس کی قربت میں ذرا بھی سنسنی یا جذبات محسوس نہیں کیے۔ بس یوں لگا جیسے میں معمول کا کوئی کام کر رہی ہوں۔ کھانا کھا رہی ہوں یا گھر کی صفائی اور دیکھ بھال کر رہی ہوں۔ وحید اللہ میرا شوہر ہے اور ہماری شادی کو یہ تیسرا مہینا ہے۔ بیوی کے جذبات اتنی جلدی سرد نہیں ہوتے ہیں اور وہاں تو بالکل سرد نہیں ہوتے جب شادی گھر سے بھاگ کر کی ہو۔ میں نے وحید سے محبت کی اور گھر سے بھاگ کر شادی کی تھی۔ یہ میری پہلی نہیں دوسری شادی ہے۔ میری پہلی شادی عنایت سے چار سال پہلے ہوئی تھی۔ میں تین سال اس کی بیوی رہی اور مشکل میں رہی۔ عنایت تو اچھا شوہر تھا مجھ سے محبت کرتا تھا اور خیال بھی رکھتا تھا۔ مگر اس کے گھر والے پہلے دن سے ہی میرے دشمن بن گئے تھے۔ اس کی وجہ مجھے کچھ عرصے بعد پتا چلی کہ عنایت نے مجھے پسند کر کے شادی کی تھی۔ ان دنوں میں کالج کے سیکنڈ ائر میں تھی جب عنایت نے مجھے کالج سے آتے جاتے دیکھا اور دل ہار بیٹھا۔

مگر ہوا یہ کہ ادھر اس نے مجھے دیکھا اور ادھر میں پیپر ز دے کر گھر بیٹھ گئی۔ کیونکہ کالج ابھی گریجویشن تک نہیں پہنچا تھا اور ہمارے علاقے میں یہی واحد کالج تھا اور ٹیچرز نہ ہونے کی وجہ سے یہاں بی اے کی کلاسز شروع نہیں ہو سکی تھیں۔ مجھے مجبوراً گھر بیٹھنا پڑا۔ حالانکہ میں گھر بیٹھنے کے لیے بالکل تیار نہیں تھی۔ ایک کالج ہی تو تھا جہاں میں ذرا کھلی ہوا میں سانس لیتی تھی۔ میرے گھر کا ماحول میرے باپ اور بھائیوں نے قید خانے کا سا رکھا ہوا تھا جہاں ہم بہنوں کو کھل کر بولنے اور ہنسنے کی اجازت بھی نہیں تھی کہ ہماری آواز باہر جاتی اور پڑوسی سن سکتے تھے۔ ہم بے پردہ ہو کر باہر نہیں جا سکتے تھے۔ اسکول اور کالج کے علاوہ کہیں جانے کی اجازت نہیں تھی۔ میں آج بھی حیران ہوتی ہوں کہ ہمیں اسکول اور پھر کالج میں پڑھنے کی اجازت کیسے مل گئی۔

شاید اس لیے کہ ہمارے چاچے کی بیٹیاں بھی اسکول اور کالج میں پڑھتی تھیں اور ابا کی چاچے سے سخت لگتی تھی اس لیے اس نے ہمیں بھی پڑھایا مگر اس سے ہٹ کر ہم تین بہنوں کو کوئی رعایت نہیں ملی۔ ہمارا قصبہ نما گاؤں وسطی پنجاب کے ایک دور دراز علاقے میں ہے۔ قصبہ یوں ہے کہ اس پورے علاقے میں یہی منڈی ہے۔ یہاں اجناس منڈی ہے اور اس کے ساتھ ضرورت کی ساری چیزیں بھی یہاں ملتی ہیں۔ آبادی بھی زیادہ ہے مگر ماحول روایتی اور دیہاتی ہے۔ اسکول اور کالج پاس ہی تھے مگر پہلے ہم بھائیوں کی نگرانی میں آتے جاتے تھے۔ پھر وہ ابا کے ساتھ کاروبار میں لگ گئے تو ہم تانگے میں آنے جانے لگے۔ میرا نمبر بہنوں میں دوسرا ہے۔ مجھ سے بڑی ممتاز ہے اور مجھ سے چھوٹی سلطانہ ہے۔ میرا نام شبانہ ہے۔ ابا جو حاجی صاحب کے نام سے معروف ہے اس کا نام عبدالکریم ہے اور وہ منڈی میں آڑھتی تھا۔ میرے دونوں بڑے بھائی کم عمری سے ابا کے ساتھ کاروبار میں لگ گئے تھے۔ اس لیے وہ سات آٹھ جماعتوں سے آگے نہ پڑھ سکے۔

مجھ سے بڑی ممتاز ابھی بارھویں میں تھی کہ اس کا بیاہ ہو گیا اور اس نے بارھویں کے پرچے شادی کے بعد دیئے تھے۔ اس وقت وہ اُمید سے بھی ہو گئی تھی۔ طبیعت خرابی میں اس نے جیسے تیسے پرچے دیئے اور فیل ہونے کے بعد دوبارہ پرچے دینے سے انکار کر دیا۔ ویسے بھی اسے پڑھائی سے دل چسپی نہیں تھی وہ بھی گھر کے ماحول سے دور رہنے کی خاطر کالج آتی جاتی تھی۔ مجھے کسی قدر شوق تھا مگر اصل وجہ وہی تھی جو میں بیان کر چکی ہوں۔ البتہ سلطانہ کو سچ پڑھنے کا شوق تھا اور اس نے ابا سے پہلے ہی بات کر لی تھی کہ وہ انٹر کے بعد اوپن یونیورسٹی سے بی ایڈ کرے گی۔ ابا نے اسے اجازت دے دی۔ وہ ابھی میٹرک میں تھی۔ میں پرچے دے کر گھر آ کر بیٹھی تھی کہ عنایت کی ماں اور بہن رشتہ لے کر آ گئیں۔ اتفاق سے وہ جان پہچان والے تھے اس لیے ابا یا بھائیوں کو شک بھی نہیں ہوا کہ رشتہ عنایت کی پسند سے آیا ہے۔

اگر انہیں بھنک بھی پڑ جاتی تو رشتہ تو ایک طرف رہا امکان یہی تھا کہ میرا جنازہ اٹھ جاتا ورنہ ہڈی پسلی ایک ہونا تو لازمی تھی۔ اس بارے میں میرے ابا اور بھائی ایسے ہی خیالات رکھتے تھے۔ عنایت دودھ کا کاروبار کرتا تھا۔ مگر وہ دودھی نہیں تھا، ذات کا ہماری طرح آرائیں تھا۔ وہ دودھ جمع کر کے اسے پیک کرنے والی کمپنیوں کو بیچتا تھا۔ اچھا کاروبار تھا اور صورت شکل کا بھی ٹھیک تھا۔ پھر کھاتا پیتا گھرانا تھا۔ البتہ عنایت کی ماں اور بہن کے بارے میں مشہور تھا کہ انہوں نے اپنے بڑے بیٹے ولایت کی بیوی کا جینا حرام کیا ہوا تھا۔ سال کے چھ مہینے وہ میکے بیٹھی رہتی تھی۔ کہنے والے فساد کی جڑ، ہونے والی نند زینت کو قرار دیتے تھے جو شادی کے دو مہینے بعد طلاق لے کر گھر آ بیٹھی تھی اور اب اس کا مشن اپنی بھابی کو طلاق دلوانا تھا۔ مگر میرے گھر والوں نے ان باتوں پر توجہ نہیں دی اور میرا رشتہ عنایت سے کر دیا۔ چار مہینے بعد میری شادی ہوئی تو میں مشکل سے انیس برس کی تھی۔ دنیا کا اتنا پتا نہیں تھا مگر ذہین اور زبان کی تیز تھی مگر میرا اصل اثاثہ میری خوب صورتی تھی۔ عنایت پہلی رات ہی مجھ پر لٹو ہو گیا۔ میں نے موقع سے فائدہ اٹھا کر کہا۔ ''دیکھ عنایت میں نے سنا ہے تیری ماں اور بہن مزاج کی بہت تیز ہیں مگر میں بتا دوں میں بھی کم نہیں ہوں۔ اگر تو چاہتا ہے کہ گھر میں جھگڑا نہ ہو تو ان کو قابو میں کرنا تیرا کام



Downloaded From Paksociety.com



READING Section
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## ہم خاص کیوں ہیں :۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا

- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

طبیعت ہلکی ہوگئی، والدہ بھی بہت خوش تھیں پھر آپ کی دعا نے دل کا بوجھ ہلکا کردیا یوں لگا کہ جیسے تمام مسائل ہی حل ہوگئے ہیں آئندہ سے ہم تمام لوگ باقاعدگی سے حاضری دیں گے، اس دن تو رش بھی بہت تھا دوسرے آپ جیسی شخصیت کے سامنے اپنے مسئلے کے متعلق زبان کھولنے کی جرأت نہیں ہورہی تھی، اس لئے خط کا سہارا لے رہا ہوں، مجھے ایک خاتون سے محبت ہوگئی ہے لیکن میری والدہ نہیں مانتی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی پہلی شادی کسی وجہ سے ختم ہوگئی تھی، شادی کے 4 ماہ کے بعد ہی طلاق ہوگئی تھی، کوئی بچہ نہیں میری والدہ کو لڑکی بہت پسند تھی مگر جب یہ معلوم ہوا تو انہوں نے صاف انکار کردیا، جبکہ میرا موقف یہ ہے کہ یہ حادثہ تو کسی کے ساتھ بھی ہوسکتا تھا وہ میری بہن بھی ہوسکتی ہے تو کیا اس کا مطلب ہے کہ سزا ہمیشہ لڑکی کو ہی ملتی رہے؟ میں ان ہی سے شادی کرنا چاہتا ہوں، آپ مہربانی فرما کر کوئی روحانی حل تجویز فرمادیں کہ والدہ بھی خوشی راضی ہوجائیں۔ محمد اسحاق۔ شیخوپورہ

☆ میاں! اچھے ارادے والے ضرور کامیاب ہوتے ہیں ہر نماز کے بعد 101 مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھ کر دعا کیا کریں۔ لوح تسخیر خاص ارسال ہے، محفل درود شریف میں ہر فرد کو خوش آمدید کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ اپنے محبوب حضرت محمد ﷺ کے طفیل ہم سب کی مرادوں کو پورا فرمائے۔ (آمین)

**زکوٰۃ۔ ڈنڈی نا ماریں**

O میں یہاں 8 سالوں سے رہتا ہوں ایک چھوٹا سا ریسٹورنٹ ہے پہلے بہت اچھا چلتا تھا مگر نجانے کیا ہوا کہ گاہک راستہ ہی بھول گئے ہیں پہلے رات 9 بجے تک تمام فوڈ اسٹف ختم ہوجاتا تھا، مگر اب 12 بج جاتے ہیں اکا دکا گاہک ہی آتے ہیں، بہت نقصان ہورہا ہے جی چاہتا ہے کہ بند کردوں مگر پھر سوچتا ہوں کہ کیا کروں گا، پاکستان میں بھی کچھ نہیں ہے بیوی بچے بھی ساتھ ہیں خرچہ بہت ہے کوئی روحانی حل بتائیں تاکہ اس مشکل سے خلاصی مل جائے۔ عارف حسین۔ العین۔ یو اے ای

☆ عزیزم! مشکلات سے گھبراتے نہیں نظر اور حسد کا یہ دور عارضی ہے ہر نماز کے بعد 161 مرتبہ "یاوہاب یافتاح" پڑھ کر دعا کیا کریں۔ زکوٰۃ میں ہرگز ڈنڈی نا ماریں۔ آپ کے لئے لوح اور نقوش ارسال کئے جارہے ہیں۔

**روزے رکھوانا**

O والدہ بہت ضعیف ہیں شوگر اور ہارٹ کی مریضہ ہیں اب وہ روزے نہیں رکھ پاتیں ہیں تو ہم چاہتے ہیں کہ رمضان المبارک میں کوئی عبادت گزار مرد و خاتون کو روزے رکھوادیں، آپ اس سلسلے میں ہماری راہنمائی کیجئے۔ فردوس عطا۔ پشاور

☆ آپ ادارے کے نمبر 042-35168036 پر رابطہ کریں۔


## محفل درود شریف ﷺ

ہر اتوار دوپہر 2 بجے تا 4 بجے منعقد ہوتی ہے

الحمدللہ آستانہ قادریہ تاجیہ ہاشمیہ پر محفل درود شریف باقاعدگی سے گذشتہ کئی برسوں سے ہورہی ہے۔ جس میں سرکار دو جہاں سرور انبیاء حضور اکرم نور مجسم محمد مصطفیٰ ﷺ کے حضور درود شریف کا نذرانہ پیش کیا جاتا ہے اور اختتام پر زندگی میں پیش آنے والے جملہ مسائل کے لئے اجتماعی دعا کی جاتی ہے خواتین کے لئے علیحدہ انتظام ہوتا ہے تمام عاشق رسول ﷺ خواتین و حضرات کو شرکت کی تاکید ہے۔

## تصانیف پیر شاہ محمد قادری

اسماء الحسنٰی کامیابی کا راستہ، عملیات اسماء الحسنٰی، خواب اور تعبیر، بچوں کے خوبصورت نام، عملیات سے تصوف تک، ہاتھوں میں تقدیر، سید نا غوث الاعظمؒ، جادو اور جنات، ہر اچھے بک اسٹال پر دستیاب ہیں۔

## ختم گیارہویں شریف

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آستانہ قادریہ تاجیہ ہاشمیہ میں ہر مہینے کی پہلی اتوار کو صبح 10 بجے تا 2 بجے ختم گیارہویں شریف محفل نعت کے ساتھ منعقد ہوتی ہے۔ محفل کے اختتام پر پیر شاہ محمد قادری خصوصی طور پر مریدین، عقیدت مندان اور ملک و ملت کی خوشحالی، حفاظت اور سلامتی کے لئے دعا کراتے ہیں۔

نوٹ: وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ خواتین کے لئے باپردہ اہتمام ہوتا ہے۔ شرکاء کے لئے لنگر کا اہتمام ہوتا ہے۔

**ملاقات: صبح 11 تا 7 بجے شام**

آستانہ قادریہ تاجیہ ہاشمیہ پیر شاہ محمد قادری
382-A/2، جوہر ٹاؤن، نزد محمد علی چوک، کالج روڈ۔ لاہور
042-35168036
042-35167842
0302-5555967
0335-2911117





# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش
## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے
## ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہر ای بک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں
- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابن صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں
www.paksociety.com

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
Online Library For Pakistan
Like us on Facebook
fb.com/paksociety
twitter.com/paksociety1

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY